عوام کی آواز پاکستان کی آواز
ABC CERTIFIED باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت
The Daily ZEBA-E-PAKISTAN
روزنامہ زیبائے پاکستان کوئٹہ
رجسٹرڈ نمبر RIO/27/353
ڈپٹی ایڈیٹر: محمد عرفان
ایڈیٹر: اسرار محمد کھیتران
قیمت 15 روپے
جلد نمبر 21 | بروز پیر 21 ستمبر 2026ء/ 8 ربیع الثانی 1448ھ | شمارہ نمبر 173

دہشتگردوں سے بات چیت نہیں ہوگی، رعایتی پالیسی واضح ہے

ڈی جی آئی ایس پی آر

اگر افغان طالبان رجیم دوحہ معاہدے کے تحت کیے گئے وعدوں پر عملدرآمد نہیں کرتی تو پاکستان کو اپنے دفاع کا مکمل حق حاصل ہے سعودی عرب کی سلامتی کے لیے پاکستان کا عزم غیر مشروط ہے

دہشتگردوں کو عوامی حمایت حاصل نہیں، وہ اپنے نظریے کو بندوق کی نوک پر مسلط کرنے کی کوشش کر رہے ہیں دہشتگردی کی سرپرستی بھارت کر رہا ہے اور سوشل میڈیا باہر سے چلایا جا رہا ہے، لیفٹیننٹ جنرل احمد شریف چوہدری

راولپنڈی (جی این ایم) ڈی جی آئی ایس پی آر لیفٹیننٹ جنرل احمد شریف چوہدری نے کہا ہے کہ بھارتی سرپرستی میں افغان سرزمین سے دہشتگردی روکنا طالبان رجیم کی ذمے داری ہے۔ عرب نیوز کو خصوصی انٹرویو دیتے ہوئے ڈی جی آئی ایس پی آر لیفٹیننٹ جنرل احمد شریف چوہدری نے کہا کہ افغان طالبان رجیم سے پاکستان کا ایک ہی ٹھوس مطالبہ ہے کہ وہ افغان سرزمین سے پاکستان کے اندر ہونے والی دہشتگردی کو ر (باقی صفحہ 2 نمبر4)

سول سروس میں اصلاحات کیلئے سمارٹ ریفارمز پیکیج تیار، اہم ترامیم کی تجویز

سول سرونٹس ایکٹ 1973 اور رولز آف بزنس 1973 میں 22 ترامیم، تین نئے قوانین متعارف کرانے کی سفارش

اسلام آباد (جی این ایم) وفاقی سول سروس میں اصلاحات کے لیے وزیراعظم کی قائم کردہ کمیٹی نے سمارٹ ریفارمز پیکیج تیار کرلیا ہے، جس میں سول سرونٹس ایکٹ 1973 اور رولز آف بزنس 1973 میں مجموعی طور پر (باقی صفحہ 2 نمبر3)

ایرانی حملوں سے مشرقِ وسطیٰ میں امریکی اڈوں کو شدید نقصان

ان اڈوں کو ناقابلِ تلافی نقصان پہنچا ہے، دوبارہ تعمیر کرتے ہیں تو یہ کئی دہائیوں پر محیط کام ہوگا، سینئر امریکی عہدیدار

واشنگٹن (جی این ایم) ایرانی حملوں سے مشرقِ وسطیٰ میں قائم امریکی فوجی تنصیبات کو شدید نقصان پہنچا ہے۔ امریکی میڈیا کو حاصل ہونے والی تصاویر اور ویڈیوز کے مطابق مشرقِ وسطیٰ میں امریکی فوجی اڈوں کو ایرانی حملوں (باقی صفحہ 2 نمبر2)

عوام کے مسائل کے حل کے لیے ہمارے دروازے ہمیشہ کھلے ہیں، زرک مندوخیل

عوامی مسائل سے آگاہی اور ان کے حل کے لیے متعلقہ محکموں کے حکام سے رابطہ رکھا جا رہا ہے، رکن اسمبلی

کوئٹہ (جی این ایم) رکن بلوچستان اسمبلی شیخ زرک | خان مندوخیل نے کہا ہے (باقی صفحہ 2 نمبر1)

کوہاٹ دھماکہ 22 گھنٹوں بعد کلیئرنس آپریشن مکمل 8 دہشتگرد ہلاک

شہادتیں 23 ہوگئیں ایلیٹ فورس کمانڈوز، کاؤنٹر ٹیررازم ڈپارٹمنٹ (سی ٹی ڈی) ٹیموں اور سکیورٹی فورسز نے عمارات کے اہم حصوں کو کلیئر کرلیا

خودکش بمبار نے قانون کے رکھوالوں کو نشانہ بنانے کی کوشش کی تاہم وہ اپنے مقصد میں ناکام رہا، آئی جی خود جائے وقوع پر موجود رہے اور جوانوں کا حوصلہ بڑھایا، آئی جی

کوہاٹ (جی این ایم) خیبر پختونخوا کے ضلع کوہاٹ میں اولڈ پولیس لائنز کی مسجد میں نماز جمعہ کے دوران خودکش دھماکے کے بعد کیا جانے والا کلیئرنس آپریشن تقریباً 22 گھنٹوں بعد مکمل کرلیا گیا، اس دوران تمام 8 دہشت گرد مارے گئے جبکہ شہید ہونے والوں کی تعداد 23 (باقی صفحہ 2 نمبر7)



کراچی، پاکستان: وفاقی وزیر برائے بورڈ آف انویسٹمنٹ قیصر احمد شیخ میڈیا کے نمائندوں سے بات چیت کر رہے ہیں

کوئٹہ، تھانوں میں ایف آئی آر درج نہ کرنے پر جے یو آئی کی تشویش

ڈکیتی جیسے سنگین جرم کو معمولی چوری میں بدلنا مجرموں کی حوصلہ افزائی ہے، ترجمان جمعیت علما اسلام ضلع کوئٹہ

کوئٹہ (جی این ایم) جمعیت علما اسلام ضلع کوئٹہ کے ترجمان نے اپنے اخباری بیان میں کوئٹہ کے تھانوں کی کارکردگی پر گہری تشویش اور افسوس کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے (باقی صفحہ 2 نمبر8)

بلوچستان میں امن و استحکام کیلئے فورسز کی قربانیاں قابلِ تحسین ہیں، حنیف عباسی

دہشتگردی کے مکمل خاتمے تک جنگ جاری رہے گی دہشتگردی کے خلاف جنگ میں قوم اپنی بہادر سکیورٹی فورسز کے شانہ بشانہ کھڑی ہے

وفاقی وزیر ریلوے کا آپریشن ردالفتنہ 3 کے تحت بلوچستان میں کامیاب کارروائیوں پر سکیورٹی فورسز کو خراجِ تحسین

اسلام آباد (جی این ایم) وفاقی وزیر ریلوے محمد حنیف عباسی نے آپریشن ردالفتنہ 3 کے تحت بلوچستان میں کامیاب کارروائیوں پر سکیورٹی فورسز کو خراجِ تحسین پیش کرتے ہوئے پنجگور اور چاغی میں کارروائیوں کے دوران 11 دہشتگردوں کو جہنم واصل کرنے پر سکیورٹی (باقی صفحہ 2 نمبر5)

ایران دشمن کے کسی بھی غلط اقدام کا جواب دینے کیلئے تیار ہے، پاسدارانِ انقلاب

ایران نے دشمن عناصر سے ملک کو لاحق خطرات سے نمٹنے کے لیے 3 لاکھ 13 ہزار جان نثار متحرک کردیے

تہران (جی این ایم) ایرانی پاسداران انقلاب کی بری فوج کے کمانڈر محمد کرمی نے کہا ہے کہ ایران دشمن کے کسی بھی غلط اندازے یا غلط اقدام کا طاقت کے ساتھ جواب دینے کے لیے 100 فیصد تیار ہے۔ انہوں نے کہا کہ ایران دشمن کی جانب سے کسی بھی غلطی یا جارحانہ (باقی صفحہ 2 نمبر6)


اسلام آباد، وفاقی وزیر احسن اقبال منعقدہ اجلاس سے خطاب کر رہے ہیں

بلوچستان میں سکیورٹی فورسز کی کارروائیاں، 11 دہشتگرد ہلاک

پنجگور کے علاقے گوارگو میں سکیورٹی فورسز کی کارروائی میں 5 دہشت گرد ہلاک ہوئے جن کے قبضے سے بڑی تعداد میں اسلحہ اور گولہ بارود برآمد ہوا ہے

کوئٹہ/اسلام آباد (جی این ایم) سکیورٹی فورسز نے آپریشن ردالفتنہ 3 کے تحت بلوچستان میں دہشت گردوں کے خلاف کارروائیاں کرتے ہوئے 11 دہشت گردوں کو ہلاک کردیا۔ سکیورٹی ذرائع نے مزید بتایا کہ فورسز نے مطابق پنجگور کے علاقے گوارگو میں سکیورٹی فورسز کی کارروائی میں 5 دہشت گرد ہلاک ہوئے جن کے قبضے سے بڑی تعداد میں اسلحہ اور گولہ بارود برآمد ہوا ہے۔ سکیورٹی ذرائع نے مزید بتایا کہ فورسز نے چاغی کے علاقے امین آباد اور سیاہ چنگ میں بھی دہشت گردوں کے خلاف مؤثر کارروائیاں کرکے 6 دہشت گردوں کو ہلاک کردیا، ہلاک دہشت گردوں کے قبضے سے بڑی تعداد میں اسلحہ اور گولہ بارود بھی برآمد کرلیا گیا۔ سکیورٹی فورسز کے ذرائع کا کہنا ہے کہ دہشت گردوں کے خلاف کارروائیاں بدستور جاری ہیں اور آخری دہشت گرد کے خاتمے تک کارروائیاں جاری رہیں گی۔ دریں اثنا وزیر داخلہ محسن نقوی نے بلوچستان میں 11 دہشت گردوں کی ہلاکت پر سکیورٹی فورسز کو خراج تحسین پیش کیا ہے۔ وزیر داخلہ نے کہا کہ دہشت گردوں کے مذموم عزائم ناکام بنانے والے بہادر سپوتوں پر فخر ہے، سکیورٹی فورسز کی (باقی صفحہ 2 نمبر9)

خطے کی کشیدہ صورتحال کے باعث تمام ممالک متاثر ہو رہے ہیں، بلاول بھٹو زرداری

وزیراعظم شہباز شریف خطے میں کشیدہ صورتحال کے آغاز سے ہی ایسے مختلف اقدامات کر رہے ہیں جن سے اپنے عوام کو مہنگائی سے بچایا جاسکے

عالمی منڈی میں تیل کی قیمتوں میں مسلسل اضافے سے پاکستانی معیشت دباؤ اور عوام کو مہنگائی کی لہر کا سامنا ہے، وزیر مملکت برائے خزانہ

اسلام آباد (جی این ایم) وزیر مملکت خزانہ اور ریلوے بلال اظہر کیانی نے جہلم میں پٹرول پمپس کا دورہ کیا اور وزیراعظم شہباز شریف کی عوام کو سستے پٹرول کی فراہمی کے عمل کا مشاہدہ کیا۔ ضلعی انتظامیہ کے حکام کے ہمراہ وزیر مملکت بلال اظہر کیانی نے شہریوں سے بات (باقی صفحہ 2 نمبر16)


کوئٹہ، تربت کے علاقے تمپ کی رہائشی خدیجہ پیر جان، صفیہ عبدالخالق اور دیگر پریس کانفرنس کر رہے ہیں

ٹرمپ نے بھارت، چین پر 100 فیصد ٹیرف عائد کرنے کے بل پر دستخط کردیے

واشنگٹن (جی این ایم) امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے روس اور ایران سے متعلق پابندیوں کے قانون پر دستخط کردیے ہیں۔ (باقی صفحہ 2 نمبر17)

رااور طالبان کا مبینہ دہشتگرد نیٹ ورک پر اکسی گروہوں کے ذریعے سرگرم، انٹیلی جنس ذرائع

اسلام آباد (جی این ایم) انٹیلی جنس ذرائع کا کہنا ہے کہ رااور طالبان کا مبینہ دہشتگرد نیٹ ورک پر اکسی گروہوں کے ذریعے سرگرم ہے۔ پاکستانی انٹیلی جنس حکام کے مطابق بھارتی خفیہ ایجنسی را کی سرپرستی میں چلنے والا دہشت گردوں کا وہ نیٹ ورک، جو افغان طالبان کی اعلیٰ قیادت کے ساتھ گٹھ جوڑ کرکے کام کر رہا ہے، بلوچستان اور خیبر پختونخوا میں دہشت گردانہ حملوں کی تربیت، پناہ اور (باقی صفحہ 2 نمبر18)

سی میں گیس کی شدید قلت اور کم پریشر، صارفین کو مشکلات کا سامنا

سی (اے این این) سوئی سدرن گیس کمپنی کی جانب سے سی کے گیس صارفین کی مشکلات میں اضافہ کردیا گیا صبح دوپہر شام کو صرف ایک گھنٹے گیس کی سپلائی سمیت گیس پریشر کی کمی سے امور خانہ داری بری طرح متاثر بلوچستان ہائی کورٹ کے فیصلے کے باوجود سی کے صارفین کو گیس کے بلوں میں ریلیف نہ مل سکا سی میں وزیراعلیٰ بلوچستان کی جانب سے سی میں لگائی جانے والی کھلی کچہری میں عوام کی گیس کے حوالے سے شکایات کا ازالہ بھی نہ ہوسکا۔ تفصیلات کے مطابق سوئی سدرن گیس کمپنی سی کی جانب سے سی کے گیس صارفین کی مشکلات میں دن بدن اضافہ ہونے لگا شدید گرمی کے باوجود سی میں سارد فین کو ناشتہ کی تیاری کے لئے صرف ایک گھنٹہ جبکہ دوپہر اور شام کے کھانے کی تیاری کے لئے صرف دو 2 گھنٹے فراہم کرنے کے باوجود گیس پریشر میں بھی واضح کمی کردی گئیں۔

پنجاب پر مسلط لوگ اسٹیبلشمنٹ کے کندھوں پر چڑھ کر آئے ہیں ان کو عوام کی فکر نہیں، جنید اکبر

اس لیے وہ وہ سرکاری وسائل پر عیاشیاں کر رہے ہیں، پی ٹی آئی رکن قومی اسمبلی کی گفتگو

اسلام آباد (جی این ایم) پاکستان تحریک انصاف خیبر پختونخواہ کے صدر اور رکن قومی اسمبلی جنید اکبر خان نے پنجاب حکومت اور ملکی سیاسی صورتحال پر شدید تنقید کرتے ہوئے کہا ہے کہ پنجاب پر مسلط لوگ اسٹیبلشمنٹ کے کندھوں پر چڑھ کر اقتدار میں آئے ہیں، اسی لیے انہیں عوام کی کوئی فکر نہیں ہے اور وہ سرکاری وسائل پر عیاشیاں کر رہے ہیں، اس کے برعکس خیبر پختونخواہ (باقی صفحہ 2 نمبر19)

دبا، دھمکی یا خوف ہماری پرامن اور آئینی جدوجہد کا راستہ نہیں روک سکتے، سہیل آفریدی

قانون کا احترام کرتے ہوئے اپنے جمہوری حق کیلئے آواز بلند کرتے رہیں گے، وزیراعلیٰ خیبر پختونخواہ کا پیغام

اسلام آباد (جی این ایم) پاکستان تحریک انصاف کے رہنما اور صوبہ خیبر پختونخواہ کے وزیراعلیٰ سہیل آفریدی نے وفاقی حکومت کی جانب سے احتجاج روکنے کی دھمکیوں پر شدید ردِعمل دیتے ہوئے کہا ہے کہ 27 ستمبر کا لانگ مارچ ایک پرامن، جمہوری اور آئینی جدوجہد ہے، پاکستان کے ہر شہری کو آئین کے دائرے میں رہتے ہوئے اپنے بنیادی حقوق اور احتجاج کے لیے آواز بلند کرنے کا پورا حق حاصل ہے، پی ٹی آئی اپنے اسی آئینی و جمہوری حق کو استعمال کرتے ہوئے (باقی صفحہ 2 نمبر20)

پیٹرولیم لیوی کے خلاف احتجاج، حکومت کا جماعت اسلامی سے پھر رابطہ

احسن اقبال نے لیاقت بلوچ سے رابطہ کیا اور مذاکرات کی خواہش کا اظہار کیا، ترجمان جماعت اسلامی

لاہور (جی این ایم) جماعت اسلامی پاکستان کا مارچ کی تیاریاں جاری ہیں جبکہ حکومت نے مذاکرات کے لیے ایک بار پھر مطالبہ کردیا۔ پیٹرولیم لیوی کے خلاف احتجاج اور اسلام آباد لانگ

اسلام آباد معاہدے پر واپس آنے کی کوششیں جاری ہیں، ایران

سپریم لیڈر نے اس کی توثیق کی ہے، لہذا اسے نظام کا باضابطہ فیصلہ تصور کیا جاتا ہے

دوسرا فریق اس معاہدے کے تحت اپنی ذمے داریوں کی پاسداری کرے، ترجمان وزارت داخلہ

تہران (جی این ایم) ایرانی وزارت داخلہ کے ترجمان علی زینی وندنے کہا ہے کہ مسائل کے حل اور اسلام آباد معاہدے کی جانب واپسی کے لیے کوششیں اور بین الاقوامی سفارتی ثالثی جاری ہے۔ نیم سرکاری خبر رساں ایجنسی تسنیم کے مطابق پریس بریفنگ کے دوران علی زینی وندنے کہا ہے کہ ایران کا مطالبہ ہے کہ دوسرا فریق اس معاہدے کے تحت اپنی ذمے داریوں کی پاسداری کرے۔ ایرانی عہدیدار نے زور (باقی صفحہ 2 نمبر11)

جدہ میں سعوی اتحاد کا اجلاس، بحیرہ احمر اور باب المندب میں بحری سیکورٹی پر غور

بین الاقوامی آبی گزرگاہوں کا تحفظ اجتماعی ذمہ داری ہے، سعودی کمانڈر عبداللہ بن سالم الشہری

جدہ (جی این ایم) جدہ میں سعودی اتحاد کا چوتھا منصوبہ بندی اجلاس ہوا، جس میں خلیج عدن، آبنائے باب المندب اور بحیرہ احمر سمیت اہم عالمی آبی گزرگاہوں میں بحری آمدورفت یقینی بنانے کے اقدامات کا جائزہ لیا گیا۔ اجلاس میں دوست ممالک کے 154 بحری (باقی صفحہ 2 نمبر10)

افغانستان کی کوہاٹ خودکش بم دھماکے کی مذمت، ہمدردی کا اظہار

کابل مقدس مقامات پر حملوں کو ناقابل جواز اور قابل مذمت اقدام قرار دیتا ہے، ترجمان وزارت خارجہ

کابل (جی این ایم) افغانستان نے کوہاٹ میں پولیس عمارت سے ملحقہ مسجد میں نماز جمعہ کے دوران خودکش حملے کی مذمت کی ہے اس حوالے سے افغان وزارت خارجہ کے ترجمان عبدالقہار بلخی کا کہنا ہے کہ افغانستان مقدس مقامات پر حملوں کو ناقابل جواز اور قابل مذمت اقدام (باقی صفحہ 2 نمبر13)


گوادر: رکن صوبائی اسمبلی مولانا ہدایت الرحمٰن بلوچ آؤٹ آف اسکول چلڈرن پروگرام کے سالانہ رزلٹ ڈے کی تقریب سے خطاب کر رہے ہیں

کوہاٹ، پرانی پولیس لائنز میں سیکیورٹی فورسز کا آپریشن مکمل ہوگیا

آپریشن کے دوران ایڈیشنل آئی جی سی ٹی ڈی قمر جواد بھی زخمی ہوئے

کوہاٹ (جی این ایم) کوہاٹ کی پرانی پولیس لائنز میں سیکیورٹی فورسز نے دہشت گردوں کے خلاف آپریشن مکمل کرلیا۔ پولیس کے مطابق اسپیشل برانچ کی عمارت میں چھپے متعدد دہشت گرد ہلاک کردیے گئے، ہلاک دہشت گردوں کی لاشیں اکٹھی کی جارہی ہیں۔ پولیس کا کہنا ہے کہ علاقے اور اطراف میں مزید کلیئرنس آپریشن جاری ہے، آپریشن کے دوران ایڈیشنل آئی جی سی ٹی ڈی (باقی صفحہ 2 نمبر22)

معطل خواتین اساتذہ فوری بحال کی جائیں، جمعیت کوئٹہ

اساتذہ کی معطلی کی شفاف اور غیر جانب دار تحقیقات کرائی جائیں، مولانا عبدالرحمٰن رفیق

کوئٹہ (اے این این) جمعیت علماء اسلام ضلع کوئٹہ کے امیر شیخ الحدیث مولانا عبدالرحمٰن رفیق، سیکرٹری جنرل حاجی عین اللہ شمس، سینئر نائب امیر مولانا خورشید احمد، سیکرٹری مالیات حاجی صالح محمد، مفتی رضا خان، حاجی ظفر اللہ کاکڑ، میر سرفراز شاہوانی، میر حشمت لہڑی، سیٹھ اجمل بازئی، سالار مولوی علی جان، مولانا سید سعد اللہ آغا اور مولوی نقیب اللہ ملاخیل نے گورنمنٹ سردار عیسیٰ خان گرلز ہائی سکول کی معطل کی گئی خواتین اساتذہ فوری بحال کی جائے ان کی معطلی کی غیر جانب دار، شفاف اور منصفانہ تحقیقات کرائی جائیں۔ انہوں نے کہا کہ اگر مذکورہ اساتذہ نے ادارے کے انتظامی معاملات کی بہتری اور مفاد سے متعلق کسی شکایت یا تحفظات کی نشاندہی کی ہے۔

کوہاٹ پولیس لائنز مسجد دھماکے میں ملوث ایک خودکش بمبار افغان شہری نکلا

پشاور (جی این ایم) کوہاٹ پولیس لائنز کی مسجد میں نماز جمعہ کے دوران ہونے والے دھماکے میں ملوث ایک خودکش بمبار افغان شہری نکلا۔ سکیورٹی ذرائع کے مطابق دھماکے میں ملوث ایک خودکش بمبار کی شناخت مطیع اللہ کے نام سے ہوئی ہے جبکہ کوہاٹ پولیس مسجد بم دھماکے میں ملوث دوسرے دہشتگرد کی شناخت کا عمل جاری ہے۔ یاد رہے کہ گزشتہ روز کوہاٹ پولیس لائنز کی (باقی صفحہ 2 نمبر15)

صحافی نصیر احمد پر حملہ آزادی صحافت پر حملہ ہے، ملزمان کو فوری گرفتار کیا جائے، فرحان بھنگر

حب (یو این اے) یو این اے حب کے نمائندے فرحان بھنگر نے سینئر صحافی اور یو این اے کے بیورو چیف نصیر احمد پر مبینہ تشدد، بدسلوکی اور سنگین نتائج کی دھمکیوں کی شدید ترین الفاظ میں مذمت کرتے ہوئے کہا ہے کہ ایک صحافی پر حملہ دراصل آزادی صحافت اور معاشرے میں قانون کی بالادستی پر حملہ ہے، جسے کسی صورت برداشت نہیں کیا جاسکتا۔

پٹی کمشنر کیچ یاسر اقبال دشتی کی زیر صدارت ڈسٹرکٹ ہیلتھ کمیٹی کیچ کا اہم اجلاس

کوئٹہ (خ ن) ڈپٹی کمشنر کیچ یاسر اقبال دشتی کی زیر صدارت ڈسٹرکٹ ہیلتھ کمیٹی کیچ کا اہم اجلاس منعقد ہوا، جس میں ضلع کے سرکاری ہسپتالوں میں طبی سہولیات کی فراہمی، عملے کی حاضری، ادویات کی دستیابی، ترقیاتی امور، غیر قانونی الاٹمنٹس اور عوام کو درپیش صحت کے مسائل کا تفصیلی جائزہ لیا گیا۔

بلوچستان، میر غلام قادر بگٹی میموریل اسپتال میں پہلی بار 100 بڑی سرجریز مکمل

کوئٹہ (جی این ایم) بلوچستان کے علاقے بیکڑ کے میر غلام قادر بگٹی میموریل اسپتال میں پہلی بار 100 بڑی سرجریز مکمل کر لی گئیں۔ جاری کردہ اعلامیے کے مطابق اسپتال میں ہنگامی اور پیچیدہ نوعیت کے کیسز سمیت 100 بڑی (باقی صفحہ 2 نمبر14)

پیٹرول کے بعد بجلی کا جھٹکا، ملک بھر کے صارفین بجلی مزید مہنگی ہونے کا امکان

سی پی پی اے نے اگست کی ماہانہ فیول ایڈجسٹمنٹ کے تحت فی یونٹ قیمت میں اضافے کی درخواست جمع کرادی

اسلام آباد (جی این ایم) پیٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں مسلسل اضافے کے بعد ملک بھر کے صارفین بجلی مہنگی ہونے کا امکان ہے۔ کراچی سمیت ملک بھر کے بجلی صارفین (باقی صفحہ 2 نمبر12)


اسلام آباد: وفاقی وزیر برائے اکنامک امور احد چیمہ آئی ٹی اسکول اسیسمنٹ اینیشیٹو کے حوالے سے اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

حرمین شریفین تمام مسلمانوں کی بنیادی ریڈ لائن ہیں، عبدالستار

حرمین شریفین کے تحفظ کیلئے مسلم حکمران دوٹوک موقف اپنائیں

کوئٹہ (یو این اے) جمعیت علما اسلام نظریاتی پاکستان کے مرکزی سیکرٹری اطلاعات حاجی سید عبدالستار شاہ چشتی نے واضح کیا ہے کہ حرمین شریفین تمام مسلمانوں کی بنیادی ریڈ لائن ہیں اور مکہ مکرمہ پر کسی بھی قسم کا حملہ دراصل تمام اہل اسلام پر حملہ تصور ہوگا۔ انہوں نے کہا کہ روزِ اول سے عالمِ کفر بالخصوص یہود و ہنود کی یہ مذموم کوشش رہی ہے کہ جس طرح انہوں نے مسلمانوں کے قبلہ اول پر غاصبانہ قبضہ کر رکھا ہے، اسی طرح وہ الحرمین الشریفین کے خلاف بھی مسلسل سازشیں کر رہے ہیں۔


پشاور، قومی وطن پارٹی کے چیئرمین آفتاب احمد خان شیرپاؤ پریس کانفرنس سے خطاب کر رہے ہیں

یکم جنوری 2006 کے بعد سے رجسٹرڈ
موٹر سائیکل، چنگچی اور رکشہ چلانے والے خصوصی ریلیف اسکیم کے لیے اہل ہیں
وزیراعظم کی خصوصی ریلیف اسکیم
موٹر سائیکل، چنگچی اور رکشہ چلانے والوں کے لیے
ایک ٹوکن پر ایک ہفتے میں 500 روپے کی رعایت
800 سی سی تک چھوٹی گاڑیوں کے مالکان کے لیے
ہر دس روز میں 10 لیٹر پر 100 روپے فی لیٹر رعایت
مجموعی طور پر 30 لیٹر پٹرول کی رعایتی قیمت پر فراہمی
REG لکھ کر space دیں
STEP 01 اپنا قومی شناختی کارڈ نمبر 3740515196983 لکھنے کے بعد space دیں
STEP 02 بغیر space نمبر پلیٹ LHR123 ایسے لکھنے کے بعد space دیں
STEP 03 صوبے کے نام کا پہلا حرف جہاں آپ کی گاڑی رجسٹر ہے صوبہ کا نام پنجاب (P) کے بعد space دیں
STEP 04 وہیکل رجسٹریشن کی تاریخ بمعہ، مہینہ اور سال DD/MM/YYYY دن مہینہ اور سال ایسے لکھیں 08102010
چاروں تفصیلات اسپیس کے ساتھ ایک ہی میسج میں لکھ کر 9771 پر مفت ایس ایم ایس کریں
رعایتی پٹرول کے حصول کا طریقہ کار:
STEP 01 رجسٹریشن کے بعد پٹرول ریلیف حاصل کرنے کے لیے پٹرول پمپ جانے سے پہلے TOK لکھ کر 9771 پر بھیج دیں
STEP 02 موصول ہونے والے میسج میں ٹوکن نمبر، گاڑی کا رجسٹریشن نمبر، پٹرول کی مقدار اور ٹوکن استعمال کرنے کی مدت درج ہوگی
STEP 03 ٹوکن پٹرول پمپ پر دکھا کر آپ رعایتی قیمت پر پٹرول حاصل کرسکتے ہیں
صوبے کے نام کا پہلا حرف
اسلام آباد I | پنجاب P | خیبر پختونخوا K | گلگت بلتستان G | بلوچستان B | سندھ S | آزاد جموں و کشمیر A
مزید معلومات کے لیے www.pmfuelrelief.pk وزٹ کریں یا QR اسکین کریں
وزارتِ اطلاعات و نشریات حکومتِ پاکستان
/GovtofPakistan | govtofpakistan | @GovtofPakistan | @govtofpak | www.moib.gov.pk
PID(I)2695-D/26

The Daily ZEBA-E-PAKISTAN
روزنامہ زیبائے پاکستان کوئٹہ
RIO/27/353
ڈپٹی ایڈیٹر: محمد عرفان
ایڈیٹر: اسرار محمد کھیتران
قیمت: 15 روپے

ایڈیٹر اسرار محمد کھیتران و پبلشر شاہ زمان نے سعید پرنٹنگ پریس مشن روڈ کوئٹہ سے چھپوا کر دفتر روزنامہ زیبائے پاکستان کوئٹہ آفس نمبر 208، اورینٹل پلازہ، ایم اے جناح روڈ، کوئٹہ سے شائع کیا۔
موبائل/واٹس ایپ: 03327865820/03136823946

ہاتھیوں کی لڑائی

حامد ولید

قدیم زمانے کا ایک مشہور المیہ ہے کہ "جب ہاتھی لڑتے ہیں تو گھاس پامال ہوتی ہے۔" لیکن اکیسویں صدی کے جغرافیائی اور سیاسی تناظر میں یہ مقولہ محض ایک استعارہ نہیں رہا بلکہ تلخ حقیقت بن کر ابھر چکا ہے۔ آج جب مشرق وسطیٰ کی کشیدہ فضاؤں میں امریکہ اور ایران کے مابین تناؤ کی شدید لہریں اٹھ رہی ہیں، تو درحقیقت یہ محض دو ممالک کے درمیان روایتی نزاع نہیں، بلکہ عالمی طاقتوں کا ایک ایسا پردہ دار اور خونریز تصادم ہے جس کے اثرات نے دنیا بھر کی معیشتوں کو لرزا کر رکھ دیا ہے۔ اس تنازعہ کے مرکز میں جہاں ایک طرف امریکہ اور اس کے اتحادی ہیں، وہاں پس پردہ چین اور روس جیسے گہرے کھلاڑی موجود ہیں جو اس آتش فشاں کی حرارت کو اپنے جغرافیائی اور معاشی مفادات کے لئے استعمال کر رہے ہیں۔ دستیاب اخباری معلومات اور بین الاقوامی ماہرین تجزیہ کا کہنا ہے کہ امریکہ ایران کشیدگی میں روس اور چین کا کردار محض ایک تماشائی جیسا نہیں بلکہ انتہائی باریک بین اور نپے تلے سٹریٹجک منصوبے کا حصہ ہے۔ روس، جس پر خود یوکرین جنگ کے باعث عالمی پابندیوں کا بوجھ ہے، مشرق وسطیٰ میں امریکہ کی شمولیت کو اپنے فائدے میں دیکھتا ہے۔ امریکی افواج اور وسائل کا مشرق وسطیٰ کی دلدل میں الجھنا روس کو یورپی محاذ پر دباؤ کم کرنے کا بہترین موقع فراہم کرتا ہے۔ مزید برآں، روس اور ایران کی ملٹری شراکت داری، بالخصوص ڈرون اور ڈیفنس ٹیکنالوجی کا تبادلہ، اس بات کا ثبوت ہے کہ ماسکو تہران کو امریکہ کے خلاف ایک کارآمد شیلڈ کے طور پر استعمال کر رہا ہے۔ دوسری جانب، چین اس تمام صورتحال میں ایک محتاط لیکن انتہائی ہوشیار معاشی ہاتھی کا کردار ادا کر رہا ہے۔ بیجنگ ایک طرف تو ایران سے رعایتی نرخوں پر خام تیل حاصل کر کے اپنی معاشی ضروریات پوری کر رہا ہے اور دوسری طرف سفارتی سطح پر خود کو امن کے پیامبر کے طور پر پیش کرتا ہے۔ تاہم، چین کی اصل حکمت عملی امریکہ کی توجہ اور وسائل کو بحرالہند اور بحرالکاہل سے ہٹا کر مشرق وسطیٰ میں الجھائے رکھنا ہے۔ اخباری تجزیات سے واضح ہوتا ہے کہ ایران خود کو جتنا مضبوط ظاہر کرتا ہے، اس کے پیچھے دراصل ان ہاتھیوں (روس اور چین) کی بالواسطہ حمایت اور ایماء شامل ہے، جو امریکہ کے عالمی تسلط کو کمزور اور تفریق کا شکار کرنا چاہتے ہیں۔ اس عالمی رسہ کشی اور ہاتھیوں کی لڑائی میں سب سے بڑا نقصان ان کمزور اور نام نہاد "گھاس" نما معیشتوں کو ہو رہا ہے جن کا اس جنگ سے کوئی مستقل تعلق نہیں تھا۔ ترقی پذیر ممالک۔۔۔ بالخصوص ایشیا اور افریقہ کے غریب طبقے۔۔۔ اس وقت تاریخ کی بدترین مہنگائی، توانائی کی قلت اور معاشی عدم استحکام کا شکار ہو چکے ہیں۔ بین الاقوامی مارکیٹ میں خام تیل کی قیمتوں میں ہلاکت خیز اضافہ ہر غریب اور درمیانے طبقے کی جیب پر براہ راست ڈاکہ ڈال رہا ہے۔ خوراک کی نقل و حمل، زراعت، صنعت اور عام زندگی کی تمام بنیادیں ایندھن پر منحصر ہیں۔ جب بھی سپر پاورز کے درمیان تلخی بڑھتی ہے، پیٹرولیم مصنوعات کی قیمتیں آسمان سے باتیں کرنے لگتی ہیں، جس کے نتیجے میں ترقی پذیر ممالک میں افراط زر کا طوفان آ جاتا ہے۔ آج دنیا بھر کے کروڑوں غریبوں کی نیندیں حرام ہو چکی ہیں، کیونکہ ان کیلئے دو وقت کی روٹی پورا کرنا دشوار ترین ہوتا جا رہا ہے۔ ہاتھی اپنی طاقت کے زعم میں ایک دوسرے کو پچھاڑنے کی کوشش کر رہے ہیں، لیکن اس کی قیمت تیسری دنیا کے مظلوم عوام ادا کر رہے ہیں۔ اس جنگی صورتحال میں ایران کا سب سے خطرناک اور متنازعہ قدم "آبنائے ہرمز" کی بندش کو بطور دفاعی و معاشی حربہ استعمال کرنا ہے۔ عالمی تیل کی معیشت کا تقریباً 20 فیصد حصہ اس تنگ بحری گزرگاہ سے گزرتا ہے۔ ایران کا موقف یہ ہے کہ اگر اس کے تیل کی برآمدات پر پابندیاں لگائی جائیں گی یا اس پر حملہ ہوگا، تو وہ کسی بھی دوسرے ملک کو اس راستے سے تیل منتقل نہیں کرنے دے گا۔ اگر ہم اس حکمت عملی کا اسلامی شعائر اور جنگی اخلاقیات کی روشنی میں جائزہ لیں، تو یہ انداز فکر سخت سوالات کو جنم دیتا ہے۔ اسلام نے جنگ کو بھی نظم وضبط اور اخلاق کے دائرے میں رکھا ہے۔ سیرتِ نبوی ﷺ اور خلفائے راشدین کے دور سے یہ اصول واضح ہے کہ جنگ صرف معاند اور بالمقابل فوج کیخلاف ہوسکتی ہے۔ پُرامن اور غیر جانبدار آبادیوں، تاجروں اور عام انسانوں کو مصیبت میں مبتلا کرنا اسلامی جنگی حکمت عملی کا حصہ نہیں ہو سکتا۔ آبنائے ہرمز کی بندش کے پیچھے ایران کا منشا دراصل یہ ہے کہ عالمی سطح پر تیل کی ترسیل روک کر پوری دنیا میں معاشی بحران پیدا کیا جائے، تاکہ دنیا بھر کے عوام اور حکومتیں تلاطم کا شکار ہو کر واویلا مچائیں اور امریکہ پر سیز فائر یا پیچھے ہٹنے کیلئے دباؤ ڈالیں۔ سوال یہ پیدا ہوتا ہے کہ کیا کسی ایک ریاست کو یہ حق حاصل ہے کہ وہ اپنے دفاع یا سیاسی مقاصد کیلئے دنیا کے غیر جانبدار اور پُرامن ممالک کے کروڑوں معصوم انسانوں کو فاقہ کشی اور معاشی تباہی کی طرف دھکیل دے؟ اسلام کا اصول عدل اور عدم ضرر پر مبنی ہے: "لَاضَرَرَ وَلَاضِرَارَ" (نہ خود نقصان اٹھاؤ اور نہ دوسروں کو نقصان پہنچاؤ)۔ آبنائے ہرمز سے گزرنے والا تیل زیادہ تر امریکہ نہیں جاتا، بلکہ وہ ایشیائی اور یورپی ممالک کو جاتا ہے جو اس تنازع کا حصہ ہی نہیں اگر امریکہ کو اس راستے سے براہ راست معاشی و فوجی سپلائی جا رہی ہوتی، تو ایران کی اس معاشی ناکہ بندی کو جنگی منطق کے تحت کسی حد تک جواز فراہم کیا جا سکتا تھا، لیکن ایک ایسی بین الاقوامی آبی گزرگاہ کو بلاک کرنا جس سے غریب اور بے قصور ممالک کی زیست وابستہ ہے، اسلام کے بیان کردہ جنگی آداب سے مطابقت نہیں رکھتا۔ ایران کا ایک اور تشویشناک اقدام اپنی پراکسیز، بالخصوص یمن کے حوثی باغیوں کے ذریعے تنازع کو وسعت دینا ہے۔ سعودی عرب کی تیل کی تنصیبات اور شہری علاقوں پر حوثیوں کے ذریعے کروائے جانے والے ڈرون اور میزائل حملے اس بات کا ثبوت ہیں کہ ایران اس جنگ کو محض اپنے بارڈر تک محدود نہیں رکھنا چاہتا، بلکہ اسے ایک علاقائی اور عالمی بحران بنانا چاہتا ہے، جو غلط ہے۔

قدیم زمانے کا ایک مشہور المیہ ہے کہ "جب ہاتھی لڑتے ہیں تو گھاس پامال ہوتی ہے۔" لیکن اکیسویں صدی کے جغرافیائی اور سیاسی تناظر میں یہ مقولہ محض ایک استعارہ نہیں رہا بلکہ تلخ حقیقت بن کر ابھر چکا ہے۔ آج جب مشرق وسطیٰ کی کشیدہ فضاؤں میں امریکہ اور ایران کے مابین تناؤ کی شدید لہریں اٹھ رہی ہیں، تو درحقیقت یہ محض دو ممالک کے درمیان روایتی نزاع نہیں، بلکہ عالمی طاقتوں کا ایک ایسا پردہ دار اور خونریز تصادم ہے جس کے اثرات نے دنیا بھر کی معیشتوں کو لرزا کر رکھ دیا ہے۔ اس تنازعہ کے مرکز میں جہاں ایک طرف امریکہ اور اس کے اتحادی ہیں، وہاں پس پردہ چین اور روس جیسے گہرے کھلاڑی موجود ہیں جو اس آتش فشاں کی حرارت کو اپنے جغرافیائی اور معاشی مفادات کے لئے استعمال کر رہے ہیں۔ دستیاب اخباری معلومات اور بین الاقوامی ماہرین تجزیہ کا کہنا ہے کہ امریکہ ایران کشیدگی میں روس اور چین کا کردار محض ایک تماشائی جیسا نہیں بلکہ انتہائی باریک بین اور نپے تلے سٹریٹجک منصوبے کا حصہ ہے۔

☆☆☆☆

بینظیر اسکالرشپ

صوبائی وزیر تعلیم راحیلہ حمید خان درانی کی زیرِ صدارت گورنمنٹ گرلز کالج جناح ٹاؤن میں پروقار تقریب کا انعقاد کیا گیا، جس میں محترمہ بینظیر اسکالرشپ پروگرام کے تحت بلوچستان کے 31 اضلاع کے ایف اے اور ایف ایس سی سیشن 2025 کے نمایاں پوزیشن ہولڈرز 186 طلبا و طالبات میں اسکالرشپ چیکس تقسیم کیے گئے۔ تقریب میں محکمہ تعلیم کے حکام، کالج پرنسپلز، طلبا و طالبات اور والدین نے شرکت کی۔ اس موقع پر صوبائی وزیر تعلیم نے کہا کہ ہونہار طلبا و طالبات قوم کا قیمتی سرمایہ ہیں، حکومت ان کی حوصلہ افزائی اور اعلیٰ تعلیم کے حصول میں ہر ممکن معاونت فراہم کرے گی۔

حکومت کے غیر ذمہ دارانہ عمل

آل پاکستان وکلاء ایکشن کمیٹی کے چیئرمین علی احمد کرد اور راحب بلیدی نے ایک بیان میں ایمان مزاری اور ہادی چھٹہ کے رہائی کے فوری طور پر دوبارہ جیل ہی کے گیٹ پر گرفتاری افسوسناک اور انتہائی قابل مذمت ہے اور حکومت کے اس غیر ذمہ دارانہ عمل سے ملک اور دنیا بھر میں بڑی جگ ہنسائی کا باعث بنا ہے اس اقدام سے حکومت کے سے بڑی بے شرمی کا اظہار اس سے ہوتا ہے کہ سپریم کورٹ کے سینئر معزز جج جسٹس نعیم افغان نے عدالت میں بیٹھے ہوئے ایڈیشنل اٹارنی جنرل کی موجودگی میں جب فریقین کے وکلاء سے پوچھا گیا کیا ایمان مزاری کے خلاف کوئی اور چھپی ہوئی ایف آئی آر تو موجود نہیں مگر بڑے افسوس سے کہنا پڑتا ہے کہ ایڈیشنل اٹارنی جنرل نے مکمل خاموشی اختیار کئے رکھا اور اس کے اس عمل پر سپریم کورٹ کے قوائد وضوابط کے مطابق توہین عدالت کی کاروائی کی جاسکتی ہے ویسے بھی حکومت وقت اور اسٹیبلشمنٹ ایک سوچے سمجھے منصوبے کے تحت ڈاکٹر ماہ رنگ بلوچ، ایمان مزاری اور ڈاکٹر یاسمین راشد جیسے عورت ذات سیاسی رہنماؤں کے خلاف اس طرح کے اقدامات قابل مذمت ہے۔

01

کہ عوامی نمائندوں کی اصل ذمہ داری اپنے حلقے کے عوام کے مسائل کو اسمبلی اور متعلقہ اداروں کے سامنے اجاگر کر کے ان کے حل کے لیے عملی کردار ادا کرنا ہے، حلقہ انتخاب کے عوام سمیت ہر طبقے کے مسائل کے حل کے لیے ہمارے دروازے ہمیشہ کھلے ہیں۔ اپنے ایک بیان میں شیخ زرک خان مندوخیل نے کہا کہ عوام کو بنیادی سہولیات کی فراہمی، سڑکوں، بجلی، پانی، صحت، تعلیم اور دیگر ضروری مسائل کے حل کے لیے ہر ممکن کوشش کی جا رہی ہے۔ عوامی مسائل سے آگاہی اور ان کے حل کے لیے متعلقہ محکموں کے حکام سے رابطہ رکھا جا رہا ہے۔ انہوں نے کہا کہ عوامی خدمت کسی ایک طبقے یا علاقے تک محدود نہیں ہونی چاہیے۔ تمام شہری بلاامتیاز بنیادی سہولیات کے حق دار ہیں اور منتخب نمائندوں کو عوام کی آواز بن کر ان کے مسائل متعلقہ فورمز پر اٹھانے چاہئیں۔ شیخ زرک خان مندوخیل نے کہا کہ ان کے حلقے کے عوام نے جس اعتماد کا اظہار کیا ہے، وہ اس اعتماد کو اپنی ذمہ داری سمجھتے ہیں۔ حلقے میں جاری ترقیاتی اور عوامی فلاح کے منصوبوں کی نگرانی کے ساتھ ساتھ نئے مسائل کی نشاندہی کر کے ان کے حل کے لیے بھی اقدامات کیے جا رہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ ہزارہ برادری سمیت حلقے میں آباد تمام برادریوں کے مسائل ان کے لیے اہم ہیں۔ عوام بلا جھجک اپنے مسائل سے آگاہ کریں، ان کے حل کے لیے متعلقہ حکام تک آواز پہنچانا اور ممکنہ اقدامات کرنا ان کی ذمہ داری ہے۔ رکن بلوچستان اسمبلی نے کہا کہ بلوچستان کی ترقی اور عوام کی خوشحالی کے لیے اجتماعی کوششوں کی ضرورت ہے، حکومت، منتخب نمائندوں اور عوام کو مل کر صوبے کو درپیش مسائل کے حل کے لیے کردار ادا کرنا ہوگا۔

02

سے شدید نقصان پہنچا ہے، جبکہ پینٹاگون امریکا کی جانب سے 6 ماہ سے زائد عرصہ قبل شروع کی گئی جنگ کے نقصانات کا جائزہ لے رہا ہے۔ رپورٹ کے مطابق تصاویر میں کویت کے 3 فوجی اڈوں اور سعودی عرب کے 1 ایسے اڈے پر تباہ شدہ عمارتیں اور 1 طیارہ دکھائی دیتے ہیں جہاں امریکی فوجی اثاثے موجود ہیں، ان میں سے بعض اڈوں کو خالی بھی کرا لیا گیا ہے۔ رپورٹ میں کہا گیا ہے کہ ایک تصویر میں دیکھا جا سکتا ہے کہ سعودی عرب کے پرنس سلطان ایئر بیس پر مارچ کے اواخر میں ایک E-3 سینٹری نگرانی کرنے والے طیارے کو نقصان پہنچا، جس کی مالیت 27 کروڑ ڈالرز بتائی جاتی ہے۔ اے بی سی نیوز کے مطابق ایک سینئر امریکی فوجی اہلکار نے نام ظاہر نہ کرنے کی شرط پر کہا کہ ان اڈوں کو ناقابل تلافی نقصان پہنچا ہے اور اگر ہم انہیں دوبارہ تعمیر کرنے کا فیصلہ کرتے ہیں تو یہ کئی دہائیوں پر محیط کام ہوگا۔ اس فوجی اہلکار نے پینٹاگون پر شفافیت کی کمی کا الزام عائد کرتے ہوئے کہا کہ ڈرون حملے اور بیلسٹک میزائل حملے ہر روز براہ راست اڈوں کو نشانہ بنا رہے ہیں۔ پینٹاگون کے انسپکٹر جنرل کی جانب سے پیر کو جاری کی گئی رپورٹ میں بتایا گیا ہے کہ سینکڑوں عمارتوں اور تنصیبات کو نقصان پہنچا ہے۔ نگراں ادارے نے جنگ کی لاگت کا تخمینہ 33 ارب ڈالرز لگایا ہے، جبکہ غیر جانب دار کانگریشنل بجٹ آفس کے مطابق یہ لاگت 38 ارب ڈالرز ہے۔ امریکی محکمہ دفاع کے مطابق 28 فروری کو جنگ شروع ہونے کے بعد سے اب تک 18 امریکی فوجی ہلاک اور 824 زخمی ہو چکے ہیں، سب سے ہلاکت خیز حملہ جنگ کے دوسرے روز ہوا، جب کویت میں 6 امریکی فوجی ہلاک ہوئے۔ امریکی وزیر دفاع پیٹ ہیگسیتھ نے کہا ہے کہ فوجیوں اور فوجی تنصیبات کا تحفظ اولین ترجیح ہے، تاہم انہوں نے اعتراف کیا کہ بعض ایرانی ہتھیار امریکی دفاعی نظام کو عبور کرنے میں کامیاب ہو جاتے ہیں۔

03

22 ترامیم سمیت تین نئے قوانین متعارف کرانے کی سفارش کی گئی ہے۔ وفاقی وزیر احسن اقبال کی سربراہی میں قائم کمیٹی نے سول سروس اصلاحات کے لیے بھارت سمیت 25 ممالک کے سول سروس نظاموں کا جائزہ لینے کے بعد حتمی سفارشات تیار کی ہیں، سفارشات میں وفاقی سول ملازمین کی بھرتی، تربیت، کارکردگی جانچنے، ترقی، تعیناتی اور مراعات کے موجودہ طریقہ کار میں نمایاں تبدیلیاں تجویز کی گئی ہیں۔ اصلاحاتی پیکیج میں سفارش کی گئی ہے کہ افسران کی ترقی، تعیناتی اور مراعات کو محض سنیارٹی کے بجائے کارکردگی اور قابلیت سے مشروط کیا جائے، افسران کی کارکردگی جانچنے کے لیے پالیسی سازی اور عوام کو فراہم کیے جانے والے نتائج کو بنیادی پیمانہ بنانے کی تجویز دی گئی ہے۔ افسران کی تعیناتی کی مدت مقرر کرنے اور مدت مکمل ہونے سے قبل تبادلے کی صورت میں وجوہات ریکارڈ پر لانے کی بھی سفارش کی گئی ہے، گریڈ 21 اور اس سے اوپر وفاقی اور صوبائی سروسز کے درمیان افسران کی منتقلی کی اجازت دینے کی تجویز بھی پیکیج کا حصہ ہے۔ سفارشات کے مطابق سی ایس ایس امتحان برقرار رہے گا جبکہ امیدواروں کے لیے اردو اور انگریزی زبان میں عملی مہارت کی شرط بھی برقرار رکھنے کی تجویز دی گئی ہے۔ امتحانی نظام میں بعض اہم تبدیلیوں کی سفارش کی گئی ہے، جن میں ابتدائی ٹیسٹ میں کامیابی کی حد 33 فیصد سے بڑھا کر 40 فیصد کرنا اور منفی مارکنگ ختم کرنا شامل ہے، امتحان میں امیدواروں کی تجزیاتی صلاحیت جانچنے کے لیے ایک الگ حصہ شامل کرنے کی بھی سفارش کی گئی ہے۔ مضمون، پریسی اینڈ کمپوزیشن، اسلامیات، مطالعہ پاکستان اور کرنٹ افیئرز کے پرچے اردو میں کرانے کی تجویز دی گئی ہے۔ ایک روزہ زبانی امتحان کے بجائے آئی ایس بی طرز پر امیدواروں کی قابلیت اور صلاحیتوں کا جامع جائزہ لینے کی سفارش کی گئی ہے، بھرتی کا مکمل عمل چھ ماہ یا اس سے کم مدت میں مکمل کرنے کی تجویز بھی دی گئی ہے۔ کامیاب امیدوار کو اس کی تعلیمی قابلیت سے متعلق مخصوص آسامی پر تعینات کرنے کی سفارش کی گئی ہے، جبکہ کم از کم گریڈ 19 تک افسران کی تعیناتی متعلقہ وزارتوں کے دائرہ اختیار تک محدود رکھنے کی تجویز ہے۔ سول سروس افسران کے نیشنل سینئر اور ڈکیریئر مینجمنٹ کورسز میں داخلہ مسابقتی امتحان کے ذریعے کرنے کی سفارش کی گئی ہے۔ اصلاحات کے تحت نیشنل یونیورسٹی آف پبلک ایڈمنسٹریشن قائم کرنے کی تجویز بھی دی گئی ہے، سکول آف پبلک پالیسی، انسٹی ٹیوٹس آف مینجمنٹ اور دیگر خصوصی تربیتی اداروں کو ایک مربوط نظام میں ضم کرنے کی سفارش کی گئی ہے۔ بھرتی اور تربیت کے عمل میں علاقائی، لسانی، صنفی اور طبقاتی بنیادوں پر مساوات یقینی بنانے کی بھی سفارش کی گئی ہے۔ مجوزہ اصلاحات کے تحت ہر وزارت اور وزیراعظم کے درمیان سالانہ کارکردگی معاہدہ کرنے اور سال میں دو مرتبہ اس کا جائزہ لینے کی سفارش کی گئی ہے۔ پرفارمنس ایویلیوایشن رپورٹ کو افسران کے نتائج اور قابلیت کی بنیاد پر مرتب کر کے آن لائن کرنے کی تجویز دی گئی ہے۔ ملازمین کے مجموعی اخراجات کا 5 فیصد کارکردگی کی بنیاد پر اعزازی رقوم کے لیے مختص کرنے کی سفارش کی گئی ہے، جبکہ کارکردگی جانچنے کے لیے تین سطحی درجہ بندی کا نظام متعارف کرانے کی تجویز بھی شامل ہے۔ قومی سطح پر کارکردگی کی نگرانی کے لیے سول سروس پرفارمنس ریویو بورڈ قائم کرنے اور سرکاری اداروں کے تھرڈ پارٹی جائزے کے لیے کابینہ ڈویژن میں ایک آزاد پرفارمنس آبزرویٹری قائم کرنے کی سفارش کی گئی ہے۔ سول سروس اصلاحات کے تحت گریڈ 20 اور اس سے اوپر کے افسران کے لیے نیشنل ایگزیکٹو سروس قائم کرنے کی تجویز دی گئی ہے، اس سروس کے لیے خصوصی پیشہ ورانہ پے اسکیل متعارف کرانے کی سفارش کی گئی ہے۔ سول سروس میں 11 نئے پیشہ ورانہ گروپس قائم کرنے کی تجویز بھی سامنے آئی ہے۔ اصلاحات کے تحت اسٹیبلشمنٹ ڈویژن کا نام اور کردار تبدیل کر کے اسے ہیومن ریسورس آرگنائزیشن ڈویلپمنٹ ڈویژن بنانے کی سفارش کی گئی ہے۔ سفارشات میں سول ملازمین کی تنخواہوں میں سالانہ بنیادوں پر مہنگائی کے حساب سے اضافہ کرنے کی تجویز دی گئی ہے، حکومت کی ضمانت پر سول ملازمین کو گاڑیوں کے قرضے فراہم کرنے اور وفاقی سیکریٹریٹ میں کارکردگی سے منسلک تنخواہوں کا پائلٹ پروگرام شروع کرنے کی سفارش کی گئی ہے۔ ریٹائرمنٹ کے موقع پر ملازمین کو 50 لاکھ روپے کی یکمشت رقم پر مشتمل پیکیج دینے کی سفارش بھی کی گئی ہے۔ دستاویز میں اصلاحات پر عملدرآمد کے لیے ایک خصوصی کمیٹی قائم کرنے اور وزیراعظم کو ماہانہ بنیادوں پر پیش رفت رپورٹ پیش کرنے کی سفارش کی گئی ہے۔ سول سروس اصلاحات سے متعلق کمیٹی کی سفارشات کی حتمی منظوری وزیراعظم سے لینے کی تجویز دی گئی ہے، اصلاحاتی کمیٹی کے مطابق مجوزہ پیکیج کا مقصد سول سروس میں بھرتی، تربیت، کارکردگی، ترقی، تعیناتی اور مراعات کے نظام کو زیادہ قابلیت، کارکردگی اور نتائج سے منسلک کرنا ہے۔

04

وکے۔ انہوں نے کہا کہ 80 فیصد خودکش بمبار افغان ہیں۔ افغانستان سے پاکستان آنے والی ہر تشکیل میں افغان شہری موجود ہوتے ہیں۔ مزید ترجمان پاک فوج کا کہنا تھا کہ اگر افغان طالبان رجیم دوحہ معاہدے کے تحت کیے گئے وعدوں پر عملدرآمد نہیں کرتی تو پاکستان کو اپنے دفاع کا مکمل حق حاصل ہے۔ بلوچستان کی صورتحال پر ڈی جی آئی ایس پی آر نے کہا کہ دہشتگردوں کو عوامی حمایت حاصل نہیں، وہ اپنے نظریے کو بندوق کی نوک پر مسلط کرنے کی کوشش کر رہے ہیں۔ دہشتگردی کی سرپرستی بھارت کر رہا ہے اور سوشل میڈیا باہر سے چلایا جا رہا ہے۔ لیفٹیننٹ جنرل احمد شریف چوہدری نے کہا کہ ریاست کی پالیسی بالکل واضح ہے کہ دہشتگردوں کے ساتھ کوئی بات چیت نہیں ہوگی۔ سعودی عرب کے حوالے بات کرتے ہوئے ترجمان پاک فوج کا کہنا تھا کہ پاکستان عملی طور پر سعودی عرب کی مدد کے لیے وہاں موجود ہے اور سفارتی لحاظ سے بھی سعودی عرب کے ساتھ کھڑا ہے۔ ڈی جی آئی ایس پی آر کے مطابق پاکستان سعودی قیادت کی ضرورت کے مطابق حرمین شریفین اور سعودی عرب کی حفاظت کے لیے کسی حد تک بھی جانے کے لیے مکمل تیار ہے۔ سعودی عرب کی سلامتی کے لیے پاکستان کا عزم غیر مشروط ہے، جو جذباتی، دیرینہ، تاریخی اور اٹوٹ رشتے سے جڑا ہے۔ انہوں نے کہا کہ اس میں کسی کو شک وشبہ نہیں ہونا چاہیے کہ پاکستان کے عوام سعودی عرب کے شانہ بشانہ کھڑے ہیں۔ پاکستان سعودی عرب کے خلاف ہونے والی کسی بھی جارحیت کا دفاع کرنے کے لیے تیار ہے۔ ترجمان پاک فوج نے کہا کہ پاکستان نے نہ صرف مکہ مشترکہ دفاعی معاہدے بلکہ اسٹریٹجک باہمی دفاعی معاہدے کے تحت بھی جو وعدے اور عزم کیے ہیں، ان کی پاسداری کی جا رہی ہے۔ پاکستان کی سیاسی و عسکری قیادت مسلسل سعودی قیادت کے ساتھ رابطے میں ہے۔ ڈی جی آئی ایس پی آر نے کہا کہ اسلام آباد مفاہمتی یادداشت پاکستان کی مسلسل، انتھک اور انتہائی پرخلوص سفارتکاری کے بعد طے پائی۔ پاکستان کی جانب سے سعودی عرب کے ساتھ تعاون اور رابطے کا سلسلہ برقرار ہے۔

05

فورسز کی پیشہ ورانہ صلاحیتوں کو سراہا۔ وزارت ریلوے کی جانب سے جاری بیان میں وفاقی وزیر نے کہا کہ سکیورٹی فورسز کی بہادری، پیشہ ورانہ صلاحیت اور عزم پر پوری قوم سلام پیش کرتی ہے۔ انہوں نے کہا کہ دہشتگردی کے خلاف جنگ میں قوم اپنی بہادر سکیورٹی فورسز کے شانہ بشانہ کھڑی ہے، دہشتگردی کے مکمل خاتمے تک جنگ جاری رہے گی۔ وفاقی وزیر ریلوے محمد حنیف عباسی نے کہا کہ ملک دشمن عناصر کے خلاف سکیورٹی فورسز کا عزم اور حوصلہ پوری قوم کے لیے باعثِ فخر ہے۔ انہوں نے کہا کہ بلوچستان میں امن و استحکام کے لیے سکیورٹی فورسز کی قربانیاں اور خدمات قابلِ تحسین ہیں۔

06

اقدام کی صورت میں بھرپور ردعمل دینے کی صلاحیت اور تیاری رکھتا ہے۔ اس سے قبل تہران میں امام حسین اسکوائر سے انقلاب اسکوائر تک بڑا جلوس نکالا گیا جس میں جان فدا مہم کی جنگی بٹالینز اور مختلف شعبوں سے تعلق رکھنے والے افراد نے شرکت کی۔ ایرانی میڈیا کے مطابق ایران نے دشمن عناصر سے ملک کو لاحق خطرات سے نمٹنے کے لیے 3 لاکھ 13 ہزار جان نثار متحرک کر دیے۔ جان فدا مہم کی ریلی سے خطاب کرتے ہوئے بسیج تنظیم کے سربراہ حسین طائب نے اس مہم کو دنیا کی جنگی تاریخ کی سب سے بڑی عوامی مہم اور ایران کے جمہوری تشخص و عوام کی ثابت قدمی کی علامت قرار دیا۔

07

ہوگئی۔ سینٹرل پولیس آفس کی جانب سے جاری کیے گئے بیان میں بتایا گیا کہ دہشت گردوں کے خلاف آپریشن مکمل کر لیا گیا ہے، ایلیٹ فورس کمانڈوز، کاؤنٹر ٹیررازم ڈپارٹمنٹ (سی ٹی ڈی) ٹیموں اور سکیورٹی فورسز نے عمارات کے اہم حصوں کو کلیئر کر لیا۔ بیان میں مزید بتایا گیا کہ انسپکٹر جنرل (آئی جی) خیبرپختونخوا ذوالفقار حمید کے مطابق خودکش بمبار نے قانون کے رکھوالوں کو نشانہ بنانے کی کوشش کی تاہم وہ اپنے مقصد میں ناکام رہا، آئی جی خود جائے وقوع پر موجود رہے اور جوانوں کا حوصلہ بڑھایا۔ بیان کے مطابق جی او سی کوہاٹ بھی آپریشن کے دوران موجود رہے جبکہ ایڈیشنل آئی جی سی ٹی ڈی، ریجنل پولیس آفیسر کوہاٹ اور ڈی پی او کوہاٹ نے آپریشن کی قیادت کی۔ سینٹرل پولیس آفس کے مطابق قانون نافذ کرنے والے اداروں نے رات بھر جاری رہنے والے آپریشن کے بعد کامیابی حاصل کی۔ آئی جی خیبرپختونخوا ذوالفقار حمید نے آپریشن میں حصہ لینے والے افسران اور جوانوں کو شاباش دیتے ہوئے ان کے لیے انعامات کا اعلان کیا، ان کا کہنا تھا کہ پولیس، سی ٹی ڈی اور سکیورٹی فورسز نے بہادری سے دہشت گردوں کا مقابلہ کیا، جانباز جوان قوم کا فخر ہیں۔ آئی جی نے کہا کہ دہشت گردوں کے ناپاک عزائم خاک میں ملا دیے گئے ہیں اور ان کا مکمل خاتمہ یقینی بنایا جائے گا۔ کوہاٹ پولیس کے مطابق شہید ہونے والوں میں 16 پولیس اہلکار اور 7 شہری شامل ہیں۔ قبل ازیں آج کاؤنٹر ٹیررازم ڈپارٹمنٹ (سی ٹی ڈی) کی جانب سے بیان میں بتایا گیا تھا کہ "ایڈیشنل انسپکٹر جنرل (آئی جی) سی ٹی ڈی گزشتہ روز دوپہر سے فتنہ الخوارج کے خلاف جاری آپریشن میں فرنٹ لائن پر موجود ہیں۔" سی ٹی ڈی کے بیان کے مطابق آپریشن کے دوران دہشت گردوں کی جانب سے ایڈیشنل آئی جی سی ٹی ڈی پر گرینیڈ حملہ کیا گیا، جس میں ان کا ہاتھ زخمی ہو گیا۔ گزشتہ روز کوہاٹ پولیس لائنز کی مسجد میں جمعہ کی نماز کے دوران دھماکے کے بعد دہشت گرد حملے کی ابتدائی رپورٹ میں بتایا گیا تھا کہ کوہاٹ کے ہنگو روڈ پر واقع اولڈ پولیس لائنز کی مسجد میں جمعہ کی نماز کے دوران تقریباً ایک بج کر 20 منٹ پر دھماکا ہوا، جس کے بعد دہشت گرد حملہ بھی کیا گیا۔ رپورٹ کے مطابق واقعے میں مجموعی طور پر 21 افراد شہید ہوئے، جن میں 15 پولیس اہلکار اور 6 شہری شامل ہیں۔ شہری شہداء میں ڈاکٹر اسرار خان اورکزئی بھی شامل ہیں جو چیف ڈسٹرکٹ اسپیشلسٹ (پیڈیاٹرکس) تھے جبکہ دیگر شہداء میں لیاقت میموریل اسپتال کوہاٹ سے وابستہ افراد بھی شامل ہیں۔ ابتدائی رپورٹ کے مطابق دھماکے کے نتیجے میں 103 افراد زخمی ہوئے، جن میں 73 پولیس اہلکار اور 30 شہری شامل ہیں، زخمیوں میں سے 13 افراد لیاقت میموریل اسپتال جبکہ 90 افراد ڈی ایچ کیو اسپتال کوہاٹ لائے گئے۔ رپورٹ کے مطابق 34 زخمی افراد کو اسپتال میں داخل کیا گیا جبکہ 5 مریضوں کا لیپروٹومی آپریشن کیا گیا، آپریشن مرحلے سے گزرنے والے مریضوں میں سے 4 کو مزید علاج کے لیے پشاور کے بڑے طبی مراکز منتقل کر دیا گیا ہے۔ رپورٹ میں کہا گیا تھا کہ صورتحال کی کڑی نگرانی کی جا رہی ہے اور زخمیوں کو متعلقہ طبی مراکز میں ہر ممکن طبی امداد فراہم کی جا رہی ہے۔ رپورٹ کے مطابق واقعے میں 5 سے 7 دہشت گرد ملوث ہیں۔ سینٹرل پولیس آفس سے جاری بیان کے مطابق کوہاٹ پولیس لائنز مسجد پر دھماکے کے بعد 7 مسلح دہشت گردوں نے پولیس لائنز میں دراندازی کی، جن کا پولیس اور سی ٹی ڈی نے بھرپور مقابلہ کیا۔ میڈیا پر نشر ہونے والی فوٹیج میں دیکھا گیا تھا کہ متعدد شہری ایک عمارت کے قریب جمع ہیں، جس کی ایک دیوار منہدم ہو چکی ہے۔ لوگ ملبہ ہٹا کر زخمیوں کی مدد کر رہے ہیں۔

08

کہ شہر کے اکثر پولیس اسٹیشنوں میں جرائم کی باقاعدہ ایف آئی آر درج نہیں کی جاتی اور ابتدائی رپورٹ کے نام پر سائلین کو ٹرخا دیا جاتا ہے، جو عوام کے ساتھ کھلی زیادتی اور قانون کی خلاف ورزی ہے۔ انہوں نے بتایا کہ گزشتہ روز تھانہ پرودی کی حدود عیسیٰ نگری اور اتحاد کالونی کی ندی کے قریب مسلح ڈاکوں نے نوجوان عیسیٰ خان کو لوٹ لیا اور موٹر سائیکل، موبائل فون اور نقدی چھین کر فرار ہو گئے، مگر متاثرہ نوجوان کی ایف آئی آر درج کرنے کے بجائے پولیس نے ابتدائی رپورٹ کے نام پر ٹال مٹول سے کام لیا اور اسے مشورہ دیا کہ وہ یہ لکھوائے کہ موٹر سائیکل گھر کے سامنے کھڑی تھی اور چور لے گئے۔ ترجمان نے کہا کہ ڈکیتی جیسے سنگین جرم کو معمولی چوری میں بدلنا نہ صرف مظلوم کے ساتھ ناانصافی ہے بلکہ مجرموں کی حوصلہ افزائی اور جرائم کے اصل اعداد وشمار چھپانے کے مترادف ہے۔ انہوں نے مطالبہ کیا کہ اس واقعے کی فوری ایف آئی آر درج کی جائے، ملزمان کو گرفتار کر کے لوٹا ہوا سامان برآمد کیا جائے، اور ایف آئی آر درج کرنے سے گریز کرنے والے ذمہ دار اہلکاروں کے خلاف محکمانہ کارروائی کی جائے۔ ترجمان نے آئی جی پولیس بلوچستان اور متعلقہ حکام سے اپیل کی کہ وہ نوٹس لیتے ہوئے تمام تھانوں کو ہدایت کریں کہ ہر شکایت پر قانون کے مطابق فوری مقدمہ درج کیا جائے۔

09

کارروائیاں قومی سلامتی کے تحفظ کے عزم کی عکاس ہیں۔ محسن نقوی کا مزید کہنا تھا کہ قوم دہشت گردی کے خلاف جنگ میں سکیورٹی فورسز کے شانہ بشانہ کھڑی ہے، فتنہ الہندوستان اور فتنہ الخوارج کے خلاف کارروائیاں پوری قوت سے جاری رہیں گی۔

10

کمانڈرز اور سفیروں نے شرکت کی، سعودی کمانڈر عبداللہ بن سالم الشہری نے میڈیا سے گفتگو میں کہا کہ بین الاقوامی آبی گزرگاہوں کا تحفظ اجتماعی ذمہ داری ہے، عالمی بحری سلامتی کو لاحق ہر خطرے کا سدباب کیا جائیگا، کثیر ملکی بحری دفاعی اتحاد کی آپریشنل صلاحیت مکمل طور پر بحال ہے۔

11

دیتے ہوئے کہا ہے کہ یہ ایسا معاہدہ ہے جس کی منظوری سپریم نیشنل سکیورٹی کونسل نے دی ہے اور سپریم لیڈر نے اس کی توثیق کی ہے، لہٰذا اسے نظام کا باضابطہ فیصلہ تصور کیا جاتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ فعال سفارت کاری جاری ہے، جس میں صدر کی بھارت اور کرغزستان میں شنگھائی تعاون تنظیم اور برکس کے اجلاسوں میں شرکت کے ساتھ ساتھ وسیع پیمانے پر مشاورت بھی شامل ہے۔ ایران میں کئی دہائیوں سے جاری مغربی پابندیوں کے بعد مہنگائی کی شرح ریکارڈ سطح پر پہنچنے کا حوالہ دیتے ہوئے ایرانی وزارت داخلہ کے ترجمان نے کہا ہے کہ بڑھتی ہوئی قیمتیں عوام کے لیے باعثِ تشویش ہیں اور تمام حکام اس مسئلے کے حل کے لیے کام کر رہے ہیں۔ علی زینی وند نے کہا ہے کہ جنگ کے بعد کے پروگرامز میں تباہ شدہ شہری بنیادی ڈھانچے کی بحالی ملک کی اولین ترجیح ہے۔ انہوں نے کہا کہ رہائشی مکانات اور عوامی خدمات کی سہولتوں، مثلاً پولیس اسٹیشنز، کی مرمت کو حکومت کے ان تمام غیر ضروری منصوبوں پر ترجیح حاصل ہے جنہیں فی الحال موخر کیا جا سکتا ہے۔ علی زینی وند نے یہ بھی بتایا کہ دشمن کے حملوں کے نتیجے میں ہرمزگان اور گلستان سمیت مختلف صوبوں میں تقریباً 75 ہزار رہائشی یونٹس، بعض بنیادی ڈھانچے اور رابطہ پل متاثر ہوئے ہیں۔

12

کے لیے اگست کی ماہانہ فیول ایڈجسٹمنٹ کے تحت بجلی مہنگی ہونے کا امکان ہے، جس کے لیے باقاعدہ درخواست جمع کرا دی گئی ہے۔ اس درخواست کے منظور ہونے کی صورت میں بجلی کی قیمت میں 1 روپے 73 پیسے فی یونٹ اضافہ ہو سکتا ہے۔ سینٹرل پاور پرچیزنگ ایجنسی (سی پی پی اے) کی جانب سے دائر درخواست پر نیشنل الیکٹرک پاور ریگولیٹری اتھارٹی (نیپرا) 29 ستمبر کو سماعت کرے گی۔ اس مجوزہ اضافے کا اطلاق کے الیکٹرک کے صارفین پر بھی ہونے کا امکان ہے۔ سی پی پی اے کے مطابق اگست میں ڈسکوز کو 14 ارب 46 کروڑ 40 لاکھ یونٹس بجلی فراہم کی گئی، جبکہ ڈسکوز کو فراہم کی جانے والی بجلی کی لاگت 8 روپے 82 پیسے فی یونٹ رہی۔ اگست میں پانی سے 37.84 فیصد بجلی پیدا کی گئی ہے۔ سی پی پی اے کے مطابق مقامی کوئلے سے 10.88 فیصد جبکہ درآمدی کوئلے سے 15.59 فیصد بجلی پیدا ہوئی۔ اعداد وشمار کے مطابق اگست میں فرنس آئل سے 2.15 فیصد بجلی پیدا کی گئی، جبکہ مقامی گیس سے بجلی کی پیداوار کا حصہ 7.04 فیصد اور درآمدی ایل این جی سے 8.48 فیصد رہا۔ سی پی پی اے کے مطابق فرنس آئل سے بجلی کی پیداواری لاگت 45.25 روپے فی یونٹ جبکہ درآمدی ایل این جی سے بجلی کی پیداواری لاگت 45.92 روپے فی یونٹ رہی۔

13

قرار دیتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ اس افسوسناک واقعے میں جاں بحق ہونے والوں کے اہل خانہ سے گہری ہمدردی ہے واضح رہے کہ گزشتہ روز کوہاٹ میں پولیس لائن کی مسجد پر دہشت گردوں نے خودکش حملہ کیا تھا جس میں 16 پولیس اہلکار اور 6 شہری شہید اور 103 افراد زخمی ہو گئے تھے پولیس کے مطابق زخمیوں میں 73 اہلکار اور 30 عام شہری شامل ہیں۔

14

سرجریز کامیابی سے کی گئیں۔ وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے اطمینان کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ 100 بڑی سرجریز کی تکمیل اسپتال کی طبی خدمات میں اہم پیش رفت ہے۔ انہوں نے کہا ہے کہ مقامی سطح پر سہولتوں کی دستیابی سے مریضوں کو بڑے شہروں کا رخ نہیں کرنا پڑ رہا۔ وزیر اعلیٰ بلوچستان نے کہا ہے کہ میر غلام قادر بگٹی میموریل اسپتال کی انتظامیہ اور تمام طبی ٹیم کی کاوشوں سے اہم سنگِ میل حاصل کر لیا گیا۔ واضح رہے کہ بیکڑ اسپتال میں 24 گھنٹے آپریشن تھیٹر فعال اور مریضوں کو جراحی کی سہولتیں دستیاب ہیں۔

15

مسجد پر نماز جمعہ کے دوران خودکش حملہ کیا گیا تھا جس میں پولیس اہلکاروں سمیت 22 افراد شہید اور 100 سے زائد زخمی ہوئے تھے۔

16

چیت بھی کی اور اُن سے سستے پٹرول کی فراہمی کے حوالے سے حکومت کی طرف سے تیار کردہ نظام کے بارے میں سوالات کیے۔ اس موقع پر مفت فون نمبر 9771 پر پیغام بھیجنے اور اُس کے جواب کا بھی عملی مشاہدہ کیا۔ وزیر مملکت بلال اظہر کیانی نے شہریوں سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ خطے کی کشیدہ صورتحال اور تیل کی قیمتوں میں مسلسل اضافے سے تمام ممالک متاثر ہو رہے ہیں۔ عالمی منڈی میں تیل کی قیمتوں میں مسلسل اضافے سے پاکستانی معیشت دباؤ اور عوام کو مہنگائی کی لہر کا سامنا ہے۔ وزیراعظم شہباز شریف خطے میں کشیدہ صورتحال کے آغاز سے ہی ایسے مختلف اقدامات کر رہے ہیں جن سے اپنے عوام کو مہنگائی سے بچایا جا سکے۔ انہوں نے کہا کہ عوام کے پاس آئے ہیں تاکہ انہیں فیول سبسڈی سکیم کی عملی افادیت کے بارے میں عوام کی رائے معلوم ہو۔ عوام سے بات چیت کر کے خوشی اور اطمینان حاصل ہوا ہے کہ ریلیف کی عوام کو فراہمی کا عمل بتدریج تیز ہو رہا ہے اور موٹر سائیکل، چنگ چی رکشے اور 800 سی سی تک کی گاڑیاں استعمال کرنے والے بھائی اس رعایت سے فائدہ اٹھا رہے ہیں۔ بلال اظہر کیانی نے عوام سے اپیل کی کہ وہ زیادہ سے زیادہ تعداد میں فیول سبسڈی سکیم میں رجسٹریشن کرائیں تاکہ انہیں مشکل حالات میں کچھ مدد مل سکے۔ دریں اثناء وزیر مملکت بلال اظہر کیانی نے جہلم میں کھلی کچہری منعقد کی جس میں۔۔۔ گھنٹے سے زائد وقت تک عوام کے مسائل اور شکایات سنیں۔ اس موقع پر ضلعی انتظامیہ، پولیس اور دیگر محکموں کے اعلیٰ حکام موجود تھے۔ شہریوں نے بجلی، سیوریج، محکمہ مال، ذاتی تنازعات، بیت المال اور روزگار سمیت دیگر مسائل سے وزیر مملکت کو آگاہ کیا جس پر بلال اظہر کیانی نے موقع پر احکامات جاری کیے۔ کھلی کچہری میں وزیراعظم فیول سبسڈی سکیم کا رجسٹریشن ڈیسک بھی قائم کیا گیا تھا تاکہ لوگ سستے پٹرول کی فراہمی کی رعایت سے فائدہ اٹھا سکیں۔ یاد رہے کہ وزیر مملکت بلال اظہر کیانی نے 14 جولائی سے جہلم، دینہ اور سوہاوہ میں عوام کے مسائل اور شکایات براہ راست سننے کے لئے کھلی کچہریوں کا آغاز کیا تھا۔ یہ جہلم میں تیسری کھلی کچہری ہے۔

17

امریکی خبر رساں ادارے کے مطابق نئے قانون میں ٹرمپ کو مخصوص شرائط پر روسی تیل یا گیس کے بڑے خریدار ممالک سے آنے والی اشیا پر 100 فیصد تک ٹیرف عائد کرنے کا اختیار دیا گیا ہے۔ قانون کے تحت ایسے ٹیرف 30 دن کے اندر عائد کیے جا سکتے ہیں۔

18

مالی اعانت کے لیے افغان سرزمین کو بطور لانچ پیڈ استعمال کر رہا ہے۔ حکام نے بتایا کہ پاکستان برسوں سے یہ موقف رکھتا رہا ہے کہ بھارت علیحدگی پسندوں اور عسکریت پسند تشدد کی پشت پناہی کے لیے افغان علاقے کا استعمال کرتا ہے، اسلام آباد نے یہ معاملہ سفارتی فورمز پر بارہا اٹھایا ہے اور اپنے ڈوزیئرز کے ذریعے اس کے ثبوت بھی پیش کیے ہیں لیکن بھارت اور افغانستان میں طالبان حکومت دونوں ہی ماضی میں ایسے تمام الزامات کو مسترد کرتے آئے ہیں۔ دستاویز میں ایک ایسے مکمل طور پر فعال نیٹ ورک کی تفصیلات بیان کی گئی ہیں جس کے مطابق بھارتی خفیہ ایجنسی را، افغانستان کے انٹیلی جنس نظام اور طالبان حکومت کی اعلیٰ قیادت کے درمیان ایک مستقل انتظام موجود ہے جس کے تحت پاکستان کے اندر حملے کرنے والے عسکریت پسند گروہوں کے لیے تربیت، مالی معاونت اور پناہ کا انتظام کیا جاتا ہے۔ دستاویز کے مطابق بیرون ملک سے ان گروہوں کو رقم، تربیت اور پناہ فراہم کی جاتی ہے جس کا واحد مقصد پاکستان میں بدامنی اور تشدد کو ہوا دینا ہے۔ ایک مزید حیران کن انکشاف میں، دستاویز میں بین الاقوامی سطح پر کالعدم قرار دی گئی تنظیم القاعدہ برصغیر کو بھی اسی مبینہ نیٹ ورک کا حصہ قرار دیا گیا ہے جسے پاکستانی سرزمین پر حملے کرنے کے لیے تیار رکھا گیا ہے۔ پاکستانی سکیورٹی اداروں کی جانب سے جمع کی گئی انٹیلی جنس کے مطابق، بی ایل اے اور ٹی ٹی پی کا مبینہ گٹھ جوڑ 2025 کے لگ بھگ وجود میں آیا جس کی بنیاد افغانستان میں پہلے سے قائم تربیتی کیمپوں پر رکھی گئی تھی، ان کیمپوں کو افغانستان کے جنرل ڈائریکٹوریٹ آف انٹیلی جنس کی حمایت حاصل تھی۔

19

میں عوام کی حقیقی منتخب حکومت قائم ہے جہاں کسی قسم کی عیاشیاں نہیں ہوتیں اور عوامی وسائل کا تحفظ کیا جاتا ہے۔ پنجاب پر مسلط لوگ اسٹیبلشمنٹ کے کندھوں پر چڑھ کر آئے ہیں، اس لیے ان کو عوام کی فکر نہیں ہے اور وہ عیاشیاں کرتے ہیں لیکن خیبر پختونخوا میں عوامی حکومت ہے اور وہاں عیاشیاں نہیں ہوتیں، اینکر پرسن عاصمہ چوہدری کے ساتھ گفتگو کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ قید کے دوران ان کی عمران خان سے چار مرتبہ ملاقاتیں ہوئی ہیں اور ہر بار ان کے بلند مورال اور چٹان جیسے حوصلے کو دیکھ کر وہ دنگ رہ جاتے تھے، عمران خان سخت ترین جیل کی صعوبتیں اور مشکلات برداشت کرنے کے باوجود باہر سے آنے والے رہنماؤں کو تسلی دیتے تھے اور ہدایت کرتے تھے کہ ظلم اور فاشزم کے سامنے ڈٹے رہو، یہ ناانصافی اور ظلم کا نظام زیادہ دیر نہیں چل سکے گا اور ملک میں ان شاء اللہ جلد قانون کی حکمرانی قائم ہوگی۔ پی ٹی آئی رہنما کا مزید کہنا تھا کہ حکمرانوں اور مخالفین کو اصل تکلیف اس بات کی ہے کہ وہ اتنے مظالم اور سخت حالات کے باوجود عمران خان کا روح اور جذبہ توڑنے میں مکمل ناکام رہے ہیں، جیل میں عمران خان کا ایک ایک لفظ اور بات ریکارڈ کی جاتی ہے، ملاقات کے دوران عمران خان نے مجھ سے کہا تھا کہ وہ اللہ تعالیٰ کے شکرگزار ہیں کہ جیل کے اس عرصہ تنہائی میں انہیں بہت کچھ سیکھنے اور سمجھنے کا موقع ملا ہے جو شاید باہر رہتے ہوئے ممکن نہ ہوتا، اور وہ سارا دن اپنی ماضی کی غلطیوں کا جائزہ لیتے ہیں تاکہ آئندہ اقتدار میں ان غلطیوں کا اعادہ نہ ہو۔

20

عوامی آواز کو متعلقہ اداروں تک پہنچائے گی۔ سوشل میڈیا پلیٹ فارم ایکس پر سہیل آفریدی نے وفاقی وزرا کو آڑے ہاتھوں لیتے ہوئے کہا کہ عوامی مینڈیٹ کو کچل کر اقتدار پر مسلط ہونے والے وزرا کے مسلسل دھمکی آمیز بیانات کسی بھی جمہوری معاشرے کے لیے شدید تشویش کا باعث ہیں، اختلاف رائے کو دبانے یا شہریوں کو خوفزدہ کرنے کے بجائے حکمران عوامی مطالبات سنیں، آئینی حقوق کا احترام کریں اور تمام تر سیاسی مسائل کا حل کسی تصادم کے بجائے سنجیدہ مکالمے، قانون اور جمہوری عمل کے ذریعے تلاش کریں۔ ہمارا 27 ستمبر کا لانگ مارچ ایک پرامن، جمہوری اور آئینی جدوجہد ہے۔ پاکستان کے ہر شہری کو آئین اور قانون کے دائرے میں رہتے ہوئے اپنے بنیادی حقوق کے لیے پرامن طور پر آواز بلند کرنے اور اجتماع کرنے کا حق حاصل ہے۔ ہم اسی آئینی حق کو استعمال کرتے ہوئے اپنی آواز عوام اور متعلقہ پی ٹی آئی رہنما کا مزید کہنا تھا کہ اس وقت پاکستان کا ہر ذی شعور شہری آئین کی اصل حالت میں بحالی، بانی پی ٹی آئی عمران خان سمیت تمام ناحق قید سیاسی اسیران کی فوری رہائی، آزاد صحافت، اور آئینی آزادیوں کا مطالبہ کر رہا ہے، اس کے ساتھ ہی ملک کا نوجوان روزگار، مزدور اپنے معاشی حقوق اور کسان اپنی محنت کے مناسب معاوضے کے لیے سرگرم عمل ہیں، ان تمام باوقار مطالبات کا جواب دھمکیوں کے ذریعے دینے کے بجائے مؤثر حکمرانی سے دیا جانا چاہیے۔ انہوں نے حکومت اور سیکیورٹی اداروں پر واضح کیا کہ تحریک انصاف کسی قسم کے تصادم کی خواہاں نہیں ہے اور ہمارا 27 ستمبر کا احتجاج مکمل طور پر آئینی حدود میں رہے گا، تاہم کسی بھی قسم کا دباؤ، دھمکی یا خوف پی ٹی آئی کی پرامن جدوجہد کا راستہ نہیں روک سکتا۔ سہیل آفریدی نے اس مشہور شعر پر اپنے بیان کا اختتام کیا کہ، ادھر آ ستمگر، ہنر آزمائیں، تو تیر آزما، ہم جگر آزمائیں۔

21

مارچ کا دباؤ بڑھا ہے اور حکومت نے ایک بار پھر جماعت اسلامی سے رابطہ کر لیا ہے اور مذاکرات کے ذریعے معاملہ حل کرنے پر زور دیا ہے۔ ترجمان جماعت اسلامی کے مطابق وفاقی وزیر احسن اقبال نے نائب امیر جماعت اسلامی لیاقت بلوچ سے رابطہ کیا اور کہا کہ معاملات مذاکرات کے ذریعے حل کرنا چاہتے ہیں۔ احسن اقبال نے کہا کہ حکومت جماعت اسلامی سے مذاکرات کی خواہاں ہے۔ لیاقت بلوچ نے وفاقی وزیر کو آگاہ کیا کہ امیر جماعت اسلامی حافظ نعیم الرحمان اور سینئر قیادت سے مشاورت کے بعد جواب دیں گے تاہم پیٹرولیم لیوی کے خاتمے تک احتجاج جاری رہے گا۔ خیال رہے کہ جماعت اسلامی اور حکومت کے درمیان مذاکرات کے پانچ دور ہو چکے ہیں، پہلی بار حکومتی وفد جماعت اسلامی کو مذاکرات کی دعوت دینے منصورہ لاہور گیا تھا، مذاکرات کے چار دور اسلام آباد میں منعقد ہوئے۔ جماعت اسلامی اور حکومت کی مذاکراتی ٹیموں کے درمیان آخری دور بدھ 16 ستمبر کو ہوا تھا۔

22

قمر جواد بھی زخمی ہوئے۔ کوہاٹ دھماکے میں 15 پولیس اہلکاروں سمیت 22 افراد شہید ہوئے، 130 زخمی ہیں، فورسز کی بروقت جوابی کارروائی میں 6 دہشتگرد مارے گئے، شہید پولیس اہلکاروں کی نماز جنازہ ادا کر دی گئی۔ دھماکے کے 8 زخمی لیڈی ریڈنگ اسپتال لائے گئے، زیر علاج زخمیوں میں 6 پولیس اہلکار جبکہ 1 شہری شامل ہے، 1 زخمی کو گزشتہ رات علاج کے بعد فارغ کر دیا گیا، زخمیوں کی حالت تسلی بخش ہے۔

23

کہ عوامی نمائندوں کی اصل ذمہ داری اپنے حلقے کے عوام کے مسائل کو اسمبلی اور متعلقہ اداروں کے سامنے اجاگر کر کے ان کے حل کے لیے عملی کردار ادا کرنا ہے، حلقہ انتخاب کے عوام سمیت ہر طبقے کے مسائل کے حل کے لیے ہمارے دروازے ہمیشہ کھلے ہیں۔ اپنے ایک بیان میں شیخ زرک خان مندوخیل نے کہا کہ عوام کو بنیادی سہولیات کی فراہمی، سڑکوں، بجلی، پانی، صحت، تعلیم اور دیگر ضروری مسائل کے حل کے لیے ہر ممکن کوشش کی جا رہی ہے۔ عوامی مسائل سے آگاہی اور ان کے حل کے لیے متعلقہ محکموں کے حکام سے رابطہ رکھا جا رہا ہے۔ انہوں نے کہا کہ عوامی خدمت کسی ایک طبقے یا علاقے تک محدود نہیں ہونی چاہیے۔ تمام شہری بلاامتیاز بنیادی سہولیات کے حق دار ہیں اور منتخب نمائندوں کو عوام کی آواز بن کر ان کے مسائل متعلقہ فورمز پر اٹھانے چاہئیں۔ شیخ زرک خان مندوخیل نے کہا کہ ان کے حلقے کے عوام نے جس اعتماد کا اظہار کیا ہے، وہ اس اعتماد کو اپنی ذمہ داری سمجھتے ہیں۔ حلقے میں جاری ترقیاتی اور عوامی فلاح کے منصوبوں کی نگرانی کے ساتھ ساتھ نئے مسائل کی نشاندہی کر کے ان کے حل کے لیے بھی اقدامات کیے جا رہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ ہزارہ برادری سمیت حلقے میں آباد تمام برادریوں کے مسائل ان کے لیے اہم ہیں۔ عوام بلا جھجک اپنے مسائل سے آگاہ کریں، ان کے حل کے لیے متعلقہ حکام تک آواز پہنچانا اور ممکنہ اقدامات کرنا ان کی ذمہ داری ہے۔ رکن بلوچستان اسمبلی نے کہا کہ بلوچستان کی ترقی اور عوام کی خوشحالی کے لیے اجتماعی کوششوں کی ضرورت ہے، حکومت، منتخب نمائندوں اور عوام کو مل کر صوبے کو درپیش مسائل کے حل کے لیے کردار ادا کرنا ہوگا۔

24

سے شدید نقصان پہنچا ہے، جبکہ پینٹاگون امریکا کی جانب سے 6 ماہ سے زائد عرصہ قبل شروع کی گئی جنگ کے نقصانات کا جائزہ لے رہا ہے۔ رپورٹ کے مطابق تصاویر میں کویت کے 3 فوجی اڈوں اور سعودی عرب کے 1 ایسے اڈے پر تباہ شدہ عمارتیں اور 1 طیارہ دکھائی دیتے ہیں جہاں امریکی فوجی اثاثے موجود ہیں، ان میں سے بعض اڈوں کو خالی بھی کرا لیا گیا ہے۔ رپورٹ میں کہا گیا ہے کہ ایک تصویر میں دیکھا جا سکتا ہے کہ سعودی عرب کے پرنس سلطان ایئر بیس پر مارچ کے اواخر میں ایک E-3 سینٹری نگرانی کرنے والے طیارے کو نقصان پہنچا، جس کی مالیت 27 کروڑ ڈالرز بتائی جاتی ہے۔ اے بی سی نیوز کے مطابق ایک سینئر امریکی فوجی اہلکار نے نام ظاہر نہ کرنے کی شرط پر کہا کہ ان اڈوں کو ناقابل تلافی نقصان پہنچا ہے اور اگر ہم انہیں دوبارہ تعمیر کرنے کا فیصلہ کرتے ہیں تو یہ کئی دہائیوں پر محیط کام ہوگا۔ اس فوجی اہلکار نے پینٹاگون پر شفافیت کی کمی کا الزام عائد کرتے ہوئے کہا کہ ڈرون حملے اور بیلسٹک میزائل حملے ہر روز براہ راست اڈوں کو نشانہ بنا رہے ہیں۔ پینٹاگون کے انسپکٹر جنرل کی جانب سے پیر کو جاری کی گئی رپورٹ میں بتایا گیا ہے کہ سینکڑوں عمارتوں اور تنصیبات کو نقصان پہنچا ہے۔ نگراں ادارے نے جنگ کی لاگت کا تخمینہ 33 ارب ڈالرز لگایا ہے، جبکہ غیر جانب دار کانگریشنل بجٹ آفس کے مطابق یہ لاگت 38 ارب ڈالرز ہے۔ امریکی محکمہ دفاع کے مطابق 28 فروری کو جنگ شروع ہونے کے بعد سے اب تک 18 امریکی فوجی ہلاک اور 824 زخمی ہو چکے ہیں، سب سے ہلاکت خیز حملہ جنگ کے دوسرے روز ہوا، جب کویت میں 6 امریکی فوجی ہلاک ہوئے۔ امریکی وزیر دفاع پیٹ ہیگسیتھ نے کہا ہے کہ فوجیوں اور فوجی تنصیبات کا تحفظ اولین ترجیح ہے، تاہم انہوں نے اعتراف کیا کہ بعض ایرانی ہتھیار امریکی دفاعی نظام کو عبور کرنے میں کامیاب ہو جاتے ہیں۔

25

22 ترامیم سمیت تین نئے قوانین متعارف کرانے کی سفارش کی گئی ہے۔ وفاقی وزیر احسن اقبال کی سربراہی میں قائم کمیٹی نے سول سروس اصلاحات کے لیے بھارت سمیت 25 ممالک کے سول سروس نظاموں کا جائزہ لینے کے بعد حتمی سفارشات تیار کی ہیں،

(01)

میں اسپیشل روڈ سیکیورٹی فورس نے منشیات کی اسمگلنگ کے الزام میں ایک شہری کو گرفتار کرلیا، جس کی گاڑی سے 3 کلوگرام چرس اور نشہ آور 2380 گولیاں برآمد ہوئیں جو گاڑی کے اندر چھپا کر رکھی گئی تھیں۔ حکام کے مطابق سیکورٹی فورس کے ذمہ داراں نے بتایا کہ ملزم کو حراست میں لے لیا گیا ہے اور اس کے خلاف قانونی کارروائی کرکے اسے متعلقہ حکام کے سپرد کر دیا گیا۔ حکام نے شہریوں سے اپیل کی ہے کہ منشیات کی روک تھام کے لئے وہ حکام کے ساتھ تعاون جاری رکھے، اور مشکوک افراد کی اطلاع متعلقہ حکام کو دیں تاکہ ان کے خلاف بروقت کاروائی عمل میں لائی جاسکے۔

(02)

باقاعدہ تصدیق کردی۔ صحافیوں سے غیر رسمی گفتگو کرتے ہوئے سینیٹ میں قائدِ حزب اختلاف علامہ راجہ ناصر عباس نے اس اہم رابطے کا اس وقت انکشاف کیا، جب صحافی کی جانب سے سوال پوچھا گیا کہ کیا اس ہفتے آپ کی وفاقی وزیرِ داخلہ محسن نقوی سے ملاقات ہوئی؟ اس کا جواب دیتے ہوئے انہوں نے واضح طور پر تصدیق کی کہ جی بالکل، ہماری ملاقات ہوئی ہے۔ علامہ راجہ ناصر عباس نے بتایا کہ اس نشست میں بانی پی ٹی آئی عمران خان کی قید، ادویات و سہولیات کے معاملات سمیت اپوزیشن کے 27 ستمبر کے مجوزہ لانگ مارچ اور دیگر اہم سیاسی امور پر تفصیلی گفتگو کی گئی، تاہم یہ ملاقات وزیرِ داخلہ محسن نقوی کی ذاتی خواہش اور درخواست پر ہوئی تھی، میں نے خود اپنی طرف سے حکومت یا وزیرِ داخلہ سے ملاقات کی کوئی درخواست نہیں کی تھی۔ اس موقع پر پریس کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے علامہ راجہ ناصر عباس نے کہا کہ نظام کولپس کرچکا ہے، ہمارا سیاسی نظام کولپس کرچکا ہے، عدلیہ کا نظام کولپس کرچکا ہے اور اس کی مثالیں آپ کے سامنے ہیں تو اس کا براہ راست بوجھ کون اٹھا رہا ہے؟ پاکستان کے عوام اٹھا رہے ہیں جو ہر لحاظ سے کچلے جا رہے ہیں اور قربانیاں دے رہے ہیں، دوسری جانب ہمارے جو حکمران ہیں، اگر ان کا انداز حکمرانی دیکھیں تو انسان حیران رہ جاتا ہے، ایسا تو شاید پرانے وقتوں کے بادشاہ بھی نہ کرتے ہوں۔ ان کا کہنا تھا کہ ہم اپنے آپ کو مسلمان کہتے ہیں، قرآن و سنت کو سپریم سمجھتے ہیں اور ہمارے آئین کے مطابق حاکمیتِ اعلیٰ صرف اللہ کی ہے، اسی قرآن نے اسراف اور تبذیر کو حرام قرار دیا ہے، اسراف اور تبذیر وہ بیماریاں ہیں جو معیشت کو دیمک کی طرح کھا جاتی ہیں، اسراف کیا ہے؟ اگر آپ کی کھانے کی میز پر پانچ افراد ہیں اور آپ ان کی ضرورت سے زیادہ حلال کھانا لے آئیں تو یہ اسراف ہے، وہ کھانا تو حلال ہے حرام نہیں، لیکن اسے ضرورت سے زیادہ لانا اسراف ہے، اور یہ حرام اور گناہ ہے جبکہ تبذیر سے مراد وسائل کے اللے تللے اور ان کا ناجائز استعمال ہے۔ قائد حزب اختلاف سینیٹ نے مزید کہا کہ آپ موجودہ پاکستان کا انداز حکمرانی دیکھ لیں، پنجاب کی وزیرِ اعلیٰ کا انداز حکمرانی دیکھ لیں، محض ایک سفر پر کروڑوں روپے خرچ ہو جاتے ہیں، یہ واضح اسراف ہے اور اگر یہ اخراجات خلاف قانون تھے تو یہ تبذیر ہے، یہ دونوں کام حرام اور گناہ کبیرہ ہیں، یہ ہرگز جائز نہیں ہیں، پاکستان کے تمام پڑھے لکھے لوگ جو قرآن و سنت کا فہم رکھتے ہیں، وہ یہی کہیں گے کہ یہ اسراف بھی ہے اور تبذیر بھی ہے، یہ سراسر حرام اور گناہ ہے، اگر ہم کسی جگہ گاڑی پر جا سکتے ہیں لیکن بائی ایئر جاتے ہیں تو یہ حرام ہے، ایسا ہرگز نہیں کرنا چاہیے۔

(03)

اسپتال کے چیف ڈسٹرکٹ اسپیشلسٹ ڈاکٹر اسرائیل خان اورکزئی بھی شامل ہیں۔ واضح رہے کہ پولیس لائنز مسجد دھماکے اور حملے میں 100 سے زائد افراد زخمی ہیں، جبکہ شہدا میں 16 پولیس اہلکار اور 6 شہری شامل ہیں۔ شہدا میں ایس پی ٹریفک اکبر شنواری اور 2 پولیس اہلکار بھائی نعمت اللہ اور محرر عصمت اللہ بھی شامل ہیں جن کا تعلق لکی مروت سے تھا۔ مشترکہ آپریشن میں حملہ آوروں میں شامل اسنائپر سمیت تمام 6 دہشت گردوں کو ہلاک کردیا گیا۔

(04)

کر کے تمام داخلی و خارجی راستوں پر سخت چیکنگ شروع کر دی گئی ہے۔ واضح رہے کہ گزشتہ روز کوہاٹ میں پولیس لائن کی مسجد پر خودکش حملہ ہوا تھا جس میں 16 پولیس اہلکاروں اور 6 شہریوں سمیت 22 افراد شہید اور 103 زخمی ہوئے ہیں۔ پولیس کے مطابق زخمیوں میں 73 اہلکار جبکہ 30 عام شہری شامل ہیں۔

(05)

کے حوالے معاملات پر بھی تفصیلی گفتگو ہوئی علامہ راجہ ناصر عباس بتایا کی وفاقی وزیر داخلہ سے ملاقات میں تحریک انصاف کے لانگ مارچ اور عمران خان سے متعلق امور پر گفتگو ہوئی ہے، یہ ملاقات ان کی خواہش پر ہوئی، میں نے کسی سے درخواست نہیں کی تھی علامہ راجہ ناصر عباس نے کہا کہ ایک اہم وفاقی وزیر کے مطابق پاکستان کا نظام منہدم ہو چکا ہے، معاشی اور عدالتی نظام مکمل تباہ ہو چکا ہے انہوں نے کہا کہ حکمرانوں کا انداز ایسا ہے کہ انسان حیران ہوتا ہے، ٹیکس اور عوام کے پیسوں سے جہاز استعمال کرنا غلط ہے ۔انہوں نے کہا کہ پمز میں پیش آنے والا واقعہ بھی ملک میں خرابیوں کی نشانیوں میں سے ایک ہے سینیٹ میں قائد حزب اختلاف نے کہا کہ ایمان مزاری اور ہادی علی چٹھہ کو رہائی کے حکم کے باوجود گرفتار کیا گیا، ایمان مزاری کے گلے میں ہار ڈالنا چاہیے کہ وہ آواز بلند کرتی ہیں راجہ ناصر عباس کا کہنا تھا کہ آپ صوبے بنانے کا نیا قدم اٹھا رہے ہیں، آپ پر کوئی اعتماد نہیں کرتا دوسری جانب پریس کانفرنس کے دوران اپوزیشن اتحاد تحریکِ تحفظ آئین پاکستان کے رہنما اور سابق گورنر سندھ محمد زبیر نے کہا ہے کہ طاقت ور وزیر کہتے ہیں کہ 10 سال بھی لگے رہیں تو بہتری نہیں آئے گی، پاکستان میں متوسط طبقہ مکمل تباہ ہو چکا ہے انہوں نے کہا کہ معیشت کی بنیاد سرمایہ کاری اور روزگار کے مواقع ہوتے ہیں، جتنی جلدی ممکن ہو، موجودہ حکومت کو گھر بھیجا جانا چاہیے۔

(06)

میں بنیادی اہمیت رکھتا ہے، بہتر سڑکیں نہ صرف اضلاع اور شہروں کو آپس میں ملاتی ہیں بلکہ تجارت، زراعت، روزگار اور دیگر معاشی سرگرمیوں کے فروغ میں بھی اہم کردار ادا کرتی ہیں۔ انہوں نے کہا کہ صوبے کے مختلف علاقوں میں سڑکوں اور دیگر ترقیاتی منصوبوں پر کام جاری ہے جبکہ جہاں بنیادی ڈھانچے کی مزید ضرورت ہے وہاں ترجیحات کا تعین کرکے منصوبے شروع کیے جائیں گے۔ ترقیاتی منصوبوں میں معیار اور رفتار دونوں کو یقینی بنانا ضروری ہے۔ میر سلیم کھوسہ نے کہا کہ ترقیاتی کاموں میں کسی قسم کی غفلت برداشت نہیں کی جائے گی۔ متعلقہ افسران اور انجینئرز منصوبوں کی نگرانی کو یقینی بنائیں اور تعمیراتی کام مقررہ معیار کے مطابق مکمل کیے جائیں تاکہ سرکاری وسائل کا موثر استعمال ہو اور عوام کو دیرپا سہولیات میسر آسکیں۔ وزیر مواصلات وتعمیرات نے کہا کہ حکومت کی کوشش ہے کہ ترقیاتی بجٹ عوامی ضروریات اور زمینی حقائق کے مطابق خرچ کیا جائے۔ صوبے کے دور دراز علاقوں کو بھی ترقیاتی عمل میں شامل کیا جائے گا تاکہ بنیادی ڈھانچے کی سہولیات میں موجود محرومیوں کو کم کیا جاسکے۔ انہوں نے کہا کہ بلوچستان کی ترقی اور خوشحالی کے لیے سڑکوں کا مضبوط اور مربوط نظام ناگزیر ہے۔ محکمہ مواصلات وتعمیرات دستیاب وسائل کے اندر رہتے ہوئے صوبے میں ترقیاتی منصوبوں کو آگے بڑھانے اور عوام کو بہتر سفری سہولیات فراہم کرنے کے لیے اپنا کردار ادا کرتا رہے گا۔

(07)

چھپانے کے لیے سندھ کارڈ استعمال کرتی ہے۔ پاکستان میں نئے صوبوں اور انتظامی یونٹس کا مطالبہ ایک عرصے سے سیاسی بحث کا حصہ ہے، تاہم سندھ کی تقسیم کے معاملے پر پاکستان پیپلز پارٹی کا موقف واضح طور پر مخالف رہا ہے۔ پیپلز پارٹی سندھ کو ایک جغرافیائی اور سیاسی اکائی کے طور پر برقرار رکھنے کو صوبائی خودمختاری اور 18 ویں آئینی ترمیم سے جوڑتی ہے۔ انہوں نے پریس کانفرنس میں مزید کہا کہ اب ہم اپنی زندگیوں کو کسی موبائل چھیننے والے کے ہاتھوں ضائع نہیں کریں گے، کسی ٹرک کے نیچے آکر نہیں مریں گے، کسی گٹر میں گر کر نہیں مریں گے، ہم اپنی زندگیوں کو آپ کے ظلم کو ختم کرنے کے لیے قربان کریں گے، ہم بھی اپنی جانیں دیں گے۔ مصطفیٰ کمال کا کہنا تھا کہ حرام کمانے والا بہت بزدل ہوتا ہے، کرپشن کرنے والوں کے کمرے، تہہ خانے ڈالرز سے بھرے ہوئے ہیں، ایسے لوگ بس قیامت تک زندہ رہنے چاہتے ہیں، اس لیے میں اپنے لوگوں سے کہتا ہوں کہ ہمارے پاس تو کھونے کے لیے کچھ نہیں، کسی کی باتوں میں نہ آو، کتوں کے بھونکنے سے قافلے رکا نہیں کرتے۔ وفاقی وزیر نے پریس کانفرنس میں مزید کہا کہ صوبوں کے تقسیم کی بات ذوالفقار علی بھٹو نے آئین میں لکھی ہے، بار بار کہتا ہوں، 18 ویں ترمیم نے چار نئے ملک بنا دیے ہیں، اگر نئے صوبوں کا اعلان ہو جائے تو ان کو خزانہ ملنا بند ہو جائے گا۔ یلو لائن بنانے والا ورلڈ بینک کا پیسہ کھا گیا، صوبائی حکومت نے وہ لوٹے ہوئے پیسے ورلڈ بینک کو واپس کیے۔ ان کا کہنا تھا کہ کراچی کا براحال کر دیا گیا ہے، پیپلز پارٹی کے دور میں روزگار نہیں، کراچی میں امن کی صورت حال ناقص ہے، ڈاکو چند روپوں کی خاطر لوگوں کی جان لیتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ کراچی میں قتل وغارت کو ختم کرنے والی واحد جماعت ایم کیو ایم ہے، ہم نے اپنے لیڈر کو پہلے سمجھایا، جب بات نہیں بنی تو ان کو چھوڑ دیا۔ مصطفیٰ کمال نے مزید کہا کہ یہ ملک ریاست سے بدل لوگ پیدا کرنے والا ملک بن گیا ہے، ستر سال سے آپ عوام کو فوج سے لڑاتے آ رہے ہیں، یہ مسلئہ اب سر اٹھا کر بولنے لگا ہے۔ انہوں نے سعودی عرب پر حوثیوں کے حملوں کی مذمت کرتے ہوئے کہا کہ پاکستان سعودی عرب کے ساتھ ہے، قوم وزیر اعظم اور فیلڈ مارشل کی قیادت میں متحد ہے، فیلڈ مارشل پوری دنیا میں پزیرائی حاصل کر رہے ہیں۔

(08)

کی اطلاع پر چھاپہ مارا گیا۔ چھاپے کے دوران دہشتگردوں نے اہلکاروں پر فائرنگ کردی۔ ریسکیو حکام کے مطابق سی ٹی ڈی اور دہشت گردوں کے درمیان مقابلے میں 2 ملزمان ہلاک ہوئے۔ ہلاک ملزمان کی لاشوں کو جناح اسپتال منتقل کیا گیا ریسکیو ذرائع کے مطابق ہلاک ملزمان کی شناخت 23 سالہ یحییٰ ولد عبدالواحد اور ہلال ولد سید محمد کے نام سے ہوئی ہے۔ سی ٹی ڈی ذرائع کا کہنا ہے کہ ہلاک ہونے والے دونوں ملزمان کا تعلق کالعدم تنظیم (بی ایل اے) سے تھا اور وہ تنظیم کے کمانڈر تھے۔ واقعے سے متعلق مزید تفتیش جاری ہے۔ دوسری جانب ترجمان ضلع سینٹرل پولیس کے مطابق لیاقت آباد پولیس کا سروس روڈ تین ہٹی پل کے قریب مسلح ملزمان سے مبینہ مقابلہ ہوا، فائرنگ کے تبادلے میں ایک ملزم ہلاک ہوگیا جبکہ اس کا ساتھی رات کی تاریکی کا فائدہ اٹھاتے ہوئے فرار ہوگیا۔ پولیس کے مطابق ہلاک ملزم کی شناخت تلاش ڈیوائس کے ذریعے کی جارہی ہے، جبکہ لاش کو اسپتال منتقل کردیا گیا ہے۔ پولیس نے ہلاک ملزم کے قبضے سے 30 بور پستول، 2 راؤنڈز، 1200 روپے نقدی، 3 موبائل فونز اور ایک یونیک 70 موٹر سائیکل برآمد کرلی ہے۔ اسلحہ اور دیگر سامان قبضے میں لے کر قانونی کارروائی شروع کردی گئی جبکہ فرار ملزم کی گرفتاری کے لیے اقدامات جاری ہیں۔ ادھراے وی ایل سی جمشید ڈویژن کی ٹیم نے سندباد روڈ نظارت کے قریب خفیہ اطلاع پر ناکہ بندی کے دوران مشکوک موٹر سائیکل سواروں کو روکنے کی کوشش کی، جس پر ملزمان نے پولیس پر فائرنگ کردی۔ ترجمان اے وی ایل سی پولیس کے مطابق جوابی کارروائی میں ایک ملزم زخمی ہوا جبکہ دوسرے کو گرفتار کرلیا گیا۔ تاہم زخمی ملزم کو اسپتال منتقل کیا جارہا تھا کہ وہ دم توڑ گیا۔

(09)

مطابق کلی اللہ آباد کے ایک گھر میں موجود موٹر سائیکل میں اچانک زوردار دھماکا ہوا، جس کے نتیجے میں 2 افراد موقع پر ہی جاں بحق ہوگئے۔ اطلاع ملتے ہی پولیس، کاؤنٹر ٹیررازم ڈیپارٹمنٹ (سی ٹی ڈی) اور سیکورٹی فورسز کے اہلکار موقع پر پہنچ گئے۔ پولیس اور سیکورٹی اہلکاروں نے علاقے کو گھیرے میں لے لیا، جبکہ جاں بحق افراد کی لاشوں کو ضروری کارروائی کے لیے اسپتال منتقل کردیا گیا۔ پولیس حکام کے مطابق بم ڈسپوزل اسکواڈ کی ابتدائی رپورٹ میں دھماکا خیز مواد نصب کیے جانے کے دوران دھماکا ہونے کا بتایا گیا ہے۔ بم ڈسپوزل ٹیم کے مطابق موٹر سائیکل میں تقریباً ایک کلوگرام وزنی دھماکا خیز مواد استعمال کیا گیا تھا۔ واقعے کے بعد سی ٹی ڈی نے مقدمہ درج کرلیا ہے اور دھماکے کے محرکات سمیت دیگر پہلوں کی تحقیقات شروع کردی ہیں۔ سی ٹی ڈی کی جانب سے واقعے سے متعلق مزید شواہد بھی اکٹھے کیے جا رہے ہیں، تاکہ دھماکے کے محرکات اور دیگر پہلوؤں کا تعین کیا جاسکے۔

(10)

پاکستان کی مجموعی برآمدات 32 ارب ڈالر سے کم ہوکر 30 ارب 80 کروڑ ڈالر رہ گئیں۔ چاول کی برآمدات میں سب سے زیادہ ایک ارب 2 کروڑ ڈالر کی کمی ریکارڈ کی گئی۔ اس کے علاوہ ٹیکسٹائل، چینی اور دیگر زرعی مصنوعات کی برآمدات بھی متاثر ہوئی ہیں۔ اس کے ساتھ ساتھ خلیجی ممالک کو پاکستانی برآمدات میں 10 کروڑ ڈالر کی کمی ریکارڈ کی گئی، جبکہ وسطی ایشیا اور افغانستان کے لیے برآمدات میں 59 فیصد تک کمی سامنے آئی۔ حکام کے مطابق خطے میں کشیدگی کے باعث تجارت اور ترسیل کے اخراجات متاثر ہوئے ہیں۔ حکومت کی جانب سے توانائی کی قیمتوں اور ٹیکسز میں کمی کے لیے کوششیں جاری ہیں۔

(11)

میں اسپیشل روڈ سیکیورٹی فورس نے منشیات کی اسمگلنگ کے الزام میں ایک شہری کو گرفتار کرلیا، جس کی گاڑی سے 3 کلوگرام چرس اور نشہ آور 2380 گولیاں برآمد ہوئیں جو گاڑی کے اندر چھپا کر رکھی گئی تھیں۔ حکام کے مطابق سیکورٹی فورس کے ذمہ داراں نے بتایا کہ ملزم کو حراست میں لے لیا گیا ہے اور اس کے خلاف قانونی کارروائی کرکے اسے متعلقہ حکام کے سپرد کر دیا گیا۔ حکام نے شہریوں سے اپیل کی ہے کہ منشیات کی روک تھام کے لئے وہ حکام کے ساتھ تعاون جاری رکھے، اور مشکوک افراد کی اطلاع متعلقہ حکام کو دیں تاکہ ان کے خلاف بروقت کاروائی عمل میں لائی جاسکے۔

(12)

مطالبہ کیا ہے کہ واقعے میں ملوث ملزمان کو فوری طور پر گرفتار کرکے قانون کے مطابق کارروائی عمل میں لائی جائے اور انہیں قرار واقعی سزا دی جائے اپنے ایک بیان میں ملک قیصر عباس نے کہا کہ صحافی معاشرے میں عوام کی آواز بن کر اپنا پیشہ ورانہ فریضہ انجام دیتے ہیں اور صحافت ایک ذمہ دار شعبہ ہے جس کا بنیادی مقصد عوام تک درست اور بروقت معلومات پہنچانا ہے۔ انہوں نے کہا کہ کسی بھی صحافی کو اپنے فرائض کی انجام دہی کے دوران تشدد، دھمکی، دبایا کسی بھی قسم کے غیر قانونی اقدام کا سامنا کرنا انتہائی تشویشناک امر ہے انہوں نے سینئر صحافی و یو این اے کے بیورو چیف نصیر احمد کے ساتھ پیش آنے والے واقعے پر گہری تشویش کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ ایسے واقعات نہ صرف صحافتی برادری کے لیے باعث تشویش ہیں بلکہ معاشرے میں قانون کی عملداری اور صحافیوں کے تحفظ سے متعلق بھی اہم سوالات پیدا کرتے ہیں۔ ان کا کہنا تھا کہ صحافیوں کو بلاخوف وخطرا اپنے پیشہ ورانہ فرائض انجام دینے کے لیے محفوظ ماحول فراہم کرنا ریاستی اداروں اور متعلقہ حکام کی ذمہ داری ہے ملک قیصر عباس نے قانون نافذ کرنے والے اداروں پر زور دیا کہ واقعے کی غیر جانبدارانہ اور شفاف تحقیقات کی جائیں، واقعے کے تمام پہلوں کا جائزہ لیا جائے اور جو عناصر بھی اس میں ملوث ہیں ان کی فوری گرفتاری عمل میں لائی جائے۔ انہوں نے کہا کہ کسی بھی شخص کو قانون ہاتھ میں لینے کی اجازت نہیں دی جاسکتی اور اگر کسی صحافی کو اس کے پیشہ ورانہ فرائض کی ادائیگی کے دوران نشانہ بنایا جاتا ہے تو ایسے واقعے پر قانون کے مطابق کارروائی ضروری ہے صدر آل پاکستان صحافت کونسل نے کہا کہ صحافیوں کے خلاف تشدد یا دھمکی آمیز رویہ کسی صورت قابل قبول نہیں ہونا چاہیے۔ انہوں نے کہا کہ صحافی معاشرے کے مختلف مسائل، عوامی مشکلات، حکومتی اقدامات اور دیگرا ہم معاملات کو اجاگر کرنے میں اپنا کردار ادا کرتے ہیں، اس لیے ان کے تحفظ کو یقینی بنانا ناگزیر ہے انہوں نے کہا کہ نصیر احمد ایک سینئر صحافی کی حیثیت سے اپنے پیشہ ورانہ فرائض انجام دے رہے ہیں اور ان کے ساتھ پیش آنے والے واقعے کی مکمل تحقیقات ہونی چاہیے تاکہ حقائق سامنے آسکیں اور ذمہ دار عناصر کے خلاف قانون کے مطابق کارروائی کی جاسکے ملک قیصر عباس نے مزید کہا کہ صحافتی برادری اپنے ساتھیوں کے ساتھ کھڑی ہے اور صحافیوں کو درپیش مشکلات اور مسائل کے حل کے لیے ہر فورم پر آواز بلند کی جائے گی۔ انہوں نے متعلقہ حکام سے مطالبہ کیا کہ واقعے کو محض ایک معمولی معاملہ سمجھنے کے بجائے سنجیدگی سے لیا جائے اور متاثرہ صحافی کو مکمل انصاف فراہم کیا جائے انہوں نے کہا کہ اگر صحافیوں کو اپنے فرائض کی انجام دہی کے دوران تحفظ حاصل نہیں ہوگا تو اس کے اثرات آزادی صحافت اور عوام تک معلومات کی آزادانہ ترسیل پر پڑسکتے ہیں۔ اس لیے ضروری ہے کہ قانون نافذ کرنے والے ادارے فوری طور پر حرکت میں آئیں، ملزمان کو گرفتار کریں اور تفتیش مکمل کرکے قانون کے مطابق کارروائی کو یقینی بنائیں صدر آل پاکستان صحافت کونسل ملک قیصر عباس نے آخر میں اس عزم کا اظہار کیا کہ صحافتی برادری کے حقوق، صحافیوں کے تحفظ اور آزادی صحافت کے لیے ہر ممکن قانونی و آئینی فورم پر آواز اٹھائی جاتی رہے گی اور صحافیوں کے ساتھ کسی بھی قسم کی زیادتی کے خلاف متعلقہ اداروں سے رجوع کیا جائے گا۔

(13)

وانٹرویو پاس کیا، صوبے بھر میں سیکڑوں کی تعداد میں ملازمین نے اپنی جوائننگ رپورٹ جمع کرائی، تین ماہ سے سرکاری فرائض انجام دے رہے تھے کہ اچانک ایک رکن اسمبلی کے کہنے پر مذکورہ پوسٹوں کو ختم کردیا گیا جس کی جتنی بھی مذمت کی جائے وہ کم ہے۔ انہوں نے کہا کہ بلوچستان میں پہلے ہی بیروزگاری عروج پر ہے اور نوجوان ہاتھوں میں ڈگریاں لئے دربدر کی ٹھوکریں کھانے پر مجبور ہیں، اب جبکہ محکمہ جنگلات میں نوجوان بھرتی ہوئے تو کچھ سازشی عناصر کو یہ پسند نہ آیا۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان تحریک انصاف ملازمین کیساتھ ہے اور ان کے حقوق کیلئے ہر پلیٹ فارم پر جدوجہد کرے گی۔ انہوں نے مطالبہ کیا کہ محکمہ جنگلات کی منسوخ شدہ پوسٹوں کا فیصلہ واپس لیتے ہوئے ملازمین میں پائی جانے والی بے چینی ختم کی جائے۔

(14)

انہوں نے فیلڈ مشاہدات اور بنیادی تحقیقات کے دوران اور ماڑہ شہر کے مختلف حصوں اور رہائشی علاقوں میں اس خاص نسل کے مچھروں کی موجودگی کو نوٹس کیا ہے۔ محمود سگار نے مچھر کی جسمانی وجینیاتی خصوصیات تفصیل سے بتاتے ہوئے وضاحت کی کہ ایڈیز ایجپٹی عام مچھروں سے بالکل مختلف ہوتا ہے اس کا جسم گہرے سیاہ رنگ کا ہوتا ہے جس پر سفید نقش ونگار واضح ہوتے ہیں۔ اس کی بنیادی اور سب سے اہم سائنسی پہچان اس کی پشت پر موجود ایک مخصوص پیٹرن ہے جس میں باہر کی جانب دو سفید لکیریں کمان کی طرح گولائی میں مڑی ہوتی ہیں جبکہ ان کے درمیان دو باریک اور سیدھی سفید لکیریں موجود ہوتی ہیں۔ اس کے علاوہ اس کی ٹانگوں پر بھی سفید دھاریاں نمایاں ہوتی ہیں۔ محمود سگار نے مزید بتایا کہ یہ مچھر خصوصا دن کے وقت صبح کے ابتدائی اوقات اور شام ڈھلنے سے پہلے زیادہ متحرک ہوتا ہے اور اس کی افزائش نسل صاف اور کھڑے پانی جیسے پانی کی ٹینکیوں، کھلی بالٹیوں، گملوں اور پرانے ٹائروں میں ہوتی ہے۔ انہوں نے آگاہی دیتے ہوئے بتایا کہ یہ مچھر ڈینگی بخار، چکن گونیا اور زیکا وائرس کا بنیادی ویکٹر ہے۔ اور ماڑہ میں اس کی بے قابو ہوتی ہوئی آبادی شہریوں کی صحت کے لیے ایک بڑا چیلنج بن چکی ہے جس سے کسی بھی وقت شہر میں ان مہلک بیماریوں کی وبا پھوٹ سکتی ہے۔ اس سنگین صورتحال کے پیش نظر انہوں نے انتظامیہ اور بالخصوص میونسپل کمیٹی اور ماڑہ سے التماس کی ہے کہ عوامی صحت وتحفظ کو یقینی بنانے کے لیے بغیر کسی تاخیر کے پورے شہر میں جامع اور موثر مچھر مار اسپرے مہم شروع کی جائے۔ انہوں نے شہریوں پر بھی زور دیا کہ وہ اپنے گھروں اور اردگرد کے ماحول میں پانی کھڑا نہ ہونے دیں اور احتیاطی تدابیر اختیار کریں۔

(15)

والی باپردہ طالبہ کے ساتھ گلی میں مبینہ نازیبا حرکت کی جس کی سی سی ٹی وی فوٹیج بھی سامنے آ گئی تھی۔ پولیس کے مطابق واقعے کے بعد ملزم موقع سے فرار ہوگیا تھا، تاہم سرجانی ٹاؤن پولیس نے کارروائی کرتے ہوئے اسے گرفتار کرلیا۔ گرفتار ملزم کے خلاف مقدمہ درج کرکے مزید قانونی کارروائی شروع کردی گئی ہے جبکہ پولیس نے تفتیش کا آغاز کردیا۔

(16)

میں مسلسل اضافہ انتہائی تشویشناک ہے۔ ایگل اسکواڈ کے اہلکار عوام کے محافظ بننے کے بجائے مبینہ طور پر غنڈہ گردی کی روش اختیار کیے ہوئے ہیں۔ شہر بھر میں شہریوں کو ہراساں کرنے اور مبینہ طور پر رشوت نہ دینے پر تشدد کا نشانہ بنانے کے واقعات کسی صورت قابل قبول نہیں۔ انہوں نے کہا کہ عوام ایگل اسکواڈ کے ناروا رویے سے تنگ آ چکے ہیں۔ شہری ایک جانب راہزنوں اور قاتلوں کے ہاتھوں عدم تحفظ کا شکار ہیں تو دوسری جانب ایگل اسکواڈ کے بعض اہلکاروں کے مبینہ ناروا سلوک اور ہراسانی نے ان کی مشکلات میں مزید اضافہ کر دیا ہے۔ باعزت شہریوں اور سفید ریش افراد کو بلاجواز تنگ کرنا اور انہیں مختلف طریقوں سے ہراساں کرنا انتہائی افسوسناک ہے۔ انہوں نے کہا کہ مین ایئرپورٹ روڈ بلاک نادرا کے قریب ایگل اسکواڈ کے اہلکاروں نے نواں کلی کے رہائشی نوجوان سعید انور کو شدید تشدد کا نشانہ بنایا جس کے نتیجے میں وہ شدید زخمی ہوگیا۔ بروری روڈ تھانہ کے قریب عیسی خان سے گن پوائنٹ پر چوروں نے موٹر سائیکل اور موبائل چھین کر ڈاکو فرار ہوگئے، اس پر بروری روڈ پولیس اسٹیشن نے ایف آئی آر کاٹنے سے انکار کیا۔ انہوں نے پولیس کے اعلی حکام سے مطالبہ کیا کہ واقعہ کا فوری نوٹس لیتے ہوئے ذمہ دار اہلکاروں کے خلاف قانون کے مطابق کارروائی عمل میں لائی جائے۔ شہریوں کے جان و مال عزت و وقار اور بنیادی حقوق کا تحفظ پولیس اور متعلقہ اداروں کی بنیادی ذمہ داری ہے جس میں کسی قسم کی غفلت یا کوتاہی قابل قبول نہیں۔

(17)

اوایس ڈی بنادیا گیا، وہ ملتان بینچ میں فرائض سر انجام دے رہے تھے۔ درخواست میں موقف اختیار کیا گیا کہ شیخ ظہور احمد نے اپنا تعارف ڈی جی کسٹمز پاکستان کے طور پر کروایا اور گاڑیوں کی کسٹمز کلیئرنس کے لیے 7 کروڑ 55 لاکھ روپے طلب کیے۔ درخواست گزار نے موقف اختیار کیا کہ 7 کروڑ 55 لاکھ روپے وصول کرنے کے بعد شیخ ظہور احمد نے رابطہ ختم کر دیا۔

(18)

معاملات پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا۔ اس موقع پر حلقہ انتخاب سے آئے ہوئے عمائدین اور عوام نے صوبائی وزیر سردارزادہ فیصل خان جمالی کو اپنے علاقوں میں درپیش مختلف بنیادی مسائل سے آگاہ کیا اور عوامی مشکلات کے حل کے لیے فوری توجہ دینے کی درخواست کی۔ انہوں نے علاقے میں بنیادی سہولیات، ترقیاتی کاموں اور دیگر عوامی نوعیت کے مسائل کے حوالے سے بھی صوبائی وزیر کو تفصیلی بریفنگ دی۔ صوبائی وزیر لائیو اسٹاک سردارزادہ فیصل خان جمالی نے عوامی مسائل اور شکایات کو غور سے سنا اور متعلقہ حکام کو ہدایات جاری کرتے ہوئے کہا کہ عوام کو درپیش جائز مسائل کے حل کے لیے تمام دستیاب وسائل بروئے کار لائے جائیں۔ انہوں نے کہا کہ عوامی خدمت اور حلقے کی ترقی ان کی ترجیحات میں شامل ہے، عوامی مسائل کے حل میں کسی قسم کی غفلت برداشت نہیں کی جائے گی، سردارزادہ فیصل خان جمالی نے کہا کہ حلقہ انتخاب کے عوام سے مسلسل رابطہ رکھا جا رہا ہے اور ان کی تجاویز و شکایات کو ترجیحی بنیادوں پر متعلقہ اداروں تک پہنچایا جا رہا ہے تاکہ مسائل کے حل کے لیے عملی اقدامات کیے جاسکیں۔ ملاقات کے دوران علاقائی ترقی، عوامی فلاح و بہبود اور مستقبل کے مختلف امور پر بھی تفصیلی گفتگو ہوئی، جبکہ شرکا نے صوبائی وزیر کی جانب سے عوامی مسائل کے حل کے لیے فوری احکامات جاری کرنے پر ان کا شکریہ ادا کیا۔

(19)

کے ٹوٹ پھوٹ کا شکار ہونے اور ناقص نکاسی آب کے نظام کے نتیجے میں گندا پانی سڑک پر آ کر جمع ہو جاتا ہے، جو کئی مقامات پر تالاب کا منظر پیش کرتا ہے۔ سڑک پر ہر سو گندا پانی کھڑا ہونے کے باعث جہاں ایک طرف ٹریفک کی روانی شدید متاثر ہو رہی ہے، وہیں دوسری طرف پیدل چلنے والے شہریوں اور قریبی دکانداروں کو بھی آمدورفت میں بڑی دشواریوں کا سامنا ہے، جس سے کاروباری سرگرمیاں بھی ماند پڑتی جا رہی ہیں۔ علاقہ مکینوں اور شہریوں کا کہنا ہے کہ روڈ پر بڑے بڑے خطرناک گڑھے بن چکے ہیں، اور قومی شاہراہ کی اس مسلسل خستہ حالی اور نکاسی آب کے ابتر نظام کے باعث کسی بھی وقت کوئی بڑا حادثہ رونما ہونے کا خدشہ ہے۔ شہریوں اور کاروباری حلقوں نے این ایچ اے کے اعلی حکام اور متعلقہ ضلعی انتظامیہ سے پرزور مطالبہ کیا ہے کہ ڈیرہ مراد جمالی کی مین قومی شاہراہ کی فوری طور پر مرمت کی جائے، ٹوٹے ہوئے سیوریج نالوں کی بحالی کا کام شروع کیا جائے اور نکاسی آب کا مؤثر نظام یقینی بنایا جائے تاکہ عوام کو درپیش ان اذیت ناک مشکلات کا فوری خاتمہ ہوسکے۔

(20)

3595 پوائنٹس کے بینڈ میں رہا۔ کاروباری ہفتے میں انڈیکس کی بلند ترین سطح 1 لاکھ 71 ہزار 36 جبکہ کم ترین سطح 1 لاکھ 67 ہزار 441 رہی۔ حصص بازار میں اس 1 ہفتے میں 1 اعشاریہ 2.26 ارب شیئرز کے سودے 103 ارب روپے میں طے ہوئے۔ شیئر مارکیٹ کیپٹلائزیشن ہفتے بھر میں 22 ارب روپے سے بڑھ کر 19 ہزار 38 ارب روپے ہوگئی۔

(21)

نامعلوم مقام کی جانب فرار ہو گئے۔ واقعے کی اطلاع ملتے ہی پولیس اور دیگر قانون نافذ کرنے والے اداروں کی بھاری نفری فوری طور پر حرکت میں آ گئی اور علاقے میں ناکہ بندی کر کے سرچ آپریشن شروع کر دیا گیا ہے، جبکہ مغوی پولیس افسر کی بحفاظت بازیابی کے لیے تمام ممکنہ کوششیں جاری ہیں۔ پولیس کا کہنا ہے کہ اس واقعے کے حوالے سے مزید تفتیش کی جارہی ہے اور جیسے ہی مزید تفصیلات موصول ہوں گی، میڈیا کو آگاہ کردیا جائے گا۔

(22)

گردونواح کے مختلف علاقوں میں آوارہ کتوں کی تعداد میں آئے روز اضافہ ہونے لگا شہر کی گلیوں، محلوں، کالونیوں، بازاروں اور آبادیوں میں درجنوں آوارہ کتے آزادانہ دندناتے دکھائی دینے لگے جس کے باعث شہریوں میں شدید خوف وہراس پایا جا رہا ہے۔ خصوصا صبح سویرے اور شام کے اوقات میں گلی محلوں میں آوارہ کتوں کی موجودگی کے باعث شہریوں کو آمدورفت میں مشکلات کا سامنا ہے جبکہ اسکول جانے والے بچوں، خواتین، بزرگوں اور موٹر سائیکل سواروں کو بھی آوارہ کتوں کے باعث خطرات لاحق ہیں۔ اس حوالے سے شہریوں کا بھی کہنا ہے کہ آوارہ کتوں کی بڑھتی ہوئی تعداد شہریوں کے لئے گھمبیر مسئلہ بنتی جا رہی ہے جس پر بروقت قابو نہ پایا گیا تو خدشہ ہے کہ کسی بھی وقت سگ یزیدگی کے ناخوشگوار واقعات رونما ہوسکتے ہیں۔ شہر کے متعدد علاقوں میں آوارہ کتے جھنڈ کی صورت میں گھومتے رہتے ہیں اور راہگیروں کے قریب آنے پر بھونکنے اور ان کا تعاقب کرنے کے واقعات بھی سامنے آ رہے ہیں جس سے شہریوں بالخصوص بچوں میں خوف کی کیفیت پیدا ہو رہی ہے۔ آوارہ کتوں کی بھرمار کے باعث والدین اپنے بچوں کو اکیلے گھروں سے باہر بھیجنے سے گریز کرنے لگے ہیں جبکہ رات کے اوقات میں گلیوں اور محلوں میں پیدل آمدورفت بھی مشکل محسوس کی جا رہی ہے۔ شہر میں صفائی ستھرائی کے مسائل اور جگہ جگہ موجود کچرے کے ڈھیروں کے باعث بھی آوارہ کتوں کو خوراک باآسانی دستیاب ہوتی ہے جس کے نتیجے میں ان کی تعداد میں مسلسل اضافہ دیکھنے میں آ رہا ہے۔ شہریوں نے کمشنر لسبیلہ ڈویژن، ضلعی انتظامیہ، ڈپٹی کمشنر حب، اسسٹنٹ کمشنر سب ڈویژن وندر، چیئرمین میونسپل کمیٹی وندر، وائس چیئرمین، چیف آفیسر، سیکرٹری M/C وندر سے پرزور مطالبہ کیا ہے کہ معاملے کا فوری نوٹس لیتے ہوئے وندر شہر اور گردونواح میں آوارہ کتوں کے خلاف باقاعدہ کتا مار مہم کا آغاز کیا جائے۔ شہر کے مختلف علاقوں میں موجود آوارہ کتوں کی تلفی کے لیے خصوصی ٹیمیں تشکیل دی جائیں اور اس مہم کو صرف ایک دو روز تک محدود رکھنے کے بجائے مستقل بنیادوں پر جاری رکھا جائے تاکہ شہریوں خصوصا بچوں، خواتین اور بزرگوں کو آوارہ کتوں کے خوف سے نجات دلائی جاسکے۔

(23)

والی قرارداد پر عملدرآمد یقینی بنایا جائے پاکستان سنی تحریک عوامی مسائل کی نشاندہی کرنے اور انھیں حل کرانے کیلئے اپنا قومی فریضہ ادا کرتی رہے گی انہوں نے کہا کہ سبی میں بجلی بندش کے سبب بچے بوڑھے نوجوان خواتین اور مریض شدید اذیت کا شکار ہیں جبکہ چیک اینڈ بیلنس نہ ہونے اور کیسکو ملازمین کی کرپٹ عناصر کے ساتھ ملی بھگت کے ذریعے ڈاریکٹ کنکشنز کی بھرمار ادارے کو مالی نقصانات سے دوچار کررہی ہے عوام اور صحافیوں کی نشاندہی کے باوجود کیسکو کی کالی بھیڑوں کے خلاف کوئی کاروائی نہ ہونا سوالیہ نشان ہے پاکستان سنی تحریک اداروں کی ترقی واستحکام کیلئے پہلے بھی کردار ادا کرتی رہی ہے اور ندہ بھی اپنا بھرپور کردار ادا کرتی رہے گی انہوں نے مزید کہا کہ عوام کو بنیادی سہولیات کی فراہمی ریاست پاکستان کی ذمہ داری ہے ارباب اقتدار اور پالیسی ساز ادارے سبی میں قیامت خیز گرمی اور حبس میں جاری غیر اعلانیہ اور اعلانیہ لوڈشیڈنگ کا فوری طور پر نوٹس لیں اور اسکے تدارک کیلئے ہنگامی بنیادوں پر اقدامات کریں تاکہ عوام الناس میں پھیلنے والی مختلف بیماریوں کا سدباب ممکن ہوسکے بصورت دیگر پاکستان سنی تحریک عوام الناس کے ساتھ ملکر پرامن احتجاج کا حق محفوظ رکھتی ہے۔

(24)

حصہ لیا، ریسکیو ٹیموں نے پیشہ ورانہ مہارت سے ایک شخص 40 سالہ ناظم کو بحفاظت زندہ باہر نکال لیا۔ پولیس حکام نے ریسکیو ٹیموں کی مدد سے جاں بحق ہونے والے افراد کی لاشوں کو ضروری کارروائی کے بعد ہسپتال منتقل کر دیا، پولیس کا کہنا ہے کہ حادثے کی تحقیقات شروع کر دی گئی ہے، ذمہ داروں کیخلاف سخت کارروائی کی جائے گی۔

(25)

میں انجام دے رہے ہیں، جن کی عوامی خدمات کو ہر سطح پر بے حد سراہا جا رہا ہے۔ عوامی حلقوں اور مریضوں کے مطابق اصغر علی عمرانی بلوچستان کے دور دراز علاقوں سے علاج کی امید لے کر گمبٹ اسپتال پہنچنے والے مریضوں اور ان کے تیمارداروں کی رہنمائی، اسپتال کے پیچیدہ مختلف شعبہ جات تک فوری رسائی اور دیگر ضروری امور میں بھرپور معاونت کرتے ہیں، جس کے باعث بے سہارا اور مسافر مریضوں کو علاج کے دوران تمام تر ریلیف اور سہولت میسر آ رہی ہے۔ مختلف عوامی حلقوں، مریضوں اور ان کے لواحقین کا کہنا ہے کہ اصغر علی عمرانی اس کٹھن اور پریشان کن وقت میں بلوچستان کے غریب اور لاچار عوام کے لیے ایک حقیقی مددگار ثابت ہو رہے ہیں جو انتہائی خلوص نیت سے اپنے فرائض نبھا رہے ہیں۔ عوامی حلقوں نے ان کی شاندار خدمات کو زبردست الفاظ میں سراہتے ہوئے کہا ہے کہ ایسی ذمہ دار اور عوام دوست شخصیات مصیبت زدہ مریضوں کے لیے کسی نعمت سے کم نہیں ہیں۔

(26)

کے رپورٹر اور سٹی پریس کلب اوتھل کے ڈپٹی جنرل سیکریٹری جاوید لاسی نے کی۔ احتجاجی مظاہرے میں سٹی پریس کلب اوتھل کے چیئرمین شفیق احمد چنہ، صدر عبدالغنی سومرو، نائب صدر خدا بخش کے بی خاصخیلی، نیشنل پریس کلب اوتھل کے صدر غلام قادر خاصخیلی، نائب صدر عبدالحفیظ دانش سمیت دیگر صحافیوں نے شرکت کی۔ اس موقع پر صحافیوں نے سینئر صحافی و یو این اے نیوز ایجنسی کے بیورو چیف نصیر احمد کاکڑ پر ہونے والے حملے کی شدید الفاظ میں مذمت کرتے ہوئے مطالبہ کیا کہ واقعے میں ملوث ملزمان کو فوری گرفتار کرکے قانون کے کٹہرے میں لایا جائے اور صحافیوں کو مؤثر تحفظ فراہم کیا جائے۔ مظاہرین نے کہا کہ صحافیوں پر حملے آزادی صحافت پر حملے کے مترادف ہیں، ایسے واقعات کسی صورت قابل قبول نہیں۔ صحافی برادری اپنے ساتھی صحافیوں کے ساتھ شانہ بشانہ کھڑی ہے۔ صحافی معاشرے کا اہم ستون ہیں جو عوام بالخصوص مظلوم اور محروم طبقات کے مسائل کو حکام بالا تک پہنچانے اور ان کے حل کے لیے آواز بلند کرنے میں کلیدی کردار ادا کرتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ صحافیوں کو ہراساں کرنے یا ان پر حملے کرنے جیسے واقعات انہیں اپنے پیشہ ورانہ فرائض کی ادائیگی سے روکنے کے مترادف ہیں۔ حکومت اور متعلقہ ادارے صحافیوں کے تحفظ کو یقینی بنائیں تاکہ وہ بلاخوف وخطر اپنے فرائض انجام دے سکیں۔ مظاہرین نے مطالبہ کیا کہ متعلقہ حکام واقعے کا فوری نوٹس لیتے ہوئے ذمہ دار عناصر کے خلاف قانون کے مطابق سخت کارروائی عمل میں لائیں اور صحافیوں کو مکمل تحفظ فراہم کیا جائے۔

(27)

ہوئے شفیع جان نے کہا کہ ہم اس دفعہ اتنے لوگ لائیں گے کہ انھیں روکنا حکومت کے بس کی بات نہیں ہوگی۔ انہوں نے کہا ہے کہ ہمارے پاس چار منصوبے ہیں اور ہم نے اپنا اصل کارڈ ابھی ظاہر نہیں کیا۔ صوبائی وزیر نے الزام لگایا کہ وفاق اور اس کی پالیسی ہی ملک میں دہشت گردی کی ذمے دار ہے، اس پالیسی میں خیبرپختونخوا کی رائے نہیں لی جاتی۔

(28)

فیڈر جیانی کے تمام علاقے بجلی کے نام کو ترس کر رہ گئے ہیں۔ ایک طرف شدید گرمی اور حبس کا راج ہے تو دوسری طرف کیسکو حکام کی ہٹ دھرمی اور من مانیوں نے عوام کا جینا محال کر رکھا ہے۔ غریب طبقے، گدھا گاڑی بانوں اور روزانہ کی بنیاد پر دیہاڑی کمانے والے مزدوروں کا کہنا ہے کہ وہ اپنے بچوں کے لیے دو وقت کی روٹی کمائیں یا پھر کیسکو کے بھاری بھرکم بلوں اور افسران کی من مانیوں کے پیٹ بھریں۔ عوامی حلقوں کا کہنا ہے کہ کیسکو کی ساری توجہ صرف افسران کے تقرر و تبادلوں پر مرکوز ہے، جہاں کبھی وریان مجو کو ایس ای آپریشن تو کبھی عبدالحمید بگٹی کو ایس ای آپریشن مقرر کر دیا جاتا ہے، لیکن زمینی سطح پر عوام کی حالت زار بہتر کرنے کے لیے کوئی قدم نہیں اٹھایا جاتا۔ بجلی کی غیر اعلانیہ لوڈشیڈنگ اور مسلسل ٹرپنگ کے باعث صارفین شدید ذہنی اذیت اور پریشانی کا شکار ہیں۔ عوامی اور سماجی حلقوں نے اعلی حکام سے پرزور مطالبہ کیا ہے کہ صحبت پور کے مختلف فیڈرز پر جاری غیر اعلانیہ لوڈشیڈنگ اور وولٹیج کی خرابی کا فوری نوٹس لیا جائے اور صارفین کو بلاتعطل بجلی کی فراہمی یقینی بنائی جائے تاکہ اس سخت گرمی میں عوام کو ریلیف مل سکے۔

(29)

کے اسپیکر محمد باقر قالیباف نے سوشل میڈیا پلیٹ فارم ایکس پر امریکی محکمہ دفاع کے انسپکٹر جنرل کی کانگریس کو پیش کردہ رپورٹ کا حوالہ دیتے ہوئے کہا۔ محمد باقر قالیباف نے کہا کہ ایران جنگ کے دوران امریکا کے جنگی طیارے F-35 اور F-15 کے نقصان کی اطلاعات اس بات کا ثبوت ہیں کہ جنگ کی صورتحال تبدیل ہوچکی ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ وہ دور شروع ہوچکا ہے جب امریکی F-35 اور F-15 جنگی طیارے شکار بنیں گے اور امریکا کو ان کے نقصان کی اطلاع بھی دنیا کو خود دینا پڑے گی۔ محمد باقر قالیباف نے امریکی جنگی طیاروں کی تباہی کا حوالہ دیتے ہوئے مزید کہا کہ جو چیز پہلے ایک خوفناک خواب تصور ہوتی تھی وہ اب روزمرہ کی حقیقت بن چکی ہے۔

(30)

کے صریحا خلاف ورزی ہے۔ جسکی پارٹی کسی بھی صورت میں اجازت نہیں دیگی۔ انہوں نے مزید کہا کہ گزشتہ کئی سالوں سے لورالائی میں تعمیر کئے گئے عقب عادل مارکیٹ، نئے اڈے اور پرانا تاریخی گوشت مارکیٹ میں بنائے گئے دکانیں عوام اور تاجران کا اوپن آکشن کے ذریعے مقابلتی بنیاد پر نیلام کرنے کا حق ھے۔ جس سے کسی بھی صورت میں دستبردار نہیں ھونگے۔ انہوں نے کہا کہ شہر کے وسط میں موجود میونسپلٹی کے پرانے جائیداد کی انکوائری کرکے مختلف لوگوں نے غیر قانونی طور پر قبضہ کرکے مہنگے داموں کرائے پر دیکر میونسپل کمیٹی کو کروڑوں روپے کی نقصان کے مرتکب ہوئے ہیں۔ جو کہ قابل گرفت اور ناقابل برداشت عمل ہے۔ انہوں نے صوبائی محکمہ لوکل گورنمنٹ کے اعلی حکام سے اور ڈسٹرکٹ اور ڈویژنل انتظامیہ سے پرزور مطالبہ کیا کہ لورالائی شہر میں میونسپل جائیداد کا تحقیقات نوتعمیر شدہ دکانوں کا اوپن نیلامی کے ذریعے آکشن کیا جائے بصورت دیگر پارٹی قانونی راستے کے ساتھ ساتھ عوامی تحریک چلانے سے گریز نہیں کریگی جسکی تمام تر ذمہ داری متعلقہ اداروں اور حکام پر ہوگی۔

(31)

کے شہریوں اور توانائی کے بنیادی ڈھانچے کو نشانہ بنانے والے حملوں پر تشویش ظاہر کی، جن میں خواتین اور بچوں سمیت شہری زخمی ہوئے۔ سلامتی کونسل نے حوثیوں سے فوری طور پر فوجی کشیدگی اور سعودی عرب پر حملے روکنے کا مطالبہ کیا۔ کونسل نے سعودی عرب کے اپنے دفاع کے حق کو بین الاقوامی قانون کے مطابق تسلیم کیا۔ بحیرہ احمر اور باب المندب میں تجارتی جہازوں کو لاحق خطرات اور حملوں کی بھی مذمت کی گئی۔ رکن ممالک نے حوثیوں تک اسلحہ، فوجی تربیت، تکنیکی معاونت اور مالی وسائل کی رسائی روکنے کے لیے عملی اقدامات پر زور دیا۔ اقوام متحدہ کے مطابق ستمبر کے آغاز سے یمن میں لڑائی کے باعث کم از کم 125,000 افراد بے گھر ہو چکے ہیں۔ کونسل نے حوثیوں سے 73 اقوام متحدہ کے اہلکاروں سمیت زیر حراست افراد کو فوری اور غیر مشروط طور پر رہا کرنے کا بھی مطالبہ کیا۔

(32)

حافظ خلیل اللہ نے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ حرمین شریفین ہر مسلمان کی ریڈ لائن ہیں، ان کے دفاع کیلئے کسی بھی قربانی سے دریغ نہیں کیا جائے گا۔ مقررین نے حوثی باغیوں کے حملوں کی شدید مذمت کی اور حکومت پاکستان سے سعودی عرب کے ساتھ مکمل یکجہتی کا مطالبہ کیا۔

(33)

جانب سے خطرہ ٹلنے اور وارننگ واپس لینے کا اعلان کردیا گیا۔ علاوہ ازیں سعودی وزارت داخلہ نے شہریوں اور مقیم افراد کو سوشل میڈیا اور مختلف پلیٹ فارمز پر پیغامات یا معلومات شیئر کرنے سے قبل ان کی تصدیق کرنے کی ہدایت کی ہے۔ سعودی وزارت داخلہ کا کہنا ہے کہ شہری ذمہ داری کا مظاہرہ کریں اور ایسی معلومات کو آگے منتقل نہ کریں جن کے درست ہونے کی تصدیق نہ ہوئی ہو۔

(34)

کارروائیاں کی گئیں، جن کے دوران 12 پیشہ ور گداگروں کو گرفتار کیا گیا، جن میں 11 خواتین اور ایک مرد شامل ہیں۔ گرفتار افراد میں بیشتر کا تعلق کوئٹہ شہر سے بتایا گیا ہے۔ گرفتار افراد کو ضروری قانونی کارروائی کے بعد ضلعی انتظامیہ کے حوالے کیا گیا، جہاں قانونی طریق کار کے تحت انہیں 30 روز کے لیے جیل منتقل کر دیا گیا۔ اس موقع پر ڈائریکٹر جنرل سوشل ویلفیئر بلوچستان میر سیف اللہ خان کھیتران نے کہا کہ پیشہ ورانہ گداگری کے خاتمے کے لیے صرف کارروائی کافی نہیں بلکہ ایسے افراد کی اصلاح، بحالی اور فلاح و بہبود کے لیے بھی موثر اقدامات ضروری ہیں۔ انہوں نے کہا کہ سوشل ویلفیئر ڈیپارٹمنٹ کی جانب سے پیشہ ورانہ گداگری کے خاتمے، مستحق افراد کی نشاندہی، ان کی بحالی اور انہیں باعزت طریقے سے معاشرے کا فعال حصہ بنانے کے لیے جامع پروگرام اور موثر طریق کار پر کام جاری ہے، جو جلد پائی تکمیل تک پہنچے گا۔ میر سیف اللہ خان کھیتران نے کہا کہ سوشل ویلفیئر ڈیپارٹمنٹ اور ضلعی انتظامیہ کے باہمی تعاون سے کوئٹہ شہر میں پیشہ ورانہ گداگری کے خاتمے کے لیے کارروائیوں کا سلسلہ جاری رکھا جائے گا جبکہ حقیقی مستحق اور ضرورت مند افراد کی فلاح و بہبود کے لیے بھی عملی اقدامات کیے جائیں گے۔ انہوں نے کہا کہ معاشرے کے مستحق افراد کو سہولیات اور باعزت روزگار کے مواقع فراہم کرنا حکومت کی ترجیحات میں شامل ہے، اس مقصد کے لیے متعلقہ اداروں کے درمیان مؤثر رابطہ اور تعاون مزید بہتر بنایا جائے گا۔

(35)

تمام فریقین کے ساتھ بات چیت کے تمام ممکنہ راستے کھلے رکھنے چاہئیں۔ اختلافات چاہے سیاسی ہوں یا قومی نوعیت کے، ان کا حل باہمی گفت وشنید، مذاکرات اور سنجیدہ مشاورت کے ذریعے تلاش کرنا ہی ملک وقوم کے وسیع تر مفاد میں ہے۔ موجودہ حالات میں عوام پہلے ہی شدید مشکلات کا شکار ہیں۔ مہنگائی نے عام آدمی کی کمر توڑ دی ہے جبکہ پیٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں اتار چڑھاؤ اور اضافے نے روزمرہ زندگی کو مزید دشوار بنادیا ہے۔ آمدورفت سے لے کر اشیائے ضروریہ تک ہر شعبے پر اس کے اثرات مرتب ہوتے ہیں اور محدود آمدن رکھنے والا طبقہ سب سے زیادہ متاثر ہوتا ہے۔ ایسے میں حکومت کی ذمہ داری ہے کہ عوامی مشکلات کو سنجیدگی سے محسوس کرے اور انہیں زیادہ سے زیادہ ریلیف فراہم کرنے کے لیے عملی اقدامات کرے۔ ملکی معیشت اور عوامی زندگی پہلے ہی دباؤ کا شکار ہیں، اس لیے سیاسی کشیدگی اور باہمی محاذ آرائی میں مزید اضافہ مسائل کو حل کرنے کے بجائے انہیں پیچیدہ کر سکتا ہے۔ حکومت اور تمام سیاسی وقومی قوتوں کو چاہیے کہ ملکی مفادات کو مقدم رکھتے ہوئے مذاکرات، مشاورت اور مفاہمت کا راستہ اختیار کریں تاکہ ملک کو موجودہ مشکلات سے نکالنے کے لیے مشترکہ لائحہ عمل تشکیل دیا جاسکے۔ کوہاٹ میں ہونے والی بم دھماکے کی شدید الفاظ میں مذمت کرتے ہوئے کہا کہ مسجد جیسی مقدس جگہ کے قریب ہونے والا یہ المناک واقعہ انتہائی افسوسناک ہے۔ قیمتی انسانی جانوں کا ضیاع پوری قوم کے لیے باعثِ تشویش اور دکھ ہے۔ جاں بحق ہونے والے افراد کے اہل خانہ کے غم میں پوری قوم شریک ہے جبکہ زخمیوں کی جلد صحت یابی کے لیے دعا گو ہیں۔ امن و امان قائم کرنا حکومت کی بنیادی ذمہ داری ہے۔ شہریوں کی جان و مال کا تحفظ ریاست کی اولین ذمہ داریوں میں شامل ہے، اس لیے ایسے واقعات کی روک تھام کے لیے مؤثر اقدامات، سیکیورٹی انتظامات اور ذمہ دار اداروں کی کارکردگی کا مسلسل جائزہ ضروری ہے۔ اگر کسی بھی سطح پر غفلت، کوتاہی یا غلطی ثابت ہو تو قانون کے مطابق ذمہ دار افراد کا تعین کرکے انہیں سزا دی جائے، تاکہ آئندہ ایسے واقعات کی روک تھام ممکن ہو اور عوام کا ریاستی اداروں پر اعتماد مزید مضبوط ہو۔ ملک کو اس وقت محاذ آرائی نہیں بلکہ سنجیدگی، تدبر، مذاکرات، امن اور قومی یکجہتی کی ضرورت ہے۔ حکومت کو چاہیے کہ عوامی مشکلات کا ازالہ، امن وامان کا قیام اور قومی مفادات کا تحفظ اپنی ترجیحات میں شامل کرے اور تمام متعلقہ فریقین کے لیے مذاکرات اور بات چیت کے دروازے کھلے رکھے۔

(36)

موبائل لانچرز اور ان کی ترمیمی کٹس شامل ہیں ۔اس کی علاوہ ڈرون مخالف ریڈار اسپیئر پارٹس، سافٹ ویئر اور تکنیکی و لاجسٹک معاونت شامل ہیں۔ اگر معاہدہ مکمل ہوتا ہے تو اس کی مالی اعانت یورپی ممالک کی شراکت اور سابق امریکی انتظامیہ کے مختص کردہ فنڈز سے کی جائے گی۔ معاہدہ ابھی کانگریس کے جائزے سے بھی گزرنا ہے۔

(37)

کا مقصد ایران کی پائیدار سیکیورٹی کے قیام میں مدد، عوامی طاقت کا مظاہرہ اور ملک دشمنوں کی جانب سے لاحق خطرات کے خلاف مزاحمت مضبوط بنانا ہے۔ ریلی سے خطاب میں بسیج تنظیم کے سربراہ حسین طائب نے جان فدا مہم کو دنیا کی جنگی تاریخ کی سب سے بڑی عوامی مہم، ایران کے جمہوری تشخص اور خطرات کے مقابل عوام کی ثابت قدمی کی علامت قرار دیا۔ انہوں نے کہا کہ مستقبل قریب میں دنیا امریکیوں کو شکست کے ساتھ اس خطے سے نکلتے ہوئے دیکھے گی۔

(38)

معیار کا الزام لگاتے ہوئے کہا ہے کہ آئی اے ای اے امریکا اور جنوبی کوریا کی جوہری سرگرمیوں کو نظر انداز جبکہ شمالی کوریا کی دفاعی جوہری سرگرمیوں کے خلاف قرارداد منظور کر رہا ہے۔ شمالی کوریا کا کہنا ہے کہ امریکا اور مغربی ممالک کی جانب سے پیش کی گئی قرارداد ہماری جوہری طاقت کی حیثیت پر کوئی اثر نہیں ڈال سکتی۔

(39)

گا۔ نئے اوقات کار کے مطابق گوادر ایئرپورٹ پیر اور جمعرات کو دوپہر 2 بج کر 15 منٹ سے شام 4 بج کر 45 منٹ تک کھلا رہے گا۔ گوادر ایئرپورٹ منگل کو صبح 7 بج کر 30 منٹ سے 9 بج کر 30 منٹ تک اور دوپہر 12 بج کر 30 منٹ سے 2 بج کر 15 منٹ تک آپریشنل رہے گا۔ اسی طرح اتوار کے روز گوادر ایئرپورٹ صبح 10 بجے سے دوپہر ڈیڑھ بجے تک کھلا رہے گا۔ ایئرپورٹ کے نئے اوقات کار 30 دسمبر 2026 تک نافذ العمل رہیں گے۔ مقررہ اوقات کار کے علاوہ گوادر ایئرپورٹ سے پرواز کے خواہشمند سول یا فوجی طیاروں کو 24 گھنٹے قبل ایئرپورٹ انتظامیہ کو اطلاع دینا ہوگی۔ ذرائع کے مطابق غیر شیڈولڈ سول اور نان سول طیاروں کے آپریشنز میں سہولت فراہم کرنے کے لیے بھی پیشگی اطلاع دینا لازمی قرار دیا گیا ہے۔

(40)

کے مطابق وزیر اعظم محمد شہباز شریف نے ملک بھر سے اسکیم سے متعلق موصول ہونے والی آراکی روشنی میں ایک اور اہم فیصلہ کرتے ہوئے ہدایت کی ہے کہ 5 لیٹر سے کم پیٹرول ڈلوانے والے موٹر سائیکل، چنگ چی اور رکشوں کو بھی رعایت دی جائے۔ اس طرح 1 ہفتے میں 5 لیٹر سے کم پیٹرول ڈلوانے والوں کو بھی رعایت ملے گی۔ وزیرِ اعظم آفس کے مطابق ہفتہ وار ایک ٹوکن اور مہینے میں 4 ٹوکن جاری کیے جائیں گے، 800 سی سی تک گاڑی والے ہر 10 روز میں 10 لیٹر پیٹرول پر 100 روپے فی لیٹر کی رعایت حاصل کریں گے۔ وزیرِ اعظم آفس کا یہ بھی کہنا ہے کہ 1 مہینے میں 10 لیٹر کے 3 ٹوکن جاری کرنے کا سلسلہ بھی چلتا رہے گا۔ واضح رہے کہ پہلے ہی وزیرِ اعظم کی ہدایت پر یکم جنوری 2006 کے بعد رجسٹرڈ موٹر سائیکلیں، رکشے اور چنگ چی رکشے بھی ریلیف اسکیم میں شامل کرلیے گئے ہیں۔

(41)

نے تحویل میں لے لیں، جبکہ خلاف ورزی کرنے والوں پر جرمانے بھی عائد کیے گئے۔ حکام نے دکانداروں کو ہدایت کی کہ وہ سڑکوں اور فٹ پاتھوں پر سامان رکھنے اور غیر قانونی پارکنگ سے گریز کریں، بصورت دیگر مزید قانونی کارروائی عمل میں لائی جائے گی۔ ایس ڈی پی او غلام اکبر نے کہا کہ شہریوں کی سہولت، ٹریفک کی روانی اور سڑکوں کو تجاوزات سے پاک رکھنے کے لیے کارروائی بلاامتیاز اور مسلسل جاری رہے گی۔ انہوں نے عوام اور تاجر برادری سے اپیل کی کہ وہ انتظامیہ اور پولیس کے ساتھ تعاون کریں اور سرکاری وعوامی راستوں پر غیر قانونی تجاوزات قائم کرنے سے گریز کریں۔

(42)

حملے کسی صورت قابل قبول نہیں۔ قطری وزارت خارجہ نے کہا کہ قطر ہر قسم کے تشدد، دہشت گردی اور جرائم کو مسترد کرتا ہے، عبادت گاہوں کو نشانہ بنانے اور شہریوں میں خوف پھیلانا ناقابل قبول نہیں، جاں بحق افراد کے اہلخانہ، حکومت اور پاکستانی عوام سے اظہار تعزیت کرتے ہیں۔ ایرانی وزارت خارجہ کے ترجمان اسماعیل بقائی نے کہا کہ ایران دہشت گردی اور انتہا پسندی کی تمام اقسام کی پرزور مذمت کرتا ہے۔ اسماعیل بقائی کا کہنا تھا کہ عام شہریوں کے خلاف دہشت گردانہ کارروائیوں کا کوئی جواز نہیں، دہشت گردی کے خاتمے کے لیے علاقائی ممالک کے درمیان تعاون اور باہمی رابطوں کو مزید مضبوط بنانے کی ضرورت ہے۔ قبل ازیں سعودی وزارت خارجہ نے صوبہ خیبرپختونخوا میں ایک مسجد کو نشانہ بنائے جانے والے دہشتگرد حملے کی شدید مذمت کی ہے۔ حملے کے نتیجے میں متعدد افراد ہلاک اور زخمی ہوئے۔ ایس پی اے کے مطابق سعودی وزارت خارجہ کی جانب سے جاری بیان میں مزید کہا گیا ہے کہ سعودی عرب ہر قسم کے تشدد، انتہا پسندی اور دہشت گردی کے خلاف برادر اسلامی جمہوریہ پاکستان کے ساتھ کھڑا ہے۔ بیان میں دہشتگردی کی کارروائی میں ہلاک ہونے والوں کے اہل خانہ اور حکومت و پاکستانی عوام سے دلی تعزیت اور ہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے زخمیوں کی جلد صحت یابی کے لیے نیک خواہشات کا اظہار کیا گیا۔

(43)

میں اسپیشل روڈ سیکیورٹی فورس نے منشیات کی اسمگلنگ کے الزام میں ایک شہری کو گرفتار کرلیا، جس کی گاڑی سے 3 کلوگرام چرس اور نشہ آور 2380 گولیاں برآمد ہوئیں جو گاڑی کے اندر چھپا کر رکھی گئی تھیں۔ حکام کے مطابق سیکورٹی فورس کے ذمہ داراں نے بتایا کہ ملزم کو حراست میں لے لیا گیا ہے اور اس کے خلاف قانونی کارروائی کرکے اسے متعلقہ حکام کے سپرد کر دیا گیا۔ حکام نے شہریوں سے اپیل کی ہے کہ منشیات کی روک تھام کے لئے وہ حکام کے ساتھ تعاون جاری رکھے، اور مشکوک افراد کی اطلاع متعلقہ حکام کو دیں تاکہ ان کے خلاف بروقت کاروائی عمل میں لائی جاسکے۔

(44)

باقاعدہ تصدیق کردی۔ صحافیوں سے غیر رسمی گفتگو کرتے ہوئے سینیٹ میں قائدِ حزب اختلاف علامہ راجہ ناصر عباس نے اس اہم رابطے کا اس وقت انکشاف کیا، جب صحافی کی جانب سے سوال پوچھا گیا کہ کیا اس ہفتے آپ کی وفاقی وزیرِ داخلہ محسن نقوی سے ملاقات ہوئی؟ اس کا جواب دیتے ہوئے انہوں نے واضح طور پر تصدیق کی کہ جی بالکل، ہماری ملاقات ہوئی ہے۔ علامہ راجہ ناصر عباس نے بتایا کہ اس نشست میں بانی پی ٹی آئی عمران خان کی قید، ادویات و سہولیات کے معاملات سمیت اپوزیشن کے 27 ستمبر کے مجوزہ لانگ مارچ اور دیگر اہم سیاسی امور پر تفصیلی گفتگو کی گئی، تاہم یہ ملاقات وزیرِ داخلہ محسن نقوی کی ذاتی خواہش اور درخواست پر ہوئی تھی، میں نے خود اپنی طرف سے حکومت یا وزیرِ داخلہ سے ملاقات کی کوئی درخواست نہیں کی تھی۔ اس موقع پر پریس کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے علامہ راجہ ناصر عباس نے کہا کہ نظام کولپس کرچکا ہے، ہمارا سیاسی نظام کولپس کرچکا ہے، عدلیہ کا نظام کولپس کرچکا ہے اور اس کی مثالیں آپ کے سامنے ہیں تو اس کا براہ راست بوجھ کون اٹھا رہا ہے؟ پاکستان کے عوام اٹھا رہے ہیں جو ہر لحاظ سے کچلے جا رہے ہیں اور قربانیاں دے رہے ہیں، دوسری جانب ہمارے جو حکمران ہیں، اگر ان کا انداز حکمرانی دیکھیں تو انسان حیران رہ جاتا ہے، ایسا تو شاید پرانے وقتوں کے بادشاہ بھی نہ کرتے ہوں۔ ان کا کہنا تھا کہ ہم اپنے آپ کو مسلمان کہتے ہیں، قرآن و سنت کو سپریم سمجھتے ہیں اور ہمارے آئین کے مطابق حاکمیتِ اعلیٰ صرف اللہ کی ہے، اسی قرآن نے اسراف اور تبذیر کو حرام قرار دیا ہے، اسراف اور تبذیر وہ بیماریاں ہیں جو معیشت کو دیمک کی طرح کھا جاتی ہیں، اسراف کیا ہے؟ اگر آپ کی کھانے کی میز پر پانچ افراد ہیں اور آپ ان کی ضرورت سے زیادہ حلال کھانا لے آئیں تو یہ اسراف ہے، وہ کھانا تو حلال ہے حرام نہیں، لیکن اسے ضرورت سے زیادہ لانا اسراف ہے، اور یہ حرام اور گناہ ہے جبکہ تبذیر سے مراد وسائل کے اللے تللے اور ان کا ناجائز استعمال ہے۔ قائد حزب اختلاف سینیٹ نے مزید کہا کہ آپ موجودہ پاکستان کا انداز حکمرانی دیکھ لیں، پنجاب کی وزیرِ اعلیٰ کا انداز حکمرانی دیکھ لیں، محض ایک سفر پر کروڑوں روپے خرچ ہو جاتے ہیں، یہ واضح اسراف ہے اور اگر یہ اخراجات خلاف قانون تھے تو یہ تبذیر ہے، یہ دونوں کام حرام اور گناہ کبیرہ ہیں، یہ ہرگز جائز نہیں ہیں، پاکستان کے تمام پڑھے لکھے لوگ جو قرآن و سنت کا فہم رکھتے ہیں، وہ یہی کہیں گے کہ یہ اسراف بھی ہے اور تبذیر بھی ہے، یہ سراسر حرام اور گناہ ہے، اگر ہم کسی جگہ گاڑی پر جا سکتے ہیں لیکن بائی ایئر جاتے ہیں تو یہ حرام ہے، ایسا ہرگز نہیں کرنا چاہیے۔

(45)

اسپتال کے چیف ڈسٹرکٹ اسپیشلسٹ ڈاکٹر اسرائیل خان اورکزئی بھی شامل ہیں۔ واضح رہے کہ پولیس لائنز مسجد دھماکے اور حملے میں 100 سے زائد افراد زخمی ہیں، جبکہ شہدا میں 16 پولیس اہلکار اور 6 شہری شامل ہیں۔ شہدا میں ایس پی ٹریفک اکبر شنواری اور 2 پولیس اہلکار بھائی نعمت اللہ اور محرر عصمت اللہ بھی شامل ہیں جن کا تعلق لکی مروت سے تھا۔ مشترکہ آپریشن میں حملہ آوروں میں شامل اسنائپر سمیت تمام 6 دہشت گردوں کو ہلاک کردیا گیا۔

(46)

کر کے تمام داخلی و خارجی راستوں پر سخت چیکنگ شروع کر دی گئی ہے۔ واضح رہے کہ گزشتہ روز کوہاٹ میں پولیس لائن کی مسجد پر خودکش حملہ ہوا تھا جس میں 16 پولیس اہلکاروں اور 6 شہریوں سمیت 22 افراد شہید اور 103 زخمی ہوئے ہیں۔ پولیس کے مطابق زخمیوں میں 73 اہلکار جبکہ 30 عام شہری شامل ہیں۔

(47)

کے حوالے معاملات پر بھی تفصیلی گفتگو ہوئی علامہ راجہ ناصر عباس بتایا کی وفاقی وزیر داخلہ سے ملاقات میں تحریک انصاف کے لانگ مارچ اور عمران خان سے متعلق امور پر گفتگو ہوئی ہے، یہ ملاقات ان کی خواہش پر ہوئی، میں نے کسی سے درخواست نہیں کی تھی علامہ راجہ ناصر عباس نے کہا کہ ایک اہم وفاقی وزیر کے مطابق پاکستان کا نظام منہدم ہو چکا ہے، معاشی اور عدالتی نظام مکمل تباہ ہو چکا ہے انہوں نے کہا کہ حکمرانوں کا انداز ایسا ہے کہ انسان حیران ہوتا ہے، ٹیکس اور عوام کے پیسوں سے جہاز استعمال کرنا غلط ہے ۔انہوں نے کہا کہ پمز میں پیش آنے والا واقعہ بھی ملک میں خرابیوں کی نشانیوں میں سے ایک ہے سینیٹ میں قائد حزب اختلاف نے کہا کہ ایمان مزاری اور ہادی علی چٹھہ کو رہائی کے حکم کے باوجود گرفتار کیا گیا، ایمان مزاری کے گلے میں ہار ڈالنا چاہیے کہ وہ آواز بلند کرتی ہیں راجہ ناصر عباس کا کہنا تھا کہ آپ صوبے بنانے کا نیا قدم اٹھا رہے ہیں، آپ پر کوئی اعتماد نہیں کرتا دوسری جانب پریس کانفرنس کے دوران اپوزیشن اتحاد تحریکِ تحفظ آئین پاکستان کے رہنما اور سابق گورنر سندھ محمد زبیر نے کہا ہے کہ طاقت ور وزیر کہتے ہیں کہ 10 سال بھی لگے رہیں تو بہتری نہیں آئے گی، پاکستان میں متوسط طبقہ مکمل تباہ ہو چکا ہے انہوں نے کہا کہ معیشت کی بنیاد سرمایہ کاری اور روزگار کے مواقع ہوتے ہیں، جتنی جلدی ممکن ہو، موجودہ حکومت کو گھر بھیجا جانا چاہیے۔ کی اطلاع پر چھاپہ مارا گیا۔ چھاپے کے دوران دہشتگردوں نے اہلکاروں پر فائرنگ کردی۔

کوئٹہ، گھر میں موٹر سائیکل پر بارودی مواد نصب کرتے ہوئے دھماکا، 2 افراد جاں بحق

موٹر سائیکل میں تقریبا ایک کلوگرام وزنی دھماکا خیز مواد استعمال کیا گیا تھا، بم ڈسپوزل ٹیم

کوئٹہ (جی این ایم) کوئٹہ کے علاقے سریاب کیچی بیگ، کلی اللہ آباد میں ایک گھر کے اندر موٹر سائیکل میں دھماکے کے نتیجے میں 2 افراد جاں بحق ہوگئے۔ ایس ایچ او کیچی بیگ پولیس مجاہد ملغانی کے مطابق واقعہ گزشتہ روز کیچی بیگ تھانے کی حدود میں پیش آیا۔ واقعے کے (باقی صفحہ 3 نمبر 9)

مشرق وسطی کی صورت حال کے پاکستانی معیشت پر منفی اثرات آنا شروع

گزشتہ مالی سال کے مقابلے میں ملکی برآمدات میں ایک ارب 20 کروڑ ڈالر سے زائد کی کمی ریکارڈ

اسلام آباد (جی این ایم) مشرق وسطی کی صورتحال کے پاکستانی معیشت پر منفی اثرات سامنے آنا شروع ہوگئے ہیں۔ گزشتہ مالی سال کے مقابلے میں ملکی برآمدات میں ایک ارب 20 کروڑ ڈالر سے زائد کی کمی ریکارڈ کی گئی ہے، جبکہ مالی سال 2025-26 میں پاکستان کا مجموعی برآمدی حجم 30 ارب 80 کروڑ ڈالر رہا۔ اعداد و شمار کے مطابق مالی سال 2025-26 میں (باقی صفحہ 3 نمبر 10)



شیرانی: ڈپٹی کمشنر شیرانی کلیم اللہ کاکڑ بچے کو پولیو کے قطرے پلا کر مہم کا افتتاح کر رہے ہیں

وفاقی حکومت نے پیٹرول ریلیف اسکیم ایک ٹوکن پر 5 لیٹر پیٹرول کی حد ختم کردی گئی

5 لیٹر سے کم پیٹرول ڈلوانے والے موٹر سائیکل، چنگ چی اور رکشوں کو ہفتے میں 500 روپے کی رعایت ملے گی

اسلام آباد (جی این ایم) وفاقی حکومت نے پیٹرول ریلیف اسکیم کے تحت ایک ٹوکن پر 5 لیٹر پیٹرول کی حد ختم کردی ہے اسلام آباد میں پریس کانفرنس کرتے ہوئے (باقی صفحہ 3 نمبر 11)

صحافی نصیر احمد کے ساتھ افسوسناک واقعہ، آل پاکستان صحافت کونسل کی شدید مذمت

صحافیوں پر حملے آزادی صحافت پر حملہ ہیں، ملزمان کو فوری گرفتار کرکے قانون کے مطابق سزا دی جائے، ملک قیصر عباس

کوئٹہ، اسلام آباد (جی این ایم) آل پاکستان صحافت کونسل کے صدر ملک قیصر عباس نے سینئر صحافی اور خبر رساں ادارے یو این اے کے بیورو چیف نصیر احمد کے ساتھ پیش آنے والے افسوسناک واقعے کی پرزور الفاظ میں مذمت کرتے ہوئے قانون نافذ کرنے والے اداروں سے (باقی صفحہ 3 نمبر 12)

محکمہ جنگلات کی بھرتیوں کی منسوخی کی شدید مذمت

تین ماہ سے سرکاری فرائض انجام دینے والے ملازمین کو ایک رکن اسمبلی کے کہنے پر ہٹانا ناانصافی ہے، رحیم کاکڑ

کوئٹہ (جی این ایم) پاکستان تحریک انصاف کے رہنما رحیم کاکڑ نے محکمہ جنگلات کے حالیہ بھرتیوں کی منسوخی کی مذمت کرتے ہوئے بیان میں کہا ہے کہ تین ماہ ہوگئے ان ملازمین کو ڈیوٹی کرتے ہوئے اور سیکڑوں کی تعداد میں ملازمین نے محکمہ جنگلات کی مختلف پوسٹوں پر ٹیسٹ (باقی صفحہ 3 نمبر 13)

اورماڑہ میں خطرناک مچھر ایڈیز ایجپٹی کی بڑی تعداد میں موجودگی کا انکشاف

ایڈیز ایجپٹی ڈینگی وائرس، چکن گونیا اور زیکا وائرس کے پھیلاؤ کا سبب بن سکتا ہے، وائلڈ لائف ایکسپرٹ محمود سگار

اورماڑہ (جی این ایم) اورماڑہ شہر اور اس کے گردونواح میں مہلک بیماریوں کا سبب بننے والے خطرناک مچھر ایڈیز ایجپٹی Aedes aegypti کی بڑی تعداد میں موجودگی کی نشاندہی کی گئی ہے جس کے بعد علاقے میں ڈینگی، چکن گونیا اور زیکا وائرس جیسی وبائی بیماریاں پھیلنے کا شدید خدشہ پیدا ہوگیا ہے۔ ماحولیاتی صحافی اور وائلڈ لائف ریسرچر محمود سگار کے مطابق (باقی صفحہ 3 نمبر 14)

لورالائی، تجاوزات کے خلاف ضلعی انتظامیہ اور پولیس کی کارروائی دوسرے روز بھی جاری

شہریوں کی سہولت اور ٹریفک کی روانی کے لیے آپریشن بلاامتیاز جاری رہے گا، ایس ڈی پی او صدر غلام اکبر

لورالائی (جی این ایم) لورالائی شہر میں ٹریفک کی روانی میں حائل تجاوزات کے خلاف ضلعی انتظامیہ اور پولیس کی کارروائی دوسرے روز بھی جاری رہی۔ ایس ڈی پی او صدر غلام اکبر کی سربراہی میں ٹریفک پولیس اور میونسپل کمیٹی کے عملے نے ہزارہ محلہ، تحصیل روڈ اور گردونواح میں دکانوں کے سامنے سڑکوں پر قائم تجاوزات کے خلاف کارروائی کی۔ آپریشن کے دوران دکانوں کے باہر سڑکوں پر رکھا گیا سامان، نو پارکنگ ایریاز میں موجود رکاوٹیں اور دیگر تجاوزاتی اشیا ہٹا کر ٹریفک پولیس (باقی صفحہ 3 نمبر 41)



صحبت پور: ڈپٹی کمشنر فریدہ ترین بچے کو پولیو سے بچاؤ کے قطرے پلا کر پانچ روزہ مہم کا افتتاح کر رہی ہے

شمالی کوریا نے جوہری حیثیت ختم کرنے کی عالمی قرارداد مسترد کردی

امریکا اور مغربی ممالک کی قرارداد ہماری جوہری طاقت کی حیثیت پر کوئی اثر نہیں ڈال سکتی، وزارت خارجہ

پیانگ یانگ (جی این ایم) شمالی کوریا نے عالمی جوہری توانائی ایجنسی کی جوہری پروگرام کے خلاف قرارداد مسترد کرتے ہوئے اپنی جوہری طاقت کی حیثیت کو ناقابل واپسی قرار دے دیا۔ شمالی کوریا کی وزارت خارجہ کے مطابق ملک کا جوہری دفاعی نظام مضبوط ہے اور دشمن قوتوں کی کوششوں سے اسے ختم نہیں کیا جاسکتا۔ کم جونگ ان کی بہن کم یو جونگ نے عالمی ادارے پر دوہرے (باقی صفحہ 3 نمبر 38)

امریکا کی یوکرین کے لیے 2.68 ارب ڈالر کے فوجی پیکیج کی منظوری

ڈرون مخالف ریڈار اسپیئر پارٹس، سافٹ ویئر اور تکنیکی ولاجسٹک معاونت شامل

واشنگٹن (جی این ایم) امریکا نے یوکرین کے لیے 2.68 ارب ڈالر کے ممکنہ فوجی پیکیج کی منظوری دی ہے۔ امریکی محکمہ خارجہ نے یوکرین کے فضائی دفاع کو اپ گریڈ کرنے کے لیے فوجی ساز و سامان کی فروخت کی منظوری دی ہے، جس کی حتمی تکمیل ابھی باقی ہے۔ پیکیج میں S-300 طرز کے میزائل، GAM-67 میزائل، GAM-67 فاصلے کے فضائی دفاعی نظام اور (باقی صفحہ 3 نمبر 36)

ملکی مفادات کی خاطر حکومت مذاکرات کے راستے بند نہیں بلکہ تمام راستے کھول دے ذوالفقار

مہنگائی اور پیٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں اضافے نے عوام کی زندگی اجیرن کردی، فوری ریلیف ضروری

کوئٹہ (جی این ایم) اہل سنت و جماعت کے رہنما فیضان اولیاء کے بانی ذوالفقار علی طارق قادری نے آستانہ عالیہ فیضان اولیاء میں وفد سے ملاقات میں گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ ملک اس وقت انتہائی گمبھیر صورتحال سے دوچار ہے، ایسے حالات میں قومی مفادات، ملکی استحکام اور عوامی مسائل کو سامنے رکھتے ہوئے حکومت کو مذاکرات کے راستے بند کرنے کے بجائے (باقی صفحہ 3 نمبر 35)

کوئٹہ شہر میں پیشہ ورانہ گداگری کے خاتمے کے لیے کریک ڈاؤن کا سلسلہ جاری

حقیقی مستحق اور ضرورت مند افراد کی فلاح و بہبود کے لیے بھی عملی اقدامات کیے جائیں گے

کوئٹہ (اے پی پی) ڈائریکٹر جنرل سوشل ویلفیئر بلوچستان میر سیف اللہ خان کھیتران کی خصوصی ہدایات پر سوشل ویلفیئر ڈیپارٹمنٹ اور ضلعی انتظامیہ کوئٹہ ویسٹ کے زیر نگرانی کوئٹہ شہر میں پیشہ ورانہ گداگری کے خاتمے کے لیے کریک ڈاؤن کا سلسلہ جاری ہے۔ اس سلسلے میں جمعرات کو سریاب روڈ، قمبرانی روڈ، سروے، زمیندار گلی سمیت کوئٹہ کے مختلف علاقوں میں (باقی صفحہ 3 نمبر 34)



کوئٹہ: سکھ برادری کی جانب سے آج رجڑ روڈ کے تاریخی گوردوارہ کے حوالے سے سردار اویناش سنگھ، ہندو پنچایت کے صدر سنیل ہاچاج، سودیو کمار اور دیگر پریس کانفرنس کر رہے ہیں

کراچی، مختلف علاقوں میں مبینہ مقابلے، 2 دہشتگرد، ڈکیت سمیت 4 ملزمان ہلاک

کراچی (جی این ایم) شہر قائد کے مختلف علاقوں میں پولیس اور قانون نافذ کرنے والے اداروں سے مبینہ مقابلوں میں 4 ملزمان ہلاک ہوگئے جبکہ ایک ملزم کو گرفتار کرلیا گیا۔ تفصیلات کے مطابق منگھوپیر غازی گوٹھ کے قریب سی ٹی ڈی کی جانب سے دہشتگردوں کی موجودگی (باقی صفحہ 3 نمبر 8)

لاہور، 8 سالہ طالب علم پر تشدد، خاتون ٹیچر گرفتار

لاہور (جی این ایم) لاہور کے علاقے بادامی باغ میں 8 سالہ طالب علم پر مبینہ تشدد کرنے والی خاتون ٹیچر کو پولیس نے گرفتار کرلیا۔ پولیس کے مطابق بادامی باغ کے علاقے میں لیڈی ٹیچر عیشا نے دوسری جماعت کے طالب علم عدنان کو چھڑی سے مارا، چھڑی سر پر لگنے سے بچہ زخمی ہوگیا۔ پولیس نے بچے پر تشدد میں ملوث لیڈی ٹیچر کو گرفتار کرکے مقدمہ درج کرلیا۔

کراچی، مدرسہ کی طالبہ سے نازیبا حرکت کرنے والا ملزم گرفتار

کراچی (جی این ایم) کراچی کے علاقے سرجانی ٹاؤن میں پولیس نے مدرسے کی طالبہ سے مبینہ نازیبا حرکت کرنے والے ملزم کو گرفتار کرلیا۔ ایس ایس پی ویسٹ کے مطابق گرفتار ملزم کی شناخت نجف علی کے نام سے ہوئی ہے۔ پولیس کا کہنا ہے کہ ملزم نے مدرسے جانے (باقی صفحہ 3 نمبر 15)

اقوام متحدہ، قطر، سعودیہ اور ایران کی کوہاٹ پولیس لائنز مسجد پر حملے کی مذمت

اسلام آباد (جی این ایم) اقوام متحدہ، قطر، سعودی عرب اور ایران نے کوہاٹ پولیس لائنز مسجد پر حملے کی شدید مذمت کی ہے۔ اقوام متحدہ کے سیکرٹری جنرل انتونیو گوتریس نے کوہاٹ دہشت گردانہ حملے کی شدید الفاظ میں مذمت کی اور کہا کہ شہریوں اور عبادت گاہوں پر (باقی صفحہ 3 نمبر 42)

وزیراعظم ریلیف اسکیم، 5 لیٹر سے کم پیٹرول ڈلوانے پر بھی ریلیف

اسلام آباد (جی این ایم) وزیراعظم خصوصی ریلیف اسکیم کا پورے پاکستان میں اجرا ہوگیا جس کے تحت ملک بھر میں 100 روپے فی لیٹر رعایتی نرخوں پر پیٹرول کی فراہمی جاری ہے۔ وزیراعظم آفس کی جانب سے جاری بیان (باقی صفحہ 3 نمبر 40)

گوادر ایئرپورٹ ہفتے میں 3 دن بند رہے گا، نئے اوقات جاری

گوادر (جی این ایم) گوادر ایئرپورٹ کے نئے اوقات کار جاری کردیئے گئے۔ تفصیلات کے مطابق گوادر ایئرپورٹ بدھ، جمعہ اور ہفتے کو بند رہے گا، جبکہ دیگر دنوں میں مخصوص اوقات کے دوران پروازوں کا آپریشن جاری رہے (باقی صفحہ 3 نمبر 39)

ایران نے 3 لاکھ 13 ہزار رضاکار متحرک کردیئے

تہران (جی این ایم) ایران نے دشمن عناصر سے ملک کو لاحق خطرات سے نمٹنے کے لیے 3 لاکھ 13 ہزار جان نثار متحرک کردیئے۔ تہران میں امام حسین اسکوائر سے انقلاب اسکوائر تک بڑا جلوس نکالا گیا، جس میں جان فدا مہم کی جنگی بٹالینز اور مختلف شعبوں سے تعلق رکھنے والے افراد نے شرکت کی۔ منتظمین کے مطابق جان فدا مہم (باقی صفحہ 3 نمبر 37)



لورالائی: اسسٹنٹ کمشنر لورالائی ندیم اکرم پانی غیر قانونی کنکشنز کے حوالے سے اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

حکومت اور اپوزیشن کے درمیان اہم ترین رابطہ کا انکشاف

محسن نقوی سے ان کی درخواست پر ملاقات کی، لانگ مارچ اور عمران خان سے متعلق امور پر تفصیلی گفتگو ہوئی، علامہ راجہ ناصر عباس

اسلام آباد (جی این ایم) حکومت اور اپوزیشن کے درمیان اہم ترین رابطہ ہوا ہے سینیٹ میں اپوزیشن لیڈر علامہ راجہ ناصر عباس نے صحافیوں سے گفتگو میں انکشاف کیا کہ ان کی وزیرداخلہ محسن نقوی سے ملاقات ہوئی ہے۔ راجہ ناصر عباس نے تصدیق کی کہ ملاقات عمران خان (باقی صفحہ 3 نمبر 5)

کوہاٹ پولیس لائنز دھماکا، شہدا کی تعداد 22 ہوگئی

کوہاٹ (جی این ایم) کوہاٹ کے اولڈ پولیس لائنز دھماکے کے مقام سے 1 اور پولیس اہلکار کی لاش ڈی ایچ کیو اسپتال منتقل کردی گئی جس کے بعد شہدا کی تعداد 22 ہوگئی ہے۔ میڈیکل سپرنٹنڈنٹ کوہاٹ اسپتال ڈاکٹر طاہر شاہ کا کہنا ہے کہ شہدا میں لیاقت میموریل (باقی صفحہ 3 نمبر 3)

کوہاٹ، پولیس پوسٹ پر دہشتگردوں کی فائرنگ، کوئی جانی نقصان نہیں ہوا

کوہاٹ (جی این ایم) کوہاٹ میں کچہری کے مین گیٹ پر قائم پولیس پوسٹ پر دہشت گردوں کی جانب سے فائرنگ کی گئی۔ پولیس کے مطابق فائرنگ کے واقعے میں کوئی جانی نقصان نہیں ہوا، فائرنگ سے پولیس پوسٹ کو نقصان پہنچا ہے۔ دوسری جانب پولیس لائنز کے قریب تمام دفاتر اور ضلعی عدالتیں بند کردی گئیں۔ پولیس کا کہنا ہے کہ شہر میں ایمرجنسی نافذ (باقی صفحہ 3 نمبر 4)

مکہ مکرمہ میں چرس اور نشہ آور گولیاں رکھنے والا شخص گرفتار

مکہ ریجن کی پولیس نے ملزم سے چرس اور نشہ آور گولیاں برآمد کرکیا نہیں گرفتار کرلیا

ریاض (جی این ایم) سعودی حکام نے مکہ مکرمہ ایک شخص کو گرفتار کرلیا ہے، جس پر چرس اور نشہ آور گولیاں رکھنے کا الزام ہے۔ سعودی اخبار صدی کے مطابق مکہ ریجن (باقی صفحہ 3 نمبر 1)

27 ستمبر لانگ مارچ سے قبل علامہ راجہ ناصر عباس کی محسن نقوی سے ملاقات کی تصدیق

ملاقات میں عمران خان کے معاملات پر گفتگو ہوئی، لانگ مارچ سے متعلق بھی تفصیلی بات ہوئی

اسلام آباد (جی این ایم) سینیٹ میں قائد حزب اختلاف اور مجلس وحدت مسلمین کے سربراہ علامہ راجہ ناصر عباس نے وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی سے اپنی اہم ملاقات کی (باقی صفحہ 3 نمبر 2)



قلات: ڈپٹی کمشنر انجینئر عائشہ زہری بچے کو پولیو کے قطرے پلا کر انسداد پولیو مہم کا آغاز کر رہی ہیں

بلوچستان میں ترقیاتی منصوبوں کی بروقت تکمیل یقینی بنائی جائے گی، میر سلیم کھوسہ

صوبے کے دور دراز علاقوں کو بھی ترقیاتی عمل میں شامل کیا جائے گا، صوبائی وزیر مواصلات

کوئٹہ (جی این ایم) وزیر مواصلات و تعمیرات بلوچستان میر سلیم کھوسہ نے کہا ہے کہ صوبے کے تمام اضلاع میں جاری ترقیاتی منصوبوں کی نگرانی کی جا رہی ہے، عوامی ضروریات کو مدنظر رکھتے ہوئے ترقیاتی بجٹ کے ثمرات ہر علاقے تک پہنچانے کی کوشش کی جائے گی۔ اپنے ایک بیان میں میر سلیم کھوسہ نے کہا کہ مواصلات و تعمیرات کا شعبہ بلوچستان کی ترقی (باقی صفحہ 3 نمبر 6)

نئے انتظامی یونٹس بننے سے کوئی قتل و غارت نہیں ہوگی، مصطفیٰ کمال

نئے صوبے سندھ کو عروج پر لے جائیں گے، ہم پاکستان کو توڑنے نہیں، جوڑنے کی بات کرتے ہیں

پیپلز پارٹی کرپشن چھپانے کیلئے سندھ کارڈ استعمال کرتی ہے، وفاقی وزیر صحت کی پریس کانفرنس

کراچی (جی این ایم) وفاقی وزیر صحت مصطفیٰ کمال نے کہا ہے کہ نئے انتظامی یونٹس کی بات کسی قوم یا زبان کے خلاف نہیں بلکہ انتظامی معاملات بہتر بنانے کے لیے کی جارہی ہے، نئے صوبے سندھ کو عروج پر لے جائیں گے۔ کراچی میں پریس کانفرنس کرتے ہوئے مصطفیٰ کمال نے کہا کہ انتظامی یونٹس سے متعلق منفی باتیں کی جارہی ہیں سندھ میں نیا انتظامی یونٹ بننے سے کوئی قتل و غارت گری نہیں ہوگی، ہم پاکستان کو توڑنے نہیں بلکہ جوڑنے کی بات کررہے ہیں۔ ان کا کہنا تھا کہ نئے یونٹس بننے سے صحت اور تعلیم کا نظام بہتر ہوگا، پیپلز پارٹی کرپشن (باقی صفحہ 3 نمبر 7)



حب: کمشنر لسبیلہ ڈویژن سارہ عطاء کو این آر ایس پی کے ڈسٹرکٹ مینیجر جہانگیر سیلاب متاثرین کی بحالی کے حوالے سے بریفنگ دے رہے ہیں

ایگل اسکواڈ کی غنڈہ گردی اور ہتک آمیز رویہ ناقابل قبول ہے، مولانا عبدالرحمن رفیق

شہریوں کو ہراساں کرنے اور تشدد کا نشانہ بنانے والے اہلکاروں کے خلاف فوری قانونی کارروائی کی جائے، جمعیت علما اسلام کوئٹہ

کوئٹہ (جی این ایم) جمعیت علما اسلام ضلع کوئٹہ کے امیر شیخ الحدیث مولانا عبدالرحمن رفیق، ضلعی جنرل سیکرٹری حاجی عین اللہ شمس، سینئر نائب امیر مولانا خورشید احمد، سیکرٹری اطلاعات عبدالغنی شہزاد اور ڈپٹی سیکرٹری اطلاعات عبدالصمد حقیار نے کہا ہے کہ کوئٹہ میں ایگل اسکواڈ کے اہلکاروں کی جانب سے شہریوں کے ساتھ ہتک آمیز سلوک اور رشوت طلب کیے جانے کے واقعات (باقی صفحہ 3 نمبر 16)

چاغی، قائم مقام ایس ایچ او گل شاہ بس اڈے سے مسلح افراد کے ہاتھوں اغوا

چار نامعلوم مسلح افراد خاکی رنگ کی لینڈ کروزر میں آئے اور پولیس افسر کو ساتھ لے گئے

چاغی (جی این ایم) چاغی بازار کے بس اڈے سے نامعلوم مسلح افراد نے تھانہ چاغی کے قائم مقام ایس ایچ او اور اے ایس آئی گل شاہ کو مبینہ طور پر اغوا کرلیا ہے۔ پولیس ذرائع کے مطابق چار نامعلوم مسلح افراد خاکی رنگ کی ایک لینڈ کروزر گاڑی میں سوار ہو کر بس اڈے پر پہنچے، جہاں اے ایس آئی گل شاہ اس وقت اکیلے موجود تھے۔ مسلح افراد نے انہیں زبردستی اپنی گاڑی میں بٹھایا اور (باقی صفحہ 3 نمبر 21)

وندر، شہر اور گردونواح میں آوارہ کتوں کی بھرمار، شہری خوف و ہراس میں مبتلا

گلی محلوں میں کتوں کے غول آزادانہ گھومنے لگے، بچوں، خواتین اور بزرگوں کا باہر نکلنا محال

وندر (جی این ایم) وندر شہر گردونواح میں آوارہ کتوں کی بھرمار شہری خوف و ہراس کا شکار ہوگئے گلی محلوں اور مختلف آبادیوں میں آوارہ کتوں کے غول آزادانہ گھومنے لگے۔ مرد، خواتین، بزرگ اور معصوم بچے گھروں سے باہر نکلتے ہوئے خوف محسوس کرنے لگے شہریوں نے متعلقہ حکام سے فوری طور پر کتا مار مہم شروع کرنے کا مطالبہ کر دیا۔ تفصیلات کے مطابق وندر شہر اور (باقی صفحہ 3 نمبر 22)

سبی میں غیر اعلانیہ لوڈشیڈنگ فوری ختم کی جائے، خان محمد جتک

کیسکو کی کالی بھیڑوں کی ملی بھگت سے ڈائریکٹ کنکشنز کی بھرمار ادارے کیلئے نقصان دہ ہے

سبی (جی این ایم) پاکستان سنی تحریک کے مرکزی جوائنٹ سیکرٹری خان محمد جتک نے سبی کے دورے کے موقع پر میڈیا وفد سے گفتگو کرتے ہوئے کہا ہے کہ سبی شہر میں جاری غیر اعلانیہ لوڈشیڈنگ کا مکمل خاتمہ کیا جائے شدید گرمی اور حبس میں غیر اعلانیہ لوڈشیڈنگ سے عوام مختلف بیماریوں میں مبتلا ہو رہی ہے ایشیا کے گرم ترین شہر کو اعلانیہ اور غیر اعلانیہ لوڈشیڈنگ سے مستثنیٰ قرار دینے (باقی صفحہ 3 نمبر 23)



تربت: ڈین فیکلٹی آف لینگویج اینڈ لٹریچر عبدالصبور بلوچ یونیورسٹی آف تربت کے افیلیئیٹ کمیٹی کے اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

کروڑوں کی خورد برد کا الزام، ڈپٹی رجسٹرار ملتان بینچ کو عہدے سے ہٹانے کا نوٹیفکیشن جاری

لاہور (جی این ایم) ڈپٹی رجسٹرار شیخ ظہور احمد کو سٹنر افسر ظاہر کرنے پر عہدے سے ہٹانے کا نوٹیفکیشن جاری کر دیا گیا۔ نوٹیفکیشن کے مطابق شیخ ظہور احمد پر کروڑوں روپے کی مبینہ خورد برد کا بھی الزام ہے۔ چیف جسٹس لاہور ہائیکورٹ جسٹس عالیہ نیلم کے حکم پر شیخ ظہور احمد کو (باقی صفحہ 3 نمبر 17)

پاکستان اسٹاک ایکسچینج میں گزشتہ ہفتے ملا جلا رجحان رہا

کراچی (جی این ایم) پاکستان اسٹاک ایکسچینج کی ہفتہ وار اپ ڈیٹس سامنے آگئیں۔ پاکستان اسٹاک ایکسچینج میں گزشتہ کاروباری ہفتے میں ملا جلا رجحان رہا جہاں 100 انڈیکس 372 پوائنٹس اضافے سے 1 لاکھ 70 ہزار 884 پر بند ہوا۔ کاروباری ہفتے میں ہنڈرڈ انڈیکس (باقی صفحہ 3 نمبر 20)

ننکانہ صاحب، ٹرالے اور ڈالے میں تصادم، 2 افراد جاں بحق

ننکانہ صاحب (جی این ایم) ننکانہ صاحب اڈا بجلی گھر ایک ٹرالے اور ڈالے میں تصادم ہوا۔ حادثہ میں 2 افراد زندگی کی بازی ہار گئے، اطلاع پر پولیس کے اعلیٰ حکام اور امدادی ٹیموں نے موقع پر پہنچ کر ریسکیو آپریشن میں (باقی صفحہ 3 نمبر 24)

حکومت کے پاس عدالتی فیصلہ ہمارے پاس آئین ہے، شفیع جان

پشاور (جی این ایم) خیبر پختونخوا کے وزیر اطلاعات شفیع جان نے کہا ہے کہ اگر وفاقی حکومت کے پاس اسلام آباد ہائی کورٹ کا فیصلہ ہے تو ہمارے پاس آئین پاکستان ہے۔ ایک ٹی وی پروگرام کے دوران بات چیت کرتے (باقی صفحہ 3 نمبر 27)

ایران جنگ میں 22 امریکی فوجی ہلاک ہوچکے، امریکی اخبار

واشنگٹن (جی این ایم) امریکی اخبار واشنگٹن پوسٹ نے اپنی ایک رپورٹ میں دعویٰ کیا ہے کہ ایران جنگ میں کم از کم 22 امریکی فوجی ہلاک ہوچکے ہیں۔ رپورٹ کے مطابق ایران جنگ میں امریکی فوجیوں کی ہلاکتیں پینٹاگون کی جانب سے جاری کردہ اعداد و شمار سے کہیں زیادہ ہیں۔

گنداخہ، صوبائی وزیر لائیو اسٹاک سردارزادہ فیصل خان جمالی سے علاقائی عمائدین کی ملاقات

عوام کی خدمت اور حلقے کی ترقی اولین ترجیح ہے، مسائل کے حل میں غفلت برداشت نہیں کی جائے گی، سردارزادہ فیصل خان جمالی

گنداخہ (جی این ایم) صوبائی وزیر لائیو اسٹاک بلوچستان سردارزادہ فیصل خان جمالی سے معروف سیاسی و سماجی شخصیات سید غفار علی جمالی، میر ریاض حسین ہجوانی سمیت حلقہ انتخاب سے تعلق رکھنے والے عمائدین اور عوام نے گوٹھ سردار رستم خان جمالی بکھڑا میں ملاقات کی۔ ملاقات کے دوران علاقے کی مجموعی صورتحال، عوام کو درپیش مسائل، ترقیاتی امور اور مختلف علاقائی (باقی صفحہ 3 نمبر 18)

نصیر آباد، این ایچ اے کی غفلت سے ڈیرہ مراد جمالی کی مین قومی شاہراہ خستہ حالی کا شکار

سڑک پر گندا پانی جمع ہونے اور بڑے گڑھے بننے سے ٹریفک کی روانی متاثر، حادثات کا خدشہ، فوری مرمت کا مطالبہ

نصیر آباد (جی این ایم) نیشنل ہائی وے اتھارٹی (NHA) کی مبینہ غفلت اور عدم توجہی کے باعث ڈیرہ مراد جمالی سے گزرنے والی مین قومی شاہراہ کے مختلف مقامات پر سڑک شدید ٹوٹ پھوٹ کا شکار ہوچکی ہے، جس کے باعث مسافروں، عام شہریوں اور کاروباری حضرات کو شدید نوعیت کی مشکلات کا سامنا کرنا پڑ رہا ہے۔ شاہراہ کے دونوں اطراف قائم سیوریج نالوں (باقی صفحہ 3 نمبر 19)

نصیر آباد، گمبٹ اسپتال میں بلوچستان کے مریضوں کی معاونت

فوکل پرسن اصغر علی عمرانی کی خدمات کو عوامی حلقوں کی تحسین

نصیر آباد (جی این ایم) سندھ کے معروف اور جدید گمبٹ اسپتال میں حکومت بلوچستان کی جانب سے بلوچستان بھر سے علاج کی غرض سے آنے والے مختلف مریضوں کی مکمل رہنمائی اور معاونت کے لیے مقرر کردہ فوکل پرسن اصغر علی عمرانی اپنی ذمہ داریاں انتہائی احسن اور محنتی انداز (باقی صفحہ 3 نمبر 25)

صحافی نصیر احمد کاکڑ پر حملے کے خلاف سٹی پریس کلب کے سامنے احتجاجی مظاہرہ

صحافیوں پر حملے آزادی صحافت پر حملہ ہیں، ملوث ملزمان کو فوری گرفتار کیا جائے، جاوید لاسی

اوتھل (جی این ایم) ڈویژن لسبیلہ کے ضلعی ہیڈ کوارٹر اوتھل میں کوئٹہ کے سینئر صحافی و یو این اے نیوز ایجنسی کے بیورو چیف نصیر احمد کاکڑ پر ہونے والے حملے کے خلاف سٹی پریس کلب اوتھل کے سامنے احتجاجی مظاہرہ کیا گیا۔ احتجاجی مظاہرے کی قیادت یو این اے نیوز ایجنسی اوتھل (باقی صفحہ 3 نمبر 26)

صحبت پور، شدید گرمی میں غیر اعلانیہ لوڈشیڈنگ اور کیسکو کی نااہلی پر عوام سراپا احتجاج

کیسکو کے تبادلوں اور من مانیوں سے غریب صارفین پریشان، متعدد فیڈرز پر بجلی کی فراہمی معطل، فوری نوٹس لینے کا مطالبہ

صحبت پور (جی این ایم) صحبت پور ضلع بھر میں پڑنے والی شدید گرمی اور حبس کے دوران بجلی کی غیر اعلانیہ اور طویل لوڈشیڈنگ نے غریب عوام کی چیخیں نکلوا دی ہیں، جبکہ کیسکو حکام کے مسلسل تبادلوں اور مبینہ من مانیوں نے صارفین کی مشکلات میں مزید اضافہ کر دیا ہے۔ تفصیلات کے مطابق صحبت پور سٹی سمیت فیڈر شاہی واہ، فیڈر حیدر دین، فیڈر خیر پور، فیڈر اظہار خان اور (باقی صفحہ 3 نمبر 28)

امریکا تسلیم کرے جنگ کا نیا دور شروع ہوچکا ہے، محمد باقر قالیباف

جدید ترین امریکی جنگی طیارے اب ایرانی حملوں سے محفوظ نہیں رہے ہیں، سپیکر ایرانی پارلیمنٹ

تہران (جی این ایم) ایرانی پارلیمنٹ کے اسپیکر محمد باقر قالیباف نے دعویٰ کیا ہے کہ امریکا کے جدید جنگی طیارے اب ایرانی حملوں سے محفوظ نہیں رہے ہیں اور ٹرمپ کو یہ حقیقت تسلیم کرنا ہوگا۔ ایرانی میڈیا کے مطابق ان خیالات کا اظہار چیف مذاکرات کار اور پارلیمنٹ (باقی صفحہ 3 نمبر 29)



کوئٹہ، بلوچستان ووشو کنگفو ایسوسی ایشن کے صدر فیض اللہ خان کاکڑ اور دیگر پریس کانفرنس کر رہے ہیں

پی ٹی آئی کو کان پکڑ کر سمجھانا نہیں چاہتے، طلال چوہدری

وزیراعظم ہر تین ماہ بعد انسداد دہشت گردی سے متعلق اجلاس کرتے ہیں مگر سہیل آفریدی اس میں شرکت نہیں کرتے

27 ستمبر کی تاریخ آئے گی تو پتا چل جائے گا کہ ریاست اپنی رٹ کس طرح قائم کرتی ہے، وزیر مملکت داخلہ

اسلام آباد (جی این ایم) وزیر مملکت برائے داخلہ طلال چوہدری نے کہا ہے کہ ہم نہیں چاہتے کہ پی ٹی آئی کو اس دفعہ اسلام آباد آنے پر کان پکڑ کر سمجھائیں۔ ایک ٹی وی پروگرام میں بات چیت کرتے ہوئے طلال چوہدری نے کہا کہ 27 ستمبر کی تاریخ آئے گی تو پتا چل جائے گا کہ ریاست اپنی رٹ کس طرح قائم کرتی ہے۔ انھوں نے کہا کہ وزیراعظم ہر تین ماہ بعد انسداد دہشت گردی سے متعلق اجلاس کرتے ہیں مگر سہیل آفریدی اس میں شرکت نہیں کرتے، لیکن دو دن بعد پیسے مانگنے اور این ایف سی کا حصہ بڑھانے کے لیے آجاتے ہیں۔ وزیر مملکت برائے داخلہ کا مزید کہنا تھا کہ کے پی حکومت کو این ایف سی کے تحت جو 700 ارب روپے دیے جا چکے ہیں، پی ٹی آئی حکومت پہلے ان کا جواب دے۔

حوثی باغیوں کے حملے کا خطرہ، جدہ، طائف اور ینبوع میں خطرے کی وارننگ جاری

جدہ (جی این ایم) سعودی عرب کے شہروں جدہ، طائف اور ینبوع میں خطرے کی وارننگ جاری کی گئی۔ گزشتہ رات العلا، خمیس مشیط، جازان اور ابھا کے لیے بھی وارننگ جاری کی گئی۔ کچھ دیر بعد سعودی سول ڈیفنس کی (باقی صفحہ 3 نمبر 33)

پاکستان مرکزی مسلم لیگ کے زیر اہتمام حرمین شریفین کی حرمت پر احتجاجی مظاہرہ

حرمین شریفین ہر مسلمان کی ریڈ لائن ہیں، ان کے دفاع کیلئے کسی بھی قربانی سے دریغ نہیں کیا جائے گا، مقررین

کوئٹہ (جی این ایم) پاکستان مرکزی مسلم لیگ کوئٹہ کے زیر اہتمام مسجد روڈ کوئٹہ پر حرمین شریفین کی حرمت کے دفاع کے حوالے سے ایک کامیاب اور پر جوش احتجاجی مظاہرہ منعقد ہوا۔ مظاہرے کی صدارت صدر مرکزی مسلم لیگ بلوچستان عقیل احمد لغاری نے کی۔ مظاہرے میں کارکنان اور شہریوں کی بڑی تعداد نے شرکت کی۔ اس موقع پر عقیل احمد لغاری، حافظ شکیل احمد جمالی اور (باقی صفحہ 3 نمبر 32)

سیکیورٹی کونسل کی سعودی عرب پر حوثی حملوں کی شدید مذمت

نیویارک (جی این ایم) اقوام متحدہ کی سلامتی کونسل نے حوثیوں کی جانب سے سعودی عرب پر جاری حملوں کی سخت الفاظ میں مذمت کی ہے۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق جاری موقف میں کونسل نے خاص طور پر سعودی عرب (باقی صفحہ 3 نمبر 31)

لورالائی، نوتعمیر شدہ دکانیں عوام اور تاجروں کا مشترکہ حق ہیں، نعمت اللہ جلالزئی

غیر مستحق افراد میں دکانوں کی تقسیم لوکل گورنمنٹ ایکٹ کی خلاف ورزی ہے

لورالائی (جی این ایم) پشتونخوا نیشنل عوامی پارٹی کے صوبائی ڈپٹی سیکرٹری نعمت اللہ جلالزئی نے اپنے ایک اخباری بیان میں کہا کہ لورالائی میونسپل کمیٹی ایریا میں نوتعمیر شدہ دکانیں لوکل گورنمنٹ ایکٹ کے تحت عوام اور تاجروں کا مشترکہ حق ملکیت ہے۔ نااہل اور نالائق فارم 47 کے جعلی صوبائی حکومت اپنے چپراسی چیئرمین کے ذریعے اپنے منظور نظر غیر تاجر اور غیر مستحق افراد میں تقسیم کرکے قانون اور لورالائی تاجران دشمنی کے مرتکب ہوئے جو کہ لوکل گورنمنٹ 2010 ترمیمی ایکٹ (باقی صفحہ 3 نمبر 30)



کوئٹہ، بلوچستان ریفارمز سپورٹس کلب کے زیر اہتمام پرنسپل ڈاکٹر صفیہ مینگل، ڈاکٹر فرحت حسین، زارا خان، ملک عاصم، فاطمہ خان، پلوشہ خلجی اور دیگر پبلک ہیلتھ سکول میں سپورٹس فن گالا کی افتتاحی تقریب میں مختلف گیمز دیکھ رہے ہیں